بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
عکسی
جدید مترجم
وظائف الابرار کامل
مع اضافہ
مترجمہ
جناب مولانا حافظ فرمان علی صاحب مرحوم و مغفور
مصدقہ حضراتِ علماء کرام
ناشران
کتب خانہ اثنا عشری رجسٹرڈ لاہور
حلقہ نمبر ۲ مغل حویلی موچی دروازہ

عکسی

وظائف الابرار کامل مترجم جدید

معہ اضافہ

مترجمہ:

جناب مولانا حافظ فرمان علی صاحب قبلہ مرحوم و مغفور

مصدقہ حضرات علماء کرام

ناشران:

کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور

مغل حویلی اندرون موچی دروازہ

نقل توثیقات حضرات علمائے کرام

بِاللّٰہم ولہ الحمد

عمل اس رسالہ وظائف الابرار پر انشاء اللہ بے عیب ہے۔

حررہ خادم الشریعۃ الطاہر المطہر سید سبط حسین عفی عنہ

عبدہ سبط حسین النقوی

باسمہ سبحانہ ولہ الحمد عمل نمودن موافق این رسالہ وظائف الابرار و خواندن ادعیہ مذکورہ سورہ ہائے مذبورہ البتہ موجب اجر جزیل و ثواب جمیل می باشد جزی اللہ مولفہ خیر الجزاء و نفعا و جمیع المومنین بہا خیر الدنیا والاخرۃ۔ حررہ

السید آقا حسن عفی عنہ

الیس اللہ بکاف عبدہ السید آقا حسن

باسمہ سبحانہ سورہ ہائے قرآن مجید اور ادعیہ ماثورہ مثل دعائے کمیل اور دعائے مشلول وجوشن کبیر و صغیر و زیارت عاشورہ و اربعین و دیگر ادعیہ ماثورہ کا پڑھنا باجر و ثواب ہے۔ واللہ الموفق

محمد باقر الرضوی عفی عنہ جرائمہ

لا الہ الا القوی عبدہ محمد باقر بن محمد بن علی الرضوی

باسمہ سبحانہ اس رسالہ وظائف الابرار کے سورہ ہائے قرآنی و ادعیہ وغیرہ کا پڑھنا انشاء اللہ تعالیٰ اجر و ثواب ہے ...... کتبہ بیمنا و الدائرۃ الوازۃ دہ

عبد السید محمد حسین

ادنی کتابہا فی الاخرۃ

لا الہ الا ہو العلی القوی عبدہ محمد حسین ابن ابن علی ۱۳۳۱ ہجری

باسمہ سبحانہ فضل و شرف سورہ ہائے قرآن کے پڑھنے کا محتاج بیان نہیں ہے اور اسی طرح جو دعائیں کہ حضرات معصومین علیہم السلام سے منقول و ماثور ہیں اور اس کتاب میں درج ہیں انکا پڑھنا مستحب اور مستحسن اور باعث اجر و ثواب ہے۔ فقط۔

نجم الحسن عفی عنہ

سنہ ۱۳۰۸ لا الہ الا اللہ ولی المنن عبدہ السید نجم الحسن

کیا فرماتے ہیں حضور مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر والزمان دامت برکاتہم دریں باب کہ سورہ یٰسین، سورۂ واقعہ، سورۂ رحمٰن، سورۂ مزمل، سورۂ فتح، سورۂ نبأ، دعائے جوشن کبیر و صغیر و مشلول و صد سبحان و دعائے کمیل، دعائے توسل، اعمال عاشورہ و اعمال اربعین و اعمال شب قدر کا پڑھنا سرکار شریعتمدار کے نزدیک جائز و ثواب ہے، بینوا توجروا۔

الجواب باللہ التوفیق

ان سوروں اور دعاؤں کا پڑھنا بہت ثواب ہے، واللہ الموفق

ناصر حسین عفی عنہ بقلمہ

لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین عبدہ ناصر حسین بن العلامۃ السید حامد حسین الموسوی النیشاپوری۔

فہرست سُورتہائے ووظائف وادعیہ

اَسْنَادِ سُوْرَہ یٰسٓ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور
قرآن مجید کا دل سورۂ یٰسین ہے، جو شخص دن میں اس سورے کی تلاوت کرے اُس روز
خدا کی امان میں رہے گا۔ اگر شب کو سونے سے پیشتر تلاوت کرے خداوند عالم ایک
ہزار فرشتے اُس پر مقرر کرے گا کہ اس کے واسطے مرنے کے وقت تک استغفار کریں، اور
بعد میں اسکے جنازے کے ہمراہ استغفار کرتے ہوئے جائیں، قبر میں ہمراہ رہیں، قیامت تک
عبادت الٰہی میں مشغول رہیں اور ثواب اس کا اُس بندے کو بخشیں، اُس کی قبر کو کشادہ
کریں جہاں تک کہ نگاہ پہنچتی ہے ہمیشہ اس کی قبر سے نور طالع جو آسمان تک پہنچے
جس وقت وہ اپنی قبر سے اُٹھے تو فرشتے اس کے ہمراہ ہوں، جو ہنس ہنس کر اس سے
باتیں کریں، ہر نعمت کی اُسے خوشخبری دیں حتیٰ کہ صراط و میزان سے گزار کر ملائکہ مقربین
اور انبیاء مرسلین کے مقام تک پہنچاویں جن کی رفاقت میسر آئے بعد اُس کے خطاب
رب العزت کا اس کو یہ پہنچے کہ اے میرے بندے اگر تو چاہے شفاعت کر کہ شفاعت
تیری لوگوں کے حق میں مقبول ہے اور جو کچھ تو مجھ سے چاہے طلب کہ تمام مقصود تیرے
تجھ کو عنایت کر دوں گا پس جس کی وہ بندہ شفاعت کرے گا اور وہ جو کچھ طلب کریگا
اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا۔ ہرگز اس کا حساب نہ کرے گا اور کسی گناہ کا اس
سے مواخذہ نہ ہوگا۔ قیامت کے دن لوگ اس کا مرتبہ دیکھکر کہیں گے سبحان اللہ
اس بندے سے کوئی چھوٹا گناہ بھی نہیں ہوا ہے کہ اس کا مواخذہ ہوا اور جناب
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص قربتہً الی اللہ اس سورے
کو پڑھے اس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے اور ثواب بارہ قرآن مجید کے ختم
کرنے کا اس کو حاصل ہوگا۔ اور دوسری روایت میں وارد ہے کہ بائیس ۲۲ قرآن کے ختم
کا ثواب اُس کو ملے گا اگر بیمار کے سرہانے اس سورے کو پڑھیں تو بشمار ہر حرف
کے دس دس فرشتے اُس کے پاس حاضر ہوں اور اس کے لئے بخشش چاہیں حتیٰ
کہ اگر روح بھی اس کی قبض ہو اُس کے جنازے کے ہمراہ جائیں اور اس پر نماز
پڑھیں اور درود بھیجیں یہاں تک کہ اُسکو دفن کیا جائے پھر عذاب سے اُس کی
حفاظت کریں اور جو بیمار مرتے وقت اس سورے کو پڑھے یا اور کوئی شخص اس کے
پاس پڑھے رضوان داروغۂ بہشت شراب حوض کوثر سے لیکر آئے وہ اسے نوش کرے

اور اسے بہشت کی خوشخبری دے اور شراب خوشگوار بہشت سے سیراب ہو کر مرے اور سیراب ہو کر قبر سے اُٹھے بلکہ سیراب ہی بہشت میں جائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس سورے کو معمّہ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ اسے پڑھنے والے اور سننے والے کو دنیا و آخرت کی بہتری علی العموم حاصل ہوتی ہے اور اس کو دافع بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ اپنے پڑھنے والے سے بلائیں دُنیا و آخرت کی دفع کرتی ہے اور اس کو قاضیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ پڑھنے والے کی تمام حاجتیں دُنیا و آخرت کی برلاتی ہے جو شخص اس کو ایکبار پڑھے اسے بیس حج کا ثواب ہوتا ہے اور جو کوئی شخص اُسے سُنے اُسے ثواب مثل اُس شخص کے ہوتا ہے جس نے ہزار دینار سونے کے راہ خدا میں دیئے ہوں اور جو شخص اُسے لکھے اور دھو کر پیئے تو ہزار شفائیں اور ہزار نور اور ہزار برکت اور ہزار رحمت اس کے بطن میں داخل ہوں اور تمام جسمانی بیماریاں دفع ہوں اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس کو مقبرے میں تخفیف عذاب کی نیت سے پڑھے وہاں کے مردوں کا عذاب دور ہو جائے، اور بحساب اُن لوگوں کے جو اس مقبرے میں دفن ہیں اُسے حسنات حاصل ہوں۔

آیاتها ۸۳ — سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ (۳۶) (۴۱) — رکوعاتها ۵

سورہ یٰسین واذا قیل لھم الایۃ کے سوا پورا سورہ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی ترا۸۳سی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ

یٰسین! اس پُر از حکمت قرآن کی قسم (اے رسول) تم بلا شک یقینی

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ

پیغمبروں میں سے ہو (اور دین کے بالکل) سیدھے راستے

مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝

پر (ثابت قدم) ہو، جو بڑے مہربان (اور) غالب (خدا) کا نازل کیا ہوا ہے

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ

تاکہ تم ان لوگوں کو (عذاب خدا سے) ڈراؤ جن کے باپ دادا (تم سے پہلے کسی پیغمبر

غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى

سے) ڈرائے نہیں گئے تھے تو وہ (دین سے بالکل) بیخبر ہیں، ان میں اکثر پر تو (عذاب کی)

اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا

باتیں یقیناً بالکل ٹھیک پوری اتریں یہ لوگ تو ایمان لائیں گے نہیں، ہم نے

جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

ان کی گردنوں میں (بھاری بھاری لوہے کے) طوق ڈالدیئے ہیں اور ٹھڈیوں تک پہونچے

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

ہوئے ہیں کہ وہ گردنیں اٹھائے ہوئے ہیں (سر جھکا نہیں سکتے) ہم نے ایک

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ

دیوار ان کے آگے بنادی ہے اور ایک دیوار ان کے

سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○

پیچھے، پھر اوپر سے ان کو ڈھانک دیا ہے تو وہ کچھ دیکھ ہی نہیں سکتے،

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اور (اے رسول) ان کیلئے برابر ہے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ

یہ (کبھی) ایمان لانے والے نہیں ہیں، تم تو بس اسی شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت مانے

وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ج فَبَشِّرْهُ

اور بے دیکھے بھالے خدا کا خوف رکھے، تو تم اس کو (گناہوں کی) معافی

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ○ اِنَّا نَحْنُ

اور ایک باعزت (وآبرو) اجر کی خوشخبری دے دو، ہم بھی یقیناً مُردوں

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ

کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ لوگ پہلے کر چکے ہیں (انکو) اور انکی (اچھی بُری باقی ماندہ)

اٰثَارَهُمْ ط وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ

نشانیوں کو لکھتے جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک صریح و روشن پیشوا میں گھیر

اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ○ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

دیا ہے، اور (اے رسول) تم (ان سے) مثال کے طور پر

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ج

ایک گاؤں (انطاکیہ) والوں کا قصّہ بیان کرو کہ جب وہاں ہمارے پیغمبر آئے

وقف غفران ۰ ع ۱۲ ۱۸

وقف لازم

إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا

اسطرح کہ جب ہم نے انکے پاس دو پیغمبر (یوحنا و یونس) بھیجے تو ان لوگوں دونوں کو جھٹلایا

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ إِلَيْكُم

تب ہم نے ایک تیسرے (پیغمبر شمعون) سے (ان دونوں کو) مدد دی تو ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے

مُّرْسَلُونَ ۝ قَالُوا مَآ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

پاس (خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہیں، وہ لوگ کہنے لگے کہ تم لوگ بھی تو بس ہمارے ہی سے آدمی

مِّثْلُنَا وَمَآ أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَيْءٍ

ہو، اور خدا نے کچھ نازل (دازل) نہیں کیا ہے، تم

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا

سب بالکل جھوٹے ہو، تب ان پیغمبروں نے کہا کہ ہمارا

يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ

پروردگار جانتا ہے کہ ہم یقیناً اسی کے بھیجے ہوئے آئے ہیں، اور تم مانو یا نہ مانو ہم پر

إِلَّا الْبَلَٰغُ الْمُبِينُ ۝ قَالُوٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

تو بس کھلم کھلا (احکام خدا کے) پہنچا دینا فرض ہے، وہ بولے ہم نے تم لوگوں کو بہت نحس

بِكُمْ لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم

قدم پایا (کہ تمہارے آتے ہی قحط میں مبتلا ہوئے) تو اگر تم (اپنی باتوں سے) باز نہ آؤ گے تو ہم

مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ قَالُوا طَآئِرُكُم

لوگ تمہیں ضرور سنگسار کر دینگے اور تمکو یقینی ہمارا دردناک عذاب پہنچے گا، پیغمبروں نے کہا تمہاری بدشگونی

مَّعَكُمْ ۚ أَئِن ذُكِّرْتُم ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ

(تمہاری کرنی ہے) تمہارے ساتھ ہے، کیا جب نصیحت کیجاتی ہے (تو تم اسے بدفالی کہتے ہو، نہیں)

مُّسْرِفُوْنَ ○ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

بلکہ تم خود اپنی حد سے بڑھ گئے ہو اور اتنے میں شہر کے اس سرے سے ایک شخص (حبیب نجار)

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾

دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا اے میری قوم (ان پیغمبروں کا کہنا مانو ، ایسے لوگوں

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ

کا ضرور کہنا مانو جو تم سے (تبلیغ رسالت کی) کچھ مزدوری نہیں مانگتے اور وہ لوگ

مُّهْتَدُوْنَ ○ وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ

ہدایت یافتہ بھی ہیں ، اور مجھے کیا (خبط) ہوا ہے کہ جس نے مجھے پیدا کیا ہے اسکی

فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ ءَاَتَّخِذُ

عبادت نہ کروں حالانکہ تم سب کے سب (آخر) اسکی طرف لوٹ کر جاؤ گے ، کیا میں اسے چھوڑ

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

کر دوسروں کو معبود بنا لوں ، اگر خدا مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا

نہ ان کی سفارش ہی میرے کچھ کام آسکے گی اور نہ یہ لوگ

وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ○ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

مجھے (اس مصیبت سے) چھڑا سکیں گے (اگر ایسا کروں) تو اس وقت میں یقینی

مُّبِيْنٍ ○ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿ط﴾

صریح گمراہی میں ہوں ، میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا ہوں تو میری بات

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

سنو اور مانو ، (مگر ان لوگوں نے اسے سنگسار کر ڈالا) تب اسے خدا کا حکم ہوا کہ بہشت

يَعْلَمُوْنَ ۙ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ

میں جا (اس وقت بھی اسے قوم کا خیال آیا تو کہا) میرے پروردگار نے جو مجھے بخش دیا اور

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى

مجھے بزرگ لوگوں میں شامل کر دیا، کاش اس کو میری قوم کے لوگ جان لیتے اور

قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ

ایمان لاتے، اور ہم نے اس کے (مرنے کے) بعد اس کی قوم پر ان کی تباہی کیلئے نہ تو آسمان

السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ

سے کوئی لشکر اتارا اور نہ ہم کبھی اتنی سی بات کیواسطے لشکر اتارنے والے تھے، وہ تو

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

ایک چنگھاڑ تھی (جو کر دی گئی بس) پھر تو وہ فوراً (چراغ سحری کی طرح) بجھ

خٰمِدُوْنَ ۝ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ

کر رہ گئے، ہائے افسوس! بندوں کے حال پر

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

کہ کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر ان لوگوں نے ان کے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

ساتھ مسخرا پن ضرور کیا، کیا ان لوگوں نے اتنا بھی غور نہیں کیا کہ ہم

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ

نے ان سے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر ڈالا اور وہ لوگ ان کے پاس ہرگز پلٹ کر

لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ط وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ

نہیں آ سکتے، (ہاں) البتہ سب کے سب اکٹھا ہو کر ہماری

وقف غفران

ع ۲۰ ۱

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ وَ اٰيَةٌ لَّهُمُ

بارگاہ میں حاضر کئے جائیں گے اور ان (کے سمجھنے) کیلئے (میری

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَ اَخْرَجْنَا

قدرت کی) ایک نشانی مردہ (پڑی) زمین ہے کہ ہم نے اس کو (پانی سے) زندہ کر

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

دیا اور (ہم ہی نے) اس سے دانہ نکالا تو اسے یہ لوگ کھایا کرتے ہیں، اور ہم نے (اس) زمین

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ

میں چھواروں اور انگوروں کے باغ لگائے

وَّ فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝ لِيَاْكُلُوْا

اور ہم ہی نے اس میں پانی کے چشمے جاری کئے، تاکہ لوگ

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَ مَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ

ان کے پھل کھائیں، اور کچھ ان کے ہاتھوں نے اسے نہیں بنایا

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

(بلکہ خدا نے) تو کیا اس پر شکر نہیں کرتے، وہ (ہر عیب سے) پاک صاف ہے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

جس نے زمین سے اُگنے والی چیزوں اور خود ان لوگوں کے اور ان چیزوں

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا

کے جن کی انہیں خبر نہیں سب کے جوڑے پیدا

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَ اٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ

کئے، اور (میری قدرت کی) ایک نشانی رات ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکال لیتے ہیں (زائل کر دیتے ہیں) تو اس وقت یہ لوگ اندھیرے میں رہ

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

جاتے ہیں، اور ایک نشانی آفتاب ہے جو اپنے ٹھکانے پر چل رہا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ؕ۝ وَالْقَمَرَ

یہ (سب سے) غالب واقف کار (خدا) کا (باندھا ہوا) اندازہ ہے، اور ہم نے چاند

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

کے لئے منزلیں مقرر کر دی ہیں، یہانتک کہ ہر پھر کے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی

الْقَدِیْمِ ۝ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ

کا سا (پتلا ٹیڑھا) ہو جاتا ہے نہ تو آفتاب ہی سے یہ بن پڑتا ہے کہ وہ ماہتاب کو

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ

جا لے اور نہ رات ہی دن سے آگے بڑھ سکتی ہے، (چاند، سورج

النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝

ستارے) ہر ایک (اپنے اپنے) آسمان (مدار) میں چکر لگا رہے ہیں،

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ

اور ان کیلئے (میری قدرت کی) ایک نشانی یہ ہے کہ ان کے بزرگوں کو (نوح کی) بھری

فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۙ۝ وَخَلَقْنَا

ہوئی کشتی میں سوار کیا، اور اس کشتی کے مثل

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ۝ وَاِنْ

ان لوگوں کے واسطے بھی وہ چیزیں (کشتیاں جہاز) پیدا کر دیں جن پر یہ لوگ خود سوار

نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَ

ہوا کرتے ہیں، اور اگر ہم چاہیں تو ان سب لوگوں کو ڈبو دیں پھر نہ کوئی ان کا فریادرس

لَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

ہوگا اور نہ وہ لوگ چھٹکارا ہی پا سکتے ہیں، مگر ہماری مہربانی سے (اور چونکہ ایک

وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ

(خاص) وقت تک انکو چین کرنے دینا منظور ہے، اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے

اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ

کہ (اس عذاب سے) بچو (جو ہر وقت تمہارے ساتھ ساتھ) تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَمَا تَاْتِيْهِمْ

(موجود) ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے تو پرواہ نہیں کرتے اور ان کی حالت یہ ہے کہ

مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا

جب ان کے پروردگار کی نشانیوں میں کوئی نشانی ان کے پاس آئی، تو یہ لوگ

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

منہ موڑے بغیر کبھی نہ رہے، اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ

کہ (مال دُنیا سے) جو خدا نے تمہیں دیا ہے اُس میں سے (کچھ خدا کی راہ میں بھی) خرچ

كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ

کرو تو یہ کفار ایمانداروں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم اس شخص کو کھلائیں جسے

لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

(تمہارے خیال کے موافق) خدا چاہتا تو اس کو خود کھلاتا، تم لوگ بس صریحی گمراہی

فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ○ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ

میں (پڑے ہوئے) ہو ، اور کہتے ہیں کہ (بھلا) اگر تم لوگ

هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○

(اپنے دعوے میں) سچے ہو تو آخر یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا ،

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً

(اے رسول) یہ لوگ ایک سخت چنگھاڑ (صور) کے منتظر ہیں جو انہیں (اس وقت)

تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ○ فَلَا

لے ڈالے گی جب یہ لوگ باہم جھگڑ رہے ہوں گے ، پھر نہ تو

يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ

یہ لوگ وصیت ہی کرنے پائیں گے اور نہ اپنے لڑکے بالوں ہی کی طرف

يَرْجِعُونَ ○ ع وَنُفِخَ فِي الصُّورِ

لوٹ کر جا سکیں گے ، اور پھر جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا

فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ

تو اسی دم یہ سب لوگ (اپنی اپنی) قبروں سے (نکل نکل کے) اپنے پروردگار (کی بارگاہ)

يَنسِلُونَ ○ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا

کی طرف چل کھڑے ہوں گے اور (حیران ہو کر) کہیں گے ہائے افسوس! (ہم تو پہلے سوتے)

مِن مَّرْقَدِنَا ۜ سکتۃ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ

(تھے) ہمیں اپنی خوابگاہ سے کس نے اٹھایا (جواب آئے گا) کہ یہ وہی (قیامت) کا دن ہے

وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ○ إِن كَانَتْ

جس کا خدا نے بھی وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی سچ کہا تھا (قیامت تو) بس ایک سخت

ع ۳ ۱۸ ۲

وقف منزل ، وقف غفران
وقف لازم

إِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ

چنگھاڑ ہوگی پھر ایکا ایکی یہ لوگ سب کے سب ہمارے حضور میں حاضر

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ○ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

کیے جائیں گے ، پھر آج (قیامت کے دن)

نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ

کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور تم لوگوں کو تو اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو

تَعْمَلُوْنَ ○ إِنَّ أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

تم لوگ (دنیا میں) کیا کرتے تھے ، بہشت کے رہنے والے آج (روز قیامت) ایک

فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ○ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ

ایک مشغلے میں جی بہلا رہے ہیں ، وہ اپنی بی بیوں کے ساتھ (ٹھنڈی)

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْأَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ○

چھاؤں میں تکیے لگائے تختوں پر (چین سے) بیٹھے ہوئے ہیں ، بہشت

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ○

میں ان کے لئے (تازہ) میوے (تیار) ہیں اور جو وہ چاہیں ان کے لئے حاضر ہے ،

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ وَ

مہربان پروردگار کی طرف سے سلام کا پیغام آئے گا ، اور

امْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○

(ایک آواز آئے گی کہ) اے گنہگارو تم لوگ ان سے الگ ہو جاؤ ،

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ أَنْ لَّا

اے آدم کی اولاد کیا میں نے تمہارے پاس یہ حکم نہیں بھیجا تھا کہ (خبردار)

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

شیطان کی پرستش نہ کرنا وہ یقینی تمہارا کھلم کھلا دشمن

مُّبِيْنٌ ۝ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

ہے، اور یہ کہ دیکھو صرف میری عبادت کرنا یہی نجات

مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا

کی سیدھی راہ ہے اور (باوجود اس کے) اس نے تم میں سے بہتیروں کو

كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰذِهٖ

گمراہ کر چھوڑا، تو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے تھے، یہ وہی

جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا

جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ تو اب چونکہ تم

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ اَلْيَوْمَ

کفر کرتے تھے اس وجہ سے آج اس میں (چپکے سے) چلے آؤ، آج ہم ان کے

نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ

مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو (جو) کارستانیاں یہ لوگ (دنیا میں)

وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

کر رہے تھے خود اُن کے ہاتھ ہم کو بتا دیں گے اور اُن کے پاؤں گواہی دیں گے

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ

اور اگر چاہیں تو ان کی آنکھوں پر جھاڑو پھیر دیں تو یہ لوگ راہ کو پڑے

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝

چکر لگاتے ڈھونڈتے پھریں مگر کہاں دیکھ پائیں گے،

وقف غفران

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ

اور اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ ہیں (وہیں) ان کی صورتیں بدل کر (پتھر مٹی) بنا دیں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ع

پھر نہ تو ان میں آگے جانے کا قابو رہے اور نہ گھر لوٹ سکیں ،

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ط

اور ہم جس شخص کو بہت زیادہ عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں الٹ (کر بچوں کی طرح

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ

مجبور کر) دیتے ہیں تو کیا وہ لوگ سمجھتے نہیں ، اور ہم نے اس (پیغمبر) کو شعر کی تعلیم دی

وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

ہے اور نہ شاعری اسکے شان کے لائق ہے یہ کتاب تو بس (بڑی) نصیحت اور صاف صاف

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ○ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ

قرآن ہے تاکہ جو زندہ (دل غافل) ہو اسے (عذاب سے) ڈرائے اور کافروں پر (عذاب

حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○

کا) قول ثابت ہو جائے (اور حجت باقی نہ رہے) کیا ان لوگوں نے اس

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ

پر غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدے کے لئے چار پائے اس چیز سے پیدا کئے جسے

اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ○

ہماری ہی قدرت نے بنایا تو یہ لوگ (خواہ مخواہ) مالک بن گئے۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ

اور ہم ہی نے چار پایوں کو ان کا مطیع بنا دیا تو بعض ان کی سواریاں ہیں اور

مِنْهَا يَأْكُلُونَ ۝ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ

بعض کو کھاتے ہیں اور چارپایوں میں ان کے (اور) بہت سے

وَمَشَارِبُ ۚ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ۝ وَاتَّخَذُوا

فائدے ہیں اور پینے کی چیز (دودھ) تو کیا یہ لوگ اس پر بھی شکر نہیں کرتے ،

مِنْ دُونِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ۝

اور لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر فرضی معبود بنائے ہیں تاکہ انہیں ان سے کچھ مدد ملے ،

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ

حالانکہ وہ لوگ ان کی کسی طرح مدد کر ہی نہیں سکتے اور یہ کفار اُن معبودوں کے

جُنْدٌ مُّحْضَرُونَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ

لشکر ہیں (اور قیامت میں) ان سب کی حاضری کیجائے گی تو (اے رسول) تم ان کی باتوں

قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَ

سے آزردہ خاطر نہ ہو جو کچھ یہ لوگ چھپا کر کرتے ہیں یا کھلم کھلا کرتے ہیں ہم سب

مَا يُعْلِنُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ

کو یقینی جانتے ہیں ، کیا آدمی نے اس پر بھی غور نہیں کیا ہے کہ

أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ

ہم ہی نے اس کو ایک (ذلیل) نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ یکایک ہمارا

خَصِيمٌ مُّبِينٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا

ہی کھلم کھلا مقابل بنا ہے اور ہماری نسبت باتیں بنانے لگا

مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

اور اپنی خلقت کی حالت بھول گیا ، اور کہنے لگا کہ بھلا جب بر

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ○ قُلْ يُحْيِيْهَا

ہڈیاں (سڑ گل کر) خاک ہو جائیں گی تو پھر کون دوبارہ زندہ کر سکتا ہے، (اے رسولؐ)

الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ

تم کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو (جب یہ کچھ نہ تھا) پہلی مرتبہ

بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ○ ۨ الَّذِيْ جَعَلَ

زندہ کر دکھایا وہ ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے جس نے تمہارے واسطے (مرخ

لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ

اور عفار) ہرے درخت سے آگ پیدا کر دی، پھر

اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ○ اَوَلَيْسَ

تم اُس سے اور آگ سلگا لیتے ہو، بھلا جس خدا نے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سارے آسمان . اور زمین پیدا کئے کیا وہ اس پر

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

قابو نہیں رکھتا کہ اُن کے مثل (دوبارہ) پیدا کر دے

وقف غفران

بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○ اِنَّمَآ

ہاں! (ضرور قابو رکھتا ہے) اور وہ تو پیدا کرنے والا واقفکار ہے، اس

اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ

کی شان تو یہ ہے کہ جب کسی چیز کو (پیدا کرنا) چاہتا ہے تو وہ کہہ دیتا ہے

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ

کہ ہو جا تو (فوراً) ہو جاتی ہے، تو وہ خدا (ہر نقص سے) پاک صاف

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ

ہے جس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم لوگ اسی

تُرْجَعُوْنَ ۝

کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

اسناد سورۃ الفتح

اس سورۂ مبارکہ کے فضائل بے شمار ہیں ، مخبر صادق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی جان و مال عورتوں اور لونڈیوں کی حفاظت چاہتا ہے وہ اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے ، اور جو شخص ہمیشہ اس سورہ کو پڑھے گا روز محشر ایک آواز آئے گی کہ اے بندے تو میرے خالص بندوں سے ہے اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کو میرے خاص بندوں میں شامل کردو - اور بہشت کی نعمتوں اور شراب طہور سے سیراب کرو۔

اٰیاتُہا (۲۹) سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ (۴۸) (۱۱۱) رُکُوْعَاتُہا (۴)

سورۂ فتح مدینہ میں نازل ہوا۔ اور اس کی انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ

(اے رسول یہ حدیبیہ کی صلح نہیں بلکہ) ہم نے حقیقتاً تم کو کھلم کھلا فتح عطا کی تاکہ خدا

لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا

تمہاری امت کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کردے اور تم پر

تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ

اپنی نعمت پوری کرے اور تمہیں

ع ۱۶ ۵ ۴

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ

سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھے ، اور خدا تمہاری زبردست

نَصْرًا عَزِيْزًا ۞ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

مدد کرے ، وہ وہی (خدا) تو ہے جس نے

السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ

مومنین کے دلوں میں تسلی نازل فرمائی

لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ

تاکہ اپنے (پہلے) ایمان کے ساتھ اور ایمان کو بڑھائیں

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور سارے آسمان وزمین کے لشکر تو خدا ہی کے ہیں ،

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ ۞ لِّيُدْخِلَ

اور خدا بڑا واقف کار حکیم ہے ، تاکہ مومن مرد

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اور مومنہ عورتوں کو (بہشت) کے باغوں میں جا پہنچائے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ

جن کے نیچے نہریں جاری ہیں یہ وہاں ہمیشہ رہیں گے اور

يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ

ان کے گناہوں کو ان سے دور کردے اور یہ

عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ ۞ وَّيُعَذِّبَ

خدا کے نزدیک بڑی کامیابی ہے اور منافق مرد

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

مرد اور منافق عورتیں اور مشرک مرد

وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ

اور مشرک عورتوں پر جو خدا کے حق میں بُرے بُرے خیال رکھتے

السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ

ہیں عذاب نازل کرے اُن پر (مصیبت) کی بڑی گردش ہے، اور خدا اُن

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ

پر غضب ناک ہے اور اُس نے اُن پر لعنت کی ہے اور اُن کے لئے جہنم

جَهَنَّمَ ۭ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ○ وَلِلّٰهِ

کو تیار کر رکھا ہے اور وہ (کیا) بُری جگہ ہے، اور سارے

جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ

آسمان اور زمین کے لشکر خدا ہی کے ہیں اور خدا

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

تو بڑا واقف کار اور غالب ہے، (اے رسولؐ) ہم نے تم کو (تمام

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ○ لِّتُؤْمِنُوْا

عالم کا) گواہ اور خوشخبری دینے والا اور دھمکی دینے والا (پیغمبر بنا کر) بھیجا

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَ

تاکہ (مسلمانو) تم لوگ خدا اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اسکی مدد

تُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

کرو اور اُس کو بزرگ سمجھو اور صبح و شام اس کی

أَصِيلًا ○ إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا

تسبیح کرو، بے شک جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ خدا ہی سے

يُبَايِعُونَ اللَّهَ ط يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ج

بیعت کرتے ہیں، خدا کی قوت و قدرت تو سب کی قوت پر غالب ہے

فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ج

تو جو عہد کو توڑے گا تو اپنے نقصان کے لئے عہد توڑتا ہے،

وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ

اور جس نے اس بات کو جس کا اس نے خدا سے عہد کیا ہے پورا کیا

فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ○ سَيَقُولُ

ع ۱۰ / ۹

تو اس کو عنقریب ہی اجر عظیم عطا فرمائے گا، جو گنوار دیہاتی

لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا

(حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے اب وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور

أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ج

لڑکے بالوں نے روک رکھا تھا تو آپ ہمارے واسطے (خدا سے) مغفرت کی دعا

يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي

مانگئے یہ لوگ اپنی زبان سے ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل

قُلُوبِهِمْ ط قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ

میں نہیں (اے رسول) تم کہہ دو کہ اگر خدا تم لوگوں کو نقصان

اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ

پہنچانا چاہے یا تمہیں فائدہ پہنچانے کا ارادہ کرے تو خدا کے مقابلے میں

اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ط بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

تمہارے لئے کس کا بس چل سکتا ہے بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو خدا

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ

اس سے خوب واقف ہے (یہ فقط تمہارے حیلے ہیں) بات یہ ہے کہ

لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى

تم یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ رسولؐ اور مومنین ہرگز کبھی اپنے لڑکے

اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

بالوں میں پلٹ کر آنے ہی کے نہیں (اور سب مار ڈالے جائیں گے) اور یہی بات

وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا

تمہارے دلوں میں کھپ گئی تھی اور (اسی وجہ سے) تم طرح طرح کی بدگمانیاں کرنے

بُوْرًا ۝ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ

لگے تھے اور آخر کار تم لوگ آپ برباد ہوئے، اور جو شخص خدا اور اس کے رسول

رَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

پر ایمان نہ لائے تو ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے جہنم کی آگ تیار کر

سَعِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

رکھی ہے، اور سارے آسمان اور زمین کی بادشاہت خدا

الْاَرْضِ ط يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ

ہی کی ہے جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے سزا

يَّشَآءُ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ

دے اور خدا تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے، (مسلمانو) اب جو

الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انْطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ

تم (خیبر کی) غنیمتوں کو لینے جانے لگو گے تو جو لوگ (حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے

لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ

تھے تم سے کہیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو یہ چاہتے ہیں کہ خدا کے

أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُلْ لَنْ تَتَّبِعُونَا

کلام کو بدل دیں، (صاف) کہہ دو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ

كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِنْ قَبْلُ ۖ فَسَيَقُولُونَ

چلنے نہیں پاؤ گے، خدا نے پہلے ہی سے ایسا فرما دیا ہے تو یہ لوگ کہیں گے کہ

بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ

تم لوگ تو ہم سے حسد رکھتے ہو (خدا ایسا کیا کہے گا) بات یہ ہے کہ یہ لوگ بہت

إِلَّا قَلِيلًا ۝ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ

ہی کم سمجھتے ہیں، جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے اُن سے کہہ دو کہ عنقریب ہی تم

الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي

ایک سخت جنگجو قوم کے (ساتھ لڑنے کے) لئے بلائے جاؤ گے کہ تم (یا تو) ان سے لڑتے

بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ

ہی رہو گے، یا وہ مسلمان ہو جائیں گے

فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ

پس اگر تم (خدا کا) حکم مانو گے تو خدا تم کو اچھا بدلہ دے گا،

وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ

اور اگر تم نے جس طرح پہلی دفعہ سرتابی کی تھی اب بھی سرتابی کرو گے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لَيْسَ عَلَى

تو وہ تم کو درد ناک عذاب کی سزا دے گا، (جہاد سے پیچھے رہ جانیکا) نہ تو

الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ

اندھے ہی پر کچھ گناہ ہے اور نہ لنگڑے ہی پر کچھ گناہ

وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَن يُطِعِ

اور نہ بیمار پر گناہ ہے، اور جو شخص خدا اور

اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اس کے رسول کا حکم مانے گا تو وہ اس کو (بہشت کے) ان سدا بہار

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَمَن يَتَوَلَّ

باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور جو سرتابی کرے گا

يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لَقَدْ رَضِيَ

وہ اس کو دردناک عذاب کی سزا دے گا، جس وقت مومنین تم سے

اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ

درخت کے نیچے (لڑنے مرنے) کی بیعت کر رہے تھے تو خدا ان سے (اس بات)

تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ

ضرور خوش ہوا غرض جو کچھ ان کے دلوں میں تھا خدا نے اسے دیکھ لیا، پھر

فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا

ان پر تسلی نازل فرمائی اور انھیں اسکے عوض

قَرِيبًا ۝ وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا ۗ

میں بہت جلد فتح عنایت کی، اور اسکے علاوہ بہت سی غنیمتیں (بھی) جو انہوں نے حاصل کیں

ع ۲ ۷ نصف

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ وَعَدَكُمُ

(عطا فرمائیں) اور خدا تو غالب اور حکمت والا ہے ، خدا نے تم سے بہت سی

اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ

غنیمتوں کا وعدہ فرمایا تھا کہ تم ان پر قابض ہوگے تو اس نے تمہیں یہ

لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ج

(خیبر کی غنیمت) جلدی سے دلوادی اور (حدیبیہ سے) لوگوں کی دست درازی کو

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ

تم سے روک دیا اور غرض یہ تھی کہ یہ مومنین کے لئے (قدرت کا) نمونہ ہو،

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ○ لا وَّاُخْرٰى لَمْ

اور خدا تم کو سیدھی راہ پر لے چلے ، اور دوسری (غنیمتیں بھی دیں)

تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ط

جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور) خدا ہی ان پر حاوی تھا

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ○

اور خدا تو ہر چیز پر قادر ہے ،

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

اور اگر کفار تم سے لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا

بھاگ جاتے پھر وہ نہ (اپنا) کسی کو سرپرست ہی پاتے

نَصِيْرًا ○ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

اور نہ مددگار ، یہی خدا کی عادت ہے جو پہلے ہی سے چلی

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

آتی ہے ، اور تم خدا کی عادت بدلتے

تَبْدِيْلًا ○ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

نہ دیکھو گے ، اور وہ وہی تو ہے جس نے تم کو ان کفار

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ

پر فتح دینے کے بعد مکہ کی سرحد میں ان کے ہاتھ تم سے اور

مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ

تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے اور تم

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ○ هُمُ

لوگ جو کچھ بھی کرتے تھے خدا اسے دیکھ رہا تھا ، یہ وہی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

لوگ تو ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد الحرام (میں جانے)

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ

سے روکا اور قربانی کے جانوروں کو بھی (نہ آنے دیا) کہ وہ اپنی

مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ

(مقرر) جگہ (میں) پہنچنے سے رکے رہے ، اور اگر کچھ ایسے ایماندار مرد اور

نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ

ایماندار عورتیں نہ ہوتیں جن سے تم واقف نہ تھے کہ تم ان کو (لڑائی میں)

فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ ۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ

کفار کے ساتھ پامال کر ڈالتے پس تم کو ان کی طرف سے بے خبری میں نقصان پہنچ جاتا

لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِىْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ج
(تو اسی وقت تم کو فتح ہو گئی مگر تاخیر) اس لئے ہوئی کہ خدا جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ
کرے اور اگر وہ ایماندار (کفار سے) الگ ہو جاتے تو ان میں سے جو لوگ کافر تھے

عَذَابًا اَلِيْمًا ○ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ہم انہیں دردناک عذاب کی ضرور سزا دیں گے، (یہ وہ وقت تھا) جب کافروں نے

فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ
اپنے دلوں میں ضد ٹھان لی تھی اور ضد بھی جاہلیت کی سی تو خدا نے

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ
اپنے رسول اور مومنین (کے دلوں) پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى
ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور یہ لوگ اسی

وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ط وَكَانَ
کے سزاوار اور اہل بھی تھے اور خدا تو

اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا ○ع لَقَدْ صَدَقَ
ہر چیز سے خبردار ہے، بے شک خدا نے

۳
ع ۹
۱۱

اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ج لَتَدْخُلُنَّ
اپنے رسول کو سچا مطابق واقعہ خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ انشاءاللہ

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
مسجد الحرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے تھوڑے سے

اٰمِنِیۡنَ ۙ مُحَلِّقِیۡنَ رُءُوۡسَکُمۡ وَ مُقَصِّرِیۡنَ ۙ

بال کتروا کر بہت امن و اطمینان سے داخل ہو گئے (اور) کسی طرح کا

لَا تَخَافُوۡنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمۡ تَعۡلَمُوۡا فَجَعَلَ

خوف نہ کرو گے تو جو بات تم نہیں جانتے اس کو معلوم تھی تو اس نے

مِنۡ دُوۡنِ ذٰلِکَ فَتۡحًا قَرِیۡبًا ۞ ہُوَ

فتح مکہ سے پہلے ہی بہت جلد فتح (خیبر) عطا کی وہ

الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَہٗ بِالۡہُدٰی وَ

وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے

دِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡہِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ

کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر

کُلِّہٖ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا ۞ مُحَمَّدٌ

غالب رکھے اور گواہی کے لئے تو بس خدا کافی ہے محمدؐ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ

رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ

وسلم) خدا کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کافروں

عَلَی الۡکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیۡنَہُمۡ تَرٰىہُمۡ

پر بڑے سخت ہیں اور آپس میں بڑے رحم دل ہیں تو ان کو دیکھے

رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ

گا (کہ خدا کے سامنے) جھکے سر بسجود ہیں خدا کے فضل اور اس کی

اللّٰہِ وَ رِضۡوَانًا ۫ سِیۡمَاہُمۡ فِیۡ

خوشنودی کے خواستگار ہیں کثرتِ سجود کے اثر سے ان کی

وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ

پیشانیوں پر گھٹے پڑے ہوئے ہیں یہی

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ڕ وَمَثَلُهُمْ

اوصاف ان کے توریت میں بھی ہیں، اور یہی حالات انجیل

فِي الْاِنْجِيْلِ ڗ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ

میں (بھی مذکور) ہیں وہ گویا ایک کھیتی ہیں جس نے (پہلے زمین سے)

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي

اپنی سوئی نکالی پھر (اجزائے زمین کو غذا بنا کر) اسی سوئی کو مضبوط کیا تو وہ

سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ

موٹی ہوئی پھر اپنی جڑ پر سیدھی کھڑی ہوگئی اور اپنی تازگی سے کسانوں کو خوش کرنے

الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

لگی (اور اتنی جلدی ترقی اسلئے دی) تاکہ ان کے ذریعے کافروں کا جی جلائے جو لوگ ایمان

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

لائے اور اچھے (اچھے) کام کرتے رہے خدا نے ان سے بخشش

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ۧ

اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے

اَسْنَادُ سُوْرَةُ نَبَأ

اس سورہ کو معصرات اور تساءلون بھی کہتے ہیں، امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے اور ہر روز اس کی تلاوت کرے اسی سال بیت اللہ شریف کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ منقول ہے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلانا ظاہر کیا اور قرآن کریم کو لوگوں

کے رد برو پڑھا اور قیامت کے روز سے ڈرایا لوگوں نے حضرت کی نبوت اور قرآن کریم کے نازل ہونے میں اور قیامت کے واقع ہونے میں اختلاف کیا اُس وقت یہ سورہ نازل ہوا۔

(۷۸) سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ (۸۰) آیاتہا ۴۰ رکوعاتہا ۲

سورہ نبأ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۞ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۞

یہ لوگ آپس میں کس چیز کا حال پوچھتے ہیں، ایک بڑی خبر کا حال

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۞ كَلَّا

جس میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں، دیکھو انہیں

سَيَعْلَمُوْنَ ۞ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۞

عنقریب ہی معلوم ہو جائیگا، پھر انہیں عنقریب ہی ضرور معلوم ہو جائے گا،

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۞

کیا ہم نے زمین کو بچھونا اور

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۞ وَّخَلَقْنٰكُمْ

پہاڑوں کو (زمین) کی میخیں نہیں بنایا، اور ہم نے تم لوگوں کو جوڑا

اَزْوَاجًا ۞ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۞

جوڑا پیدا کیا اور تمہاری نیند کو آرام (کا باعث) قرار دیا،

وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۞ وَّجَعَلْنَا

اور رات کو پردہ بنایا، اور ہم ہی نے

النَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ

دن کو (کسب) معاش (کا وقت) بنایا، اور تمہارے اوپر سات مضبوط

سَبْعًا شِدَادًا ۝ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا

(آسمان) بنائے اور ہم ہی نے (سورج) کو

وَّهَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

روشن چراغ بنایا اور ہم ہی نے بادلوں سے موسلا دھار

مَآءً ثَجَّاجًا ۝ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ

پانی برسایا تاکہ اس کے ذریعہ سے دانے اور

نَبَاتًا ۝ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝ اِنَّ يَوْمَ

سبزی اور گھنے گھنے باغ پیدا کریں بے شک فیصلے

الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝ يَّوْمَ يُنْفَخُ

کا دن مقرر ہے، جس دن صور

فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝ وَّ

پھونکا جائے گا اور تم لوگ گروہ گروہ حاضر ہو گے اور

فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝ وَّ

آسمان کھول دیئے جائیں گے تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے اور

سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝

پہاڑ (اپنی جگہ سے) چلائے جائیں تو ریت ہو کر رہ جائیں گے،

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝

بے شک جہنم گھات میں ہے،

لِّلطّٰغِیْنَ مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِیْنَ فِیْهَآ اَحْقَابًا ۝ۚ
سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے، اس میں مدتوں پڑے جھینکتے رہیں گے
لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝ۙ
نہ وہاں ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے، اور نہ کچھ پینا ہوئے
اِلَّا حَمِیْمًا وَّغَسَّاقًا ۝ۙ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝ؕ
پانی اور بہتی ہوئی پیپ کے سوا کچھ پینے کو ملے گا، (یہ ان کی کارستانیوں کا) پورا
اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝ۙ
پورا بدلہ ہے، بیشک یہ لوگ آخرت کے حساب کی امید ہی نہ رکھتے تھے
وَّكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا كِذَّابًا ۝ؕ وَكُلَّ
اور اُن لوگوں نے ہماری آیتوں کو بُری طرح جھٹلایا، اور ہم نے ہر چیز
شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ كِتٰبًا ۝ۙ فَذُوْقُوْا
کو لکھ کر منضبط کر رکھا ہے، تو اب تم مزہ چکھو
فَلَنْ نَّزِیْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝ۧ اِنَّ
ہم تو تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے، بے شک

ع ۳۰ ۱

لِلْمُتَّقِیْنَ مَفَازًا ۝ۙ حَدَآئِقَ وَ
پرہیزگاروں ہی کے لئے بڑی کامیابی ہے (یعنی بہشت کے) باغ اور
اَعْنَابًا ۝ۙ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝ۙ
انگور اور عورتیں جن کی اٹھتی جوانیاں اور باہم ہمجولیاں ہیں
وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝ؕ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا
اور شراب کے لبریز ساغر، وہاں نہ تو بیہودہ باتیں سنیں گے

لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۚ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ
اور نہ جھوٹ (یہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے

عَطَآءً حِسَابًا ۙ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ
کافی انعام اور صلہ ہے جو سارے آسمان اور زمین اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ
جو ان دونوں کے بیچ میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۚ يَوْمَ
لوگوں کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہوگا، جس دن

يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَا
جبرائیل اور فرشتے (اس کے سامنے) پرا باندھ کر کھڑے ہوں گے

يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
(اس دن) اس سے کوئی بات نہ کرسکے گا، مگر جسے خدا اجازت

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ○ ذٰلِكَ
دے اور وہ ٹھکانے کی بات کہے، وہ

الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ
دن برحق ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی بارگاہ

اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ○ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ
میں (اپنا) ٹھکانا بنائے ہم نے تم لوگوں کو عنقریب آنے

عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ
والے عذاب سے ڈرا دیا جس دن آدمی اپنے ہاتھوں پہلے

مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ

سے بھیجے ہوئے (اعمال) کو دیکھے گا اور کافر کہے گا،

يٰلَيْتَنِي كُنْتُ تُرٰبًا ۝

کاش! میں خاک ہو جاتا

ع ۲ ۱۰ ۲

اسنادِ سورہ واقعہ

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب سورہ واقعہ کو سونے سے پہلے پڑھے جس وقت حق تعالیٰ سے ملاقاتی ہوگا تو اس کا چہرہ مثل ماہ شب چہاردہ کے تاباں ہوگا، اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ کو یہ سورہ پڑھے تو خدائے تعالیٰ اس کو اپنا دوست گردانے اور تمام لوگوں کے دلوں میں اس کی دوستی کو ڈال دے اور ہرگز فقیری کو نہ دیکھے اور محتاج نہ ہووے اور دنیا کی آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے اور حضرت امیرالمومنین کے رفقا سے ہو اور منقول ہے کہ عثمان ابن عفان عبداللہ ابن مسعود کی عیادت کو جبکہ وہ مرض الموت میں گرفتار تھے، گیا، عثمان نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کس چیز کی شکایت ہے؟ کہا اپنے گناہوں کی، پھر پوچھا کہ کیا آرزو رکھتے ہو؟ کہا رحمت پروردگار کی، بعد اس کے دریافت کیا کہ طبیب کو بلاؤں کہ تمہارا علاج کرے؟ کہا طبیب ہی نے مجھ کو بیمار ڈالا ہے، کہا کچھ بخشش تجھ کو دوں؟ کہا جب میں محتاج تھا اس وقت تو نے بخشش کو مجھ سے بند رکھا اور اب جو مجھ کو احتیاج نہیں تو مجھ کو دینا چاہتا ہے، عثمان نے کہا تیرے بیٹوں کو کچھ بخشوں؟ کہا ان کو احتیاج نہیں ہے اسواسطے کہ سورہ واقعہ ان کو تعلیم کیا ہے اور وہ ہمیشہ اس کی تلاوت کرتے ہیں اور میں نے جناب رسولؐ خدا سے سنا ہے کہ جو شخص ہر شب اس سورۃ کو پڑھے ہرگز فقیر و محتاج نہ ہوگا خداوند عالم وسعت رزق اس کو عطا فرمائے گا۔

سورۃ واقعہ شب شنبہ شروع کرنا چاہیئے اور ہر شب میں تین مرتبہ پڑھے اور شب جمعہ آٹھ مرتبہ، پانچ ہفتہ اس طرح مداومت کرے اور قبل شروع سورہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا مِنْ غَيْرِ كَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دَعْوَتِيْ مِنْ غَيْرِ رَدٍّ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فَضِيْحَتَيِ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ وَادْفَعْ عَنِّيْ هٰذَيْنِ بِحَقِّ الْاِمَامَيْنِ السِّبْطَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ؑ

آیاتہا ۹۶ (۵۶) سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ (۴۶) رکوعاتہا ۳

سورہ واقعہ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب قیامت برپا ہو گی (اور) اس کے واقع ہونے میں ذرا جھوٹ نہیں (اس وقت

كَاذِبَةٌ ۝ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ اِذَا

لوگوں میں فرق ظاہر ہوگا کہ) کسی کو پست کرے گی کسی کو بلند، جب

رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝ وَّبُسَّتِ

زمین بڑے زوروں میں ہلنے لگے گی، اور پہاڑ (ٹکرا کر)

الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً

بالکل چور چور ہو جائیں گے، پھر ذرے بن کر اڑنے

مُّنْۢبَثًّا ۝ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝

لگیں گے، اور تم لوگ تین قسم کے ہو جاؤ گے،

فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝ مَآ اَصْحٰبُ

تو داہنے ہاتھ (میں اعمال لینے) والے (واہ) داہنے ہاتھ والے کیا (چین

الْمَيْمَنَةِ ۝ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝

میں) ہیں، اور بائیں ہاتھ (میں نامۂ اعمال لینے) والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝ وَالسّٰبِقُوْنَ

(افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں اور جو آگے بڑھ جانیوالے

وقف لازم

السّٰبِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ فِيْ

ہیں (واہ کیا کہنا) وہ آگے بڑھنے والے ہی تھے، یہی لوگ خدا کے مقرب ہیں،

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝

آرام و آسائش کے باغوں میں بہت سے تو اگلوں میں سے ہوں گے

وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ عَلٰى سُرُرٍ

اور کچھ تھوڑے سے پچھلے لوگوں میں سے، موتی اور یاقوت سے جڑے ہوئے

مَّوْضُوْنَةٍ ۝ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝

سونے کی تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝

ہوں گے نوجوان لڑکے جو (بہشت میں) ہمیشہ (لڑکے ہی بنے) رہیں گے (شربت وغیرہ

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۝ وَكَاْسٍ مِّنْ

کے) ساغر اور چمکدار ٹونٹی دار کنٹر اور شفاف شراب کے جام لئے ہوئے ان کے پاس

مَّعِيْنٍ ۝ لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا

چکر لگاتے ہوں گے، جس کے (پینے) سے نہ تو ان کو (خمار سے) درد سر ہوگا اور

يُنْزِفُوْنَ ۝ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۝

وہ بدحواس مدہوش ہوں گے اور جس قسم کے میوے پسند کریں اور جس

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ وَحُوْرٌ

قسم کے پرند کا گوشت ان کا جی چاہے (سب موجود ہے) اور بڑی بڑی

عِيْنٌ ۝ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۝

آنکھوں والی حوریں جیسے احتیاط سے رکھے ہوئے موتی،

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ

یہ بدلا ہے اُن کے (نیک) اعمال کا، وہاں نہ تو بیہودہ

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَأْثِيْمًا ○ اِلَّا قِيْلًا

باتیں سنیں گے اور نہ گناہ کی بات (فحش) بس ان کا کلام

سَلٰمًا سَلٰمًا ○ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ

سلام ہی سلام ہوگا، اور داہنے ہاتھ والے (واہ)

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ○ فِيْ سِدْرٍ

داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا ہے، بے کانٹے کی

مَّخْضُوْدٍ ○ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ○ وَّ

بیریوں اور لدے گتھے ہوئے کیلوں اور

ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ○ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ○

لمبی لمبی چھاؤں اور جھرنے کے پانی

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّ

اور افراط میووں میں ہوں گے جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور

لَا مَمْنُوْعَةٍ ○ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ○

نہ ان کی کوئی روک ٹوک اور اونچے اونچے (نرم بچھونوں کے) فرش

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ○ فَجَعَلْنٰهُنَّ

میں (مزے کرتے ہونگے (ان کو وہ حوریں ملیں گی جن کو ہم نے نت نیا پیدا کیا

اَبْكَارًا ○ عُرُبًا اَتْرَابًا ○ لِّاَصْحٰبِ

ہے تو ہم نے انہیں کنواریاں پیاری پیاری ہمجولیاں بنایا، (یہ سب سامان)

الْيَمِينِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ۝ وَ

داہنے ہاتھ (یں نامۂ اعمال لینے) والوں کے واسطے ہے (ان میں) بہت سے تو اگلے

ثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ۝ وَ أَصْحٰبُ

لوگوں میں سے اور بہت سے پچھلے لوگوں میں سے اور بائیں ہاتھ (یں نامۂ

الشِّمَالِ ۥ مَآ أَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝

اعمال لینے والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں

فِي سَمُومٍ وَّ حَمِيمٍ ۝ وَّ ظِلٍّ مِّنْ

(دوزخ) کی لو اور کھولتے ہوئے پانی اور کالے سیاہ

يَّحْمُومٍ ۝ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيمٍ ۝

دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے، جو نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خوش آیند

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِينَ ۝

یہ لوگ اس سے پہلے (دنیا میں) خوب عیش اڑا چکے تھے،

وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ۝

اور بڑے گناہ (شرک) پر اڑے ہوئے تھے

وَكَانُوا يَقُولُونَ ۥ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مرجائیں گے اور (سڑ

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۝

گل کر) مٹی اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں) رہ جائیں گے تو کیا ہم یا

أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ۝ قُلْ إِنَّ

ہمارے اگلے باپ دادوں کو پھر اٹھنا ہے، (اے رسول) تم کہدو

اَلْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ ۙ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ

کہ اگلے اور پچھلے سب کے سب روز معین کی میعاد پر ضرور

اِلٰی مِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّکُمْ

اکٹھے کئے جائیں گے ، پھر تم کو

اَیُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُکَذِّبُوْنَ ۙ

بے شک اے گمراہو جھٹلانے والو یقیناً (جہنم میں)

لَاٰکِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ

تھوہر کے درختوں میں سے کھانا ہوگا ،

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۚ فَشٰرِبُوْنَ

تو تم لوگوں کو اسی سے اپنا پیٹ بھرنا ہوگا ، پھر اس کے

عَلَیْهِ مِنَ الْحَمِیْمِ ۚ فَشٰرِبُوْنَ

اوپر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا ، اور پیوگے بھی تو

شُرْبَ الْهِیْمِ ۗ هٰذَا نُزُلُهُمْ یَوْمَ

پیاسے اونٹ کا سا (ڈگڈ کا کے) پینا ، قیامت کے دن یہی ان کی

الدِّیْنِ ۗ نَحْنُ خَلَقْنٰکُمْ فَلَوْلَا

مہمانی ہوگی ، تم لوگوں کو (پہلی بار بھی) ہم نے ہی پیدا کیا ہے

تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۗ

پھر تم لوگ دوبارہ کیوں نہیں تصدیق کرتے تو جس نطفہ کو تم (عورتوں کے) رحم

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝

میں ڈالتے ہو کیا تم نے دیکھ بھال لیا ہے کیا تم اس سے آدمی بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا

ہم نے تم لوگوں میں موت کو مقرر کر دیا ہے اور ہم

نَحْنُ بِمَسْبُوقِيْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ

اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے ایسے اور لوگ بدل

اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

ڈالیں اور تم لوگوں کو اس (صورت) میں پیدا کریں جسے تم مطلق نہیں جانتے

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا

تم نے پہلی پیدائش تو سمجھ ہی لی ہے (کہ ہم نے کی) پھر تم

تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝

غور کیوں نہیں کرتے، بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم لوگ بوتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝

کیا تم لوگ اُسے اُگاتے ہو یا ہم اُگاتے ہیں،

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ

اگر ہم چاہتے تو اُسے چور چور کر دیتے تو تم باتیں ہی

تَفَكَّهُوْنَ ۝ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝ بَلْ

بناتے رہ جاتے کہ (ہائے) ہم تو (مفت) تاوان میں پھنسے (نہیں)

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ

ہم تو بدنصیب ہی ہیں، تو کیا تم نے پانی پر بھی نظر

الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ

ڈالی جو (دن رات) پیتے ہو، کیا اس کو بادل سے تم نے

مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝

برسایا ہے یا ہم برساتے ہیں

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا

اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنادیں تو تم لوگ شکر

تَشْكُرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ

کیوں نہیں کرتے تو کیا تم نے آگ پر بھی غور کیا ہے

تُوْرُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ

جسے تم لکڑی سے نکالتے ہو کیا اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے

اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا

یا ہم پیدا کرتے ہیں ، ہم نے آگ کو (جہنم) کی

تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ فَسَبِّحْ

یاد دہانی اور مسافروں کے نفع کیواسطے پیدا کیا ، تو (اے رسول)

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ فَلَآ اُقْسِمُ

ع ۲ ۱۵

تم اپنے بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو تو میں تاروں کے

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ

منازل کی قسم کھاتا ہوں ، اور اگر تم سمجھو تو

تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ

یہ بڑی قسم ہے ، کہ بے شک یہ بڑے رتبے کا

كَرِيْمٌ ۝ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝ لَّا يَمَسُّهٗٓ

قرآن ہے جو کتاب (لوح) محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے اس کو تو بس وہی

اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنْ
لوگ چھوتے ہیں جو پاک ہیں سارے جہان
رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ
کے پروردگار کی طرف سے (محمدؐ پر نازل ہوا) ہے، تو کیا تم لوگ اس
اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ
کلام سے انکار رکھتے ہو، اور تم نے اپنی روزی یہ قرار دے
اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ
لی ہے کہ اس کو جھٹلاتے ہو، تو کیا جب جان گلے تک آ
الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝
پہنچتی ہے اور تم اس وقت (کی حالت) پڑے دیکھا کرتے ہو
وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ
اور ہم اس مرنے والے سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن
لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ
تم کو دکھائی نہیں دیتا، تو اگر کسی دباؤ میں نہیں ہو تو اگر
غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ
(اپنے دعوے میں) تم سچے ہو تو روح کو پھیر
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ
کیوں نہیں دیتے، پس اگر وہ (مرنے والا خدا کے)
مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۵
مقربین سے ہے تو (اس کے لئے) آرام و آسائش ہے اور خوشبودار

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝ وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ

پھول اور نعمت کے باغ ، اور اگر وہ داہنے ہاتھ والوں میں

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ

سے ہے تو (اس سے کہا جائے گا کہ) تم پر داہنے

لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ وَ اَمَّآ

ہاتھ والوں کی طرف سے سلام ہو ، اور اگر

اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہے تو (اس کی)

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝

مہمانی کھولتا ہوا پانی ہے اور جہنم میں داخل کر دینا ،

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝

بے شک یہ (خبر) یقیناً صحیح ہے تو

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝

(اے رسولؐ) تم اپنے پروردگار کی تسبیح کرو ،

ع ۳ / ۲۲ / ۱۶

اَسْنَادُ سُوْرَةُ مُلْك

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو شخص اس سورے کو پڑھے گا قیامت کے روز نجات پائے گا اور ملائکہ کے پروں پر اڑے گا اور حسن میں اس کا منہ یوسف کے حسن کی مانند ہو گا ، اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورہ ملک سورۂ مانعہ ہے ، اس واسطے کہ منع کرتی ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اس کا نام سورہ ملک ہے جو شخص اس سورے کو شب کو پڑھے تو صاحب برکت ہو جائے اور خوشحال اور مرفہ الحال رہے اور اس کو غافلوں میں نہ لکھا جائے اور یہ بین اس

سورے کو عشا کے بعد پڑھتا ہوں، اور جو شخص اس سورے کو شب و روز تلاوت کرے جس وقت اسے قبر میں رکھیں منکر و نکیر اس پر ظاہر ہوں اور پاؤں اس شخص کے گویا ہو کر کہیں کہ تمہارا ہم پر قابو نہیں ہے اس واسطے کہ یہ بندہ پائے راست وچپ پر کھڑا ہو کر سورہ ملک ہر شب و روز پڑھتا تھا اور جس وقت اس کے شکم کی طرف آئیں تو شکم ان سے کہے گا کہ تمہارا قابو اس بندے پر نہیں، اس واسطے کہ مجھ کو اس بندے نے سورہ ملک کا ظرف بنایا تھا اور جس وقت اس کی زبان کی طرف آئیں وہ اُن سے کہے گی کہ تم کو اس بندے پر کوئی اختیار نہیں ہے اس لئے کہ یہ سورہ ملک پڑھتا تھا اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص تبارک الذی نماز ہفتم میں پڑھے گا خاص کر سونے سے پہلے وہ شخص ہمیشہ حفظِ خدا میں رہے گا صبح تک، اور قیامت کے روز امن خدا میں ہوگا یہاں تک کہ بہشت میں داخل ہو اور اس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ نجات دینے والا ہے اور سورہ واقیہ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ عذاب قبر سے نگاہ رکھنے والا ہے رسولؐ خدا نے فرمایا کہ "انها واقية من عذاب القبر"

آیاتها ۳۰ (۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (۷۷) رکوعاتها ۲

سورہ ملک مکہ میں نازل ہوا اور اس کی تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت ہے وہ بڑی برکت

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ○ الَّذِيْ خَلَقَ

والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور زندگی

الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے

أَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝
کام میں سب سے اچھا کون ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے
الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ
جس نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے، بھلا تجھے
مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ
خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی
تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى
ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے کوئی شگاف
مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ
نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اٹھا کر دیکھ
كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا
تو (ہر بار تیری) نظر ناکام اور تھک کر تیری طرف
وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ
پلٹ آئے گی، اور ہم نے نیچے والے (پہلے)
الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا
آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے ان کو
لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ
شیطان کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے اُن کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا
السَّعِيْرِ ۝ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں

عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ إِذَآ
ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب
أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَّهِيَ
یہ لوگ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ
تَفُورُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَآ
جوش مار رہی ہوگی، بلکہ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی، جب
أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ
اس میں ان کا کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو ان سے داروغہ جہنم پوچھے گا
أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ
کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا پیغمبر نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس
جَآءَنَا نَذِيرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ
ڈرانے والا پیغمبر تو ضرور آیا تھا، مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے
اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَٰلٍ
تو کچھ نازل نہیں کیا، تم تو بڑی (گہری) گمراہی میں پڑے
كَبِيرٍ ۝ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا
ہو اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر (انکی بات) سنتے یا سمجھتے تب تو (آج)
فِيٓ أَصْحَٰبِ السَّعِيرِ ۝ فَاعْتَرَفُوا بِذَنۢبِهِمْ
دوزخیوں میں نہ ہوتے، غرض وہ اپنے گناہوں کا اقرار کر
فَسُحْقًا لِّأَصْحَٰبِ السَّعِيرِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ
لیں گے، تو دوزخیوں کو خدا کی رحمت سے دوری ہے بیشک جو لوگ اپنے پروردگار سے

رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ

بھائے ڈرتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور بڑا بھاری

كَبِيرٌ ۝ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا

اجر ہے اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا

بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝

وہ تو دل کے بھیدوں تک سے خوب واقف ہے

أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۖ وَهُوَ اللَّطِيفُ

بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے اور وہ تو بڑا باریک بین

الْخَبِيرُ ۝ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ

واقف کار ہے، وہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے

الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

نرم (و ہموار) کر دیا تو اسکی اطراف و جوانب میں چلو

وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۝

پھرو اور اس کی دی ہوئی روزی کھاؤ، پھر اسی کی طرف قبر سے اٹھکر جانا ہے

ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ

کیا تم اس شخص سے جو آسمان میں (حکومت کرتا) ہے اس بات سے بے خوف

بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ۝

ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دیوے پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرنے لگے

أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن

یا تم اس بات سے بے خوف ہو جو آسمان میں (سلطنت کرتا) ہے کہ تم پر

ع ۱ / ۱۴

يُّرۡسِلَ عَلَيۡكُمۡ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ

پتھر بھری آندھی چلائے تو تمہیں عنقریب ہی معلوم ہو

كَيۡفَ نَذِيۡرِ ۝ وَلَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِيۡنَ

جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ۝

نے جھٹلایا تھا تو (دیکھو) میری ناخوشی کیسی تھی،

اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الطَّيۡرِ فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ

کیا ان لوگوں نے اپنے سروں پر چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے

وَّيَقۡبِضۡنَ ؔۘ مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحۡمٰنُ ؕ

رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے سوا انہیں کوئی نہیں روکے رہ سکتا

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍۢ بَصِيۡرٌ ۝ اَمَّنۡ هٰذَا

ہے، بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے، بھلا خدا کے سوا

الَّذِىۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّكُمۡ يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡ

ایسا کون ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری

دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ؕ اِنِ الۡكٰفِرُوۡنَ اِلَّا

مدد کرے، کافر لوگ تو دھوکے ہی (دھوکا

فِىۡ غُرُوۡرٍ ۝ ۚ اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ

میں ہیں، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی) روزی

يَرۡزُقُكُمۡ اِنۡ اَمۡسَكَ رِزۡقَهٗ ۚ بَلۡ

روک لے تو کون ایسا ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ○ اَفَمَنْ

کفار تو سرکشی اور نفرت (کے بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں بھلا جو شخص

يَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى

اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہوگا

اَمَّنْ يَّمْشِیْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ

یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہِ راست پر چل

مُّسْتَقِيْمٍ ○ قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ

رہا ہو (اے رسولؐ) تم کہدو کہ خدا تو وہی ہے جس

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ

نے تم کو نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور

الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

دِل بنائے مگر تم تو بہت کم شکر ادا کرتے ہو،

قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ

کہدو وہی تو وہ ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا دیا

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ

اور اسی کے سامنے جمع کئے جاؤ گے، اور کفار کہتے ہیں کہ اگر

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

تم سچے ہو تو (آخر) یہ وعدہ کب پورا ہوگا،

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَاۤ

(اے رسولؐ) تم کہدو (کہ (اس کا) علم بس خدا ہی کو ہے اور میں

اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

تو صرف صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں ، تو جب یہ لوگ اسے

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ

قریب دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے) کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے

هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝

اور ان سے کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَ

(اے رسولؐ) تم کہدو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا مجھ کو اور میرے

مَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ

ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو دردناک

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

عذاب سے کون پناہ دے گا

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ

تم کہدو کہ وہی خدا بڑا رحم کرنے والا ہے جس پر ایمان لائے ہیں

تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ

اور اسی پر بھروسہ کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ

کون صریحی گمراہی میں پڑا ہے ، (اے رسولؐ) تم کہدو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر

مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝ ع

تمہارا پانی زمین کے اندر چلا جائے کون ایسا ہے جو تمہارے پانی کا چشمہ بہا لائے

ع ۲ ۱۲ ۲

اَسنادِ سُورۃ اَلرَّحمٰن

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر چیز کے واسطے ایک عروس ہے اور قرآن کریم کی عروس سورہ رحمٰن ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورہ رحمٰن کا پڑھنا ترک مت کرو یہ سورۃ منافقوں کے دلوں میں نہیں ٹھہرتی ہے اور قیامت کے روز یہ سورۃ اپنے پروردگار کے روبرو خوبصورت آدمی کی شکل میں ہو کر آئے گی اور جو مقام کہ زیادہ قریب ہے وہاں کھڑی ہوگی اور کہتے ہیں کہ کسی کو ایسا مرتبہ حاصل نہ ہوا کہ وہاں کھڑا ہو، پس خدائے تعالیٰ خطاب کرے گا کہ اس سورۃ کو کون کون آدمی دنیا میں ہمیشہ تیری تلاوت کرتا تھا اور وہ سورۃ کہے گی کہ فلاں فلاں، خدائے تعالیٰ ان لوگوں کے چہروں کو روشن اور نورانی کرے گا اور کہے گا کہ جس کو تم دوست رکھتے ہو اس کی شفاعت کرو، پس جس کو چاہیں گے شفاعت کریں گے اور جس کے وہ شفیع ہوں گے اس کو خدا فرمائے گا میرے بہشت میں ساکن ہو کہ جو کچھ تیری آرزو اور خواہش ہے وہ سب وہاں موجود ہے۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو کوئی سورہ رحمٰن کو پڑھے اور بعد فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے لَا بِشَیۡءٍ مِّنۡ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہے پس اگر رات کو پڑھا ہے تو مرے گا شہید، اور اگر دن کو پڑھا ہے اور پھر مر جائے گا تو شہید ہوگا، اور جمعہ کے روز سورہ رحمٰن کے پڑھنے کی اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے بعد لَا بِشَیۡءٍ مِّنۡ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہنے کی بہت تاکید ہے اور ثواب ہے، اور کہتے ہیں کہ پہلے سب سے قرآن کریم کو بلند آواز سے ابن مسعود نے قریش کے روبرو پڑھا تھا، اور کیفیت اس کی اسطرح ہے کہ اصحاب ایک جگہ پر جمع تھے، کہا قریش نے قرآن نہیں سُنا ہے ہم میں سے کون ہے کہ جرأت کرکے باآواز بلند ان کے رُوبرو قرآن کریم کو پڑھے، عبداللہ ابن مسعود نے کہا کہ میں پڑھوں گا، وہ اپنے مقام سے اُٹھا اور مقام ابراہیم میں گیا اور وہاں کھڑے ہو کر باآواز بلند سورہ رحمٰن کو پڑھا، قریش اپنے اپنے مقام پر بیٹھے تھے اس کے پڑھنے کو سُن کر بہت تعجب کیا۔ اور آپس میں کہا کہ یہ مرد کیا کہتا ہے، پس چند آدمی ان میں سے اُٹھے اور اس کو اسقدر مارا کہ زدوکوب کے نشانات اس کے بدن پر نمایاں ہو گئے اور وہ اسی طرح پڑھتا تھا اور پڑھنے سے بند نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ کئی آیتیں پڑھ کر وہاں سے پھرا، اور اصحاب نے کہا کہ ہم میں ایسی جرأت قرآن کے پڑھنے میں کوئی نہیں کرسکتا۔

آیاتُہا ۷۸ (۵۵) سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ (۹۷) رکوعاتُہا ۳

سورہ رحمٰن مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی اٹھہتر آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○ خَلَقَ

بڑا مہربان (خدا) اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی اسی نے انسان

الْاِنْسَانَ ○ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ○ اَلشَّمْسُ

کو پیدا کیا، اسی نے اس کو (اپنا مطلب) بیان کرنا سکھایا، سورج

وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○ وَّالنَّجْمُ وَ

اور چاند ایک مقرر حساب سے چل رہے ہیں، اور بوٹیاں بیلیں اور

الشَّجَرُ یَسْجُدٰنِ ○ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

درخت اسی کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی نے آسمان بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ○ اَلَّا تَطْغَوْا فِی

اور ترازو (انصاف) کو قائم کیا تاکہ تم لوگ ترازو (سے تولنے) میں حد

الْمِیْزَانِ ○ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ

سے تجاوز نہ کرو اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو

وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ○ وَالْاَرْضَ

اور تول کم نہ کرو اور اسی نے لوگوں

وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ○ فِیْهَا فَاکِهَةٌ وَّ

کے نفع کے لئے زمین بنائی کہ اس میں میوے اور

النَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ

کھجور کے درخت ہیں جسکے خوشوں میں غلاف ہوتے ہیں اور اناج

ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝ فَبِاَيِّ

جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول تو اے گروہ جن وانس

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت نہ مانوگے اسی نے انسان کو ٹھیکری

مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ

کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور اسی نے

الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَيِّ

جنّات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا ، تو اے گروہ جن و

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ

انس) تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے (جاڑے گرمی کے)

وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں مشرقوں کا مالک ہے، اور دونوں مغربوں کا بھی مالک ہے، تو تم دونوں اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝

کس کس نعمت کو نہ مانوگے اسی نے دو دریا بہائے جو باہم مل جاتے ہیں

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

دونوں کے درمیان ایک حدفاصل (آڑ) ہے جس سے تجاوز نہیں کرسکتے، تو تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَخْرُجُ مِنْهُمَا

دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے ان دونوں دریاؤں سے

اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
موتی اور مونگے نکلتے ہیں تو تم دونوں اپنے رب کی کون
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ
کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ، اور جہاز جو دریا میں پہاڑوں
فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
کی طرح اونچے کھڑے رہتے ہیں اسی کے ہیں تو تم دونوں اپنے رب
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا
کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ، جو مخلوق زمین پر ہے سب فنا
فَانٍ ۚ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ
ہونے والی ہے اور صرف تمہارے رب کی ذات جو
ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۚ فَبِاَیِّ
عظمت اور کرامت والی ہے باقی رہے گی ، تو تم دونوں اپنے
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ يَسْئَلُهُ مَنْ
مالک کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے ، اور جتنے لوگ جو سارے
فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ
زمین اور آسمان میں ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں (ہر وقت) مخلوق
هُوَ فِیْ شَاْنٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
کے (ایک ایک) کام میں ہے ، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس نعمت
تُكَذِّبٰنِ ۚ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ
سے انکار کرو گے ، اے دونوں گروہ ہم عنقریب تمہاری طرف

الثَّقَلٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

متوجہ ہوں گے، تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس نعمت کو نہ مانوگے

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اے گروہ جن وانس اگر تم میں قدرت ہے کہ آسمان وزمین کے

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

کناروں سے ہوکر کہیں (نکل) کر موت یا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

عذاب سے بھاگ سکو تو نکل جاؤ

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ فَبِاَیِّ

مگر تم تو بغیر قوت اور غلبہ کے نکل ہی نہیں سکتے (حالانکہ تم میں نہ قوت ہے نہ غلبہ)

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ یُرْسَلُ عَلَیْكُمَا

تو تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤگے (گنہگار جنو اور آدمیو! جہنم میں)

شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ ۵ وَّنُحَاسٌ فَلَا

تم دونوں پر آگ کا سبز شعلہ اور سیاہ دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو تم دونوں

تَنْتَصِرٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

(کسی طرح) روک نہ سکوگے، پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت

تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

سے انکار کروگے، پھر جب آسمان پھٹ کر (قیامت میں) تیل کی طرح

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۚ فَبِاَیِّ

لال ہو جائے گا تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَيَوْمَئِذٍ لَّا

اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے ، تو اس دن نہ تو کسی

يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ○

انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائیگا اور نہ کسی جن سے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُعْرَفُ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے ، گنہگار لوگ

الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ

تو اپنے چہروں ہی سے پہچان لئے جائیں تو پیشانی کے پٹے اور پاؤں پکڑ

وَالْاَقْدَامِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کے (جہنم میں) ڈال دیئے جائیں گے آخر تم دونوں اپنے پروردگار کی کس

تُكَذِّبٰنِ ○ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ

کس نعمت سے انکار کروگے ، (پھر ان سے کہا جائے گا) یہی وہ جہنم ہے

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○ يَطُوْفُوْنَ

جسے گنہگار لوگ جھٹلایا کرتے تھے یہ لوگ دوزخ اور

بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ○ فَبِاَيِّ

کھولتے ہوئے پانی کے درمیان (بیقرار دوڑتے) چکر لگاتے پھریں گے ، تو تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ ع وَلِمَنْ

دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے ، اور جو شخص اپنے

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ○ فَبِاَيِّ

پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے دو دو باغ ہیں تو

ع ۲۰ / ۲

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝

تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت سے انکار کروگے ، دونوں باغ (درختوں کی)

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا

ٹہنیوں سے ہرے بھرے (میووں سے) لدے ہوئے پھر تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس

عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نعمت کو جھٹلاؤگے اُن دونوں میں دو چشمے بھی جاری ہونگے تو تم دونوں اپنے پروردگار

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ

کی کس کس نعمت سے مکروگے ، ان دونوں باغوں میں سب میوے دو دو قسم کے

زَوْجٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

ہوں گے ، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے ،

مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ

یہ لوگ ان فرشوں پر جن کے استر اطلس کے ہوں گے تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے دونوں

اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ۝

باغوں کے میوے اُس قدر قریب ہوں گے (کہ اگر چاہیں تو لگے ہوئے کھالیں)

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِیْهِنَّ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو نہ مانوگے ، اس میں (پاک دامن)

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ

غیر کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنے والی عورتیں ہونگی جن کو ان سے پہلے نہ کسی

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَیِّ

انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا اور نہ کسی جن نے تو تم دونوں

الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كَاَنَّهُنَّ

اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ، ایسی حسین گویا

الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

وہ (مجسم) یاقوت اور مونگے ہیں ، تو تم دونوں اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ

کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے ، بھلا نیکی کا بدلہ نیکی کے

اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

سوا کچھ اور بھی ہے ، پھر تم دونوں اپنے مالک کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ ۝ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝

نعمت کو جھٹلاؤ گے ، ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں ،

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے

مُدْهَآمَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں نہایت گہرے سرسبز اور شاداب ، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کن

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝

کن نعمتوں سے انکار کرو گے ان دونوں باغوں میں دو چشمے جوش مارتے ہونگے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا

تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے مکرو گے ان دونوں

فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝ فَبِاَيِّ

میں میوے خرمے اور انار ہوں گے ، تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ

اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ، ان باغوں میں خوشخلق

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اور خوبصورت عورتیں ہوں گی ، تو تم دونوں اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے ، وہ حوریں جو خیموں میں چھپی

فِي الْخِيَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

بیٹھی ہیں ، پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی

تُكَذِّبٰنِ ۝ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ

کون کونسی نعمت سے انکار کروگے ، ان سے پہلے ان کو کسی انسان

قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نے چھوا تک نہیں اور نہ جن نے ، پھر تم دونوں اپنے مالک

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

کی کن کن نعمتوں سے انکار کروگے، یہ لوگ سبز قالینوں اور نفیس و

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝

حسین مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے ،

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ تَبٰرَكَ

پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کروگے (اے رسول)

اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و کرامت ہے اسکا نام بڑا بابرکت ہے ،

ع ۳ ۱۳

اَسنادُ سُورَۃُ مُزَّمِّل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورہ مزمل نماز عشا میں یا آخر شب پڑھے، یہ سورہ شب و روز اس کے نیک افعال کا گواہ ہوگا اور یہ سورہ خدا کے نزدیک اس کی گواہی دے گا اور حق تعالیٰ اس کے واسطے موت اور زندگی پاکیزہ بخشے گا، اور حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورہ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا اور مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد عشا گیارہ بار اس سورے کو پڑھے ترقی معیشت حاصل ہو۔

آیاتھا ۲۰ (۷۳) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ (۳) رکوعاتھا ۲

سورہ مزمل مکہ میں نازل ہوا اور اس کی بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور بڑا رحم والا ہے

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ○ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ○

اے (میرے) چادر لپیٹے والے (اے رسولؐ) رات کو (نماز کے واسطے) کھڑے ہو مگر (پوری

نِّصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ○ أَوْ

رات نہیں) تھوڑی رات، آدھی رات یا اس سے بھی کچھ کم کردو یا

زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ○

اس سے کچھ بڑھا دو اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو

إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ○

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے،

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً

اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب (نفس کا) پامال کرنے اور بہت ٹھکانے

وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ؕ اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ

ذکر کا وقت ہے دن کو تمہارے اور بہت سے بڑے

سَبْحًا طَوِيْلًا ؕ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

بڑے اشغال ہیں، تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ؕ رَبُّ الْمَشْرِقِ

اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو (وہی) مشرق اور

وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم اسی کو

وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

کارساز بناؤ اور جو کچھ لوگ بکا کرتے ہیں اس پر صبر کرو

وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِىْ

اور ان سے بعنوان شائستہ الگ تھلگ رہو اور مجھے ان

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

جھٹلانے والوں سے جو دولت مند ہیں سمجھ لینے

قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّ

دو بے شک ہمارے پاس بیڑیاں (بھی) ہیں

جَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ

اور جلانے والی آگ (بھی) اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی)

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ

اور دکھ دینے والا عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے

وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا

لگیں گے اور پہاڑ ریت کے ٹیلے سے بکھر بکھرے ہو

مَّهِيلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُولًا

جائیں گے ، (اے مکہ والو) ہم نے تمہارے پاس (اسی طرح) ایک رسول

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى

(محمدؐ) کو بھیجا جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جسطرح فرعون کے پاس ایک

فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ

رسول (موسیٰ) کو بھیجا تھا تو فرعون نے اس رسول کی

الرَّسُولَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيلًا ۝

نافرمانی کی تو ہم نے بھی (اس کی سزا) میں اس کو بہت سخت پکڑا

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

تو اگر تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیونکر بچو گے جو

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝ السَّمَآءُ

بچوں کو بوڑھا بنا دے گا جس دن آسمان

مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُولًا ۝

پھٹ پڑے گا یہ اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ

بے شک یہ نصیحت ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيلًا ۝ اِنَّ

کی راہ اختیار کرے ، (اے رسولؐ) تمہارا

رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ

پروردگار جانتا ہے کہ تم اور تمہارے چند ساتھ کے لوگ

ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَ

(کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی

طَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ط وَ

رات (نماز میں) کھڑے رہتے ہو اور

اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط

خدا ہی رات اور دن کا اچھی طرح اندازہ کرسکتا ہے،

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ

اسے معلوم ہے کہ تم لوگ اس پر پوری طرح سے حاوی نہیں

عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ

ہو سکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے ہو سکے

الْقُرْاٰنِ ط عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ

اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں سے بعض بیمار

مَّرْضٰى لا وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى

ہو جائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش میں روئے زمین

الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا

پر سفر اختیار کریں گے،

وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صلے ز

اور کچھ لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے،

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَ اَقِيْمُوا

تو جتنا تم سے آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو اور نماز پابندی

الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا

سے پڑھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور خدا کو

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا

قرض حسنہ دو اور جو نیک عمل

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ

اپنے واسطے خدا کے سامنے پیش کروگے اس کو خدا کے ہاں

اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ

بہتر اور صلہ میں بزرگ تر پاؤگے اور

اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

خدا سے مغفرت کی دعا مانگو بے شک خدا بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۠

مہربان ہے۔

ع ۲ / ۱۴

اَسْنَادُ سُوْرَةِ دَهْرٍ

تفسیر برہان میں جناب رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو اسکی جزا خدا پر جنت و حریر ہوگی اور جو شخص مداومت کرے تو اس کا ضعیف نفس قوی ہوگا اور جو شخص اس کا پانی پیئے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا اور درد دل کو نفع کرے گا اور جسم اس کا صحیح ہوگا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنا نفس کو قوی کرتا ہے اگر پڑھنے میں عاجز ہو تو لکھوائے اور دھو کر پیئے اور جو شخص اس کو لڑائی میں پڑھے تو اس کا دشمن مقہور ہوگا۔ اگر دل پر لکھ کر لٹکائے تو زائل

امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص روز دوشنبہ کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو وہ صبح کی نماز کی پہلی رکعت میں یہ سورہ پڑھے۔

آیاتہا ۳۱ (۷۶) سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ (۹۸) رکوعاتہا ۲

سورہ دہر مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کے نام سے کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ

بیشک انسان پر ایک ایسا وقت آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز

الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ○ اِنَّا

قابل ذکر نہ تھا ہم

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ

نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا کیا

نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ○

کہ ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اسے سنتا دیکھتا بنایا

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ

اور اس کو رستہ بھی دکھایا اب وہ خواہ شکر گزار ہو

اِمَّا كَفُوْرًا ○ اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

یا ناشکرا ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں

سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ○ اِنَّ

طوق اور دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے بیشک

الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ
نیکوکار لوگ شراب کے وہ ساغر پئیں گے جس میں کافور
مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا
کی آمیزش ہوگی، یہ ایک چشمہ ہے جس میں خدا
عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝
کے (خاص) بندے پئیں گے اور جہاں چاہیں گے بہا لے جائیں گے
يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا
یہ لوگ ہیں جو نذریں پوری اور اس دن سے جس کی سختی ہر طرف
كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝ وَيُطْعِمُوْنَ
پھیلی ہوگی ڈرتے ہیں اور اس کی
الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا
محبت میں محتاج اور یتیم اور اسیر کو کھانا
وَّاَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ
کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو تم کو بس خالص خدا کے
اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا
کیلئے کھلاتے ہیں ہم نہ تو تم سے بدلے کے خواستگار ہیں اور نہ
شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا
شکر گذاری کے ہم کو تو اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر ہے
يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰهُمُ
جس میں منہ بن جائیں گے (اور) چہرے پر ہوائیاں اڑتی ہونگی تو خدا انہیں

اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ

اس دن کی تکلیف سے بچا لے گا اور ان کو تازگی

نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝ وَجَزٰىهُمْ

اور خوش دلی عطا فرمائے گا اور ان کے صبر کے

بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝

بدلے (بہشت کے) باغ اور ریشم کی پوشاک عطا فرمائے گا)

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا

وہاں وہ تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں

يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝

وہ (آفتاب کی) دھوپ دیکھیں گے اور نہ شدت کی سردی

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ

اور گھنے درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے گچھے

قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ

ان کے قریب ہر طرح ان کے اختیار میں اور ان کے سامنے چاندی کے

بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ۝

ساغر اور شیشے کے نہایت صاف اور شفاف گلاس کا دور چل رہا ہوگا

قَوَارِيْرَا۟ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ

اور شیشے بھی (کانچ کے نہیں) چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں۔

فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝ عَيْنًا فِيْهَا

اور وہاں انہیں ایسی شراب پلائی جائے گی جس میں زنجبیل (کے پانی) کی آمیزش ہوگی یہ بہشت

قرأ حفص بغير الالف في الوصل فيهما ووقف على الاول بالالف وعلى الثاني بغير الالف ۱۲

تُسَمّٰی سَلْسَبِیْلًا ۝ وَیَطُوْفُ عَلَیْهِمْ

ہیں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ ایک حالت

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ج اِذَا رَاَیْتَهُمْ

پر رہنے والے نوجوان لڑکے چکر لگاتے ہوں گے کہ جب تم ان کو دیکھو

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝ وَاِذَا

تو سمجھو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں اور جب

رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا وَّ مُلْكًا

تم وہاں نگاہ اٹھاؤ گے تو ہر طرح کی نعمت اور عظیم الشان

كَبِیْرًا ۝ عٰلِیَهُمْ ثِیَابُ سُنْدُسٍ

سلطنت دیکھو گے ان کے اوپر سبز کریپ اور

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ز وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ

اطلس کی پوشاک ہو گی اور انہیں چاندی کے کنگن

مِنْ فِضَّةٍ ج وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا

پہنائے جائیں گے اور اُن کا پروردگار انہیں نہایت پاکیزہ

طَهُوْرًا ۝ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ

شراب پلائے گا یہ یقینی تمہارے لئے ہو گا

جَزَآءً وَّ كَانَ سَعْیُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ ع

تمہاری (کارگزاریوں کے) صلہ میں اور تمہاری کوشش قابل شکر گزاری ہے

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ

اے رسول ہم نے تم پر قرآن کو رفتہ رفتہ کر کے

ع ۱ ۲۲ ۱۹

تَنْزِيْلًا ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا
نازل کیا تو تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور
تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝ وَ
ان لوگوں میں سے گنہگار اور ناشکرے کی پیروی نہ کرنا ، صبح
اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝
اور شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو ،
وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ
اور کچھ رات گئے اس کا سجدہ کرو اور بڑی رات تک
لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ
اسکی تسبیح کرتے رہو یہ لوگ یقینی دنیا کو پسند
الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا
کرتے ہیں اور بڑے بھاری دن کو اپنے پس پشت چھوڑ بیٹھے
ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ
ہیں ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے اعضاء
اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ
کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے ان ہی کے
تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ
ایسے لوگ لے آئیں بیشک یہ قرآن سراسر نصیحت ہے تو جو شخص
شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَ
چاہتا ہے اپنے پروردگار کی راہ لے اور

مَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ط

جب تک خدا کو منظور نہ ہو تم لوگ کچھ بھی چاہ نہیں سکتے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○

بے شک خدا بڑا واقف کار دانا ہے

يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ط وَ

جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے اور

الظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ○ ع

ظالموں کے واسطے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے

۲ ع ۹ ۲۰

اَسْنَادُ سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرْ

مجمع البیان میں بروایت ابی بن کعب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس سورۃ کو پڑھے تو خداوند عالم اس کو جناب رسالت مآبؐ کی رسالت کی تصدیق کرنے والوں کے مثل دس حسنہ عطا فرمائے گا۔ اور امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ جو شخص فریضہ میں اس کو پڑھے تو خداوند عالم پر اس کا حق ہوگا کہ اس کو جناب رسولؐ خدا کے ساتھ آپ کے درجہ میں جگہ دے اور اس سے اس کی زندگی میں کبھی کوئی شقاوت ظاہر نہ ہوگی اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص مداومت کرے تو اجر عظیم حاصل ہوگا اور بعد ختم سورہ حفظ قرآن کی دعا کرے تو جب تک یاد نہ کرے گا نہ مرے گا اور جو شخص مداومت کرے اور آخر میں جس حاجت کے لئے دعا کرے گا وہ بر آدے گی۔

آیاتها ۵۶ (۷۴) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ (۴) رکوعاتها ۲

سورۃ مدثر مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چھپن آیتیں اور دو رکوع ہیں ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَ

اے (میرے) کپڑا اوڑھنے والے (رسولؐ) اٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ اور

رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَ

اپنے پروردگار کی بڑائی کرو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور

الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝

گندگی سے الگ رہو اور اسطرح احسان نہ کرو کہ زیادہ کے خواستگار ہو

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَاِذَا نُقِرَ فِي

اور اپنے پروردگا کے لئے صبر کرو، پھر جب صور پھونکا جائے

النَّاقُوْرِ ۝ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝

گا تو وہ دن کافروں پر

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝ ذَرْنِيْ

سخت ہوگا آسان نہیں ہوگا ۔ (اے رسولؐ) مجھے

وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝ وَّجَعَلْتُ

اور اس شخص کو چھوڑ دو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا اور اسے

لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝

بہت سا مال دیا اور نظر کے سامنے رہنے والے بیٹے دیئے

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ

اور اسے ہر طرح کے سامان میں وسعت دی پھر اس پر بھی وہ طمع

اَنْ اَزِيْدَ ۝ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا

رکھتا ہے کہ اور بڑھاؤں یہ ہرگز نہ ہوگا یہ تو میری آیتوں کا دشمن

عَنِيْدًا ۝ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝ط اِنَّهٗ

تھا تو میں عنقریب اسے سخت عذاب میں مبتلا کروں گا، اس

فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝لا فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝لا

نے فکر کی اور تجویز کی تو یہ کمبخت مار ڈالا جائیگا اس نے کیونکر تجویز کی

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝لا ثُمَّ نَظَرَ ۝لا ثُمَّ

پھر مارا جائے اس نے کیونکر تجویز کی پھر غور کیا پھر تیوڑی چڑھائی پھر

عَبَسَ وَبَسَرَ ۝لا ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝لا

اور منہ بنا لیا پھر پیٹھ پھیر کر چلا گیا اور اکڑ بیٹھا

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝لا

پھر کہنے لگا یہ تو بس جادو ہے جو (اگلوں چلا آتا ہے)

اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ط سَاُصْلِيْهِ

یہ تو بس آدمی کا کلام ہے (خدا کا نہیں) میں اسے عنقریب

سَقَرَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝ط لَا

جہنم میں جھونک دونگا اور تم کیا جانو کہ جہنم کیا ہے وہ نہ

تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۝ج لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝ج صلے

باقی رکھے گی نہ چھوڑ دے گی اور بدن کو جلا کر سیاہ کر دے گی

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ط وَمَا جَعَلْنَآ

اس پر انیس (فرشتے معیّن) ہیں اور ہم نے جہنم کا نگہبان

اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ص وَّمَا

تو بس فرشتوں کو بنایا ہے اور ان

جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

کا یہ شمار بھی کافروں کی آزمائش کے لئے

كَفَرُوْا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

مقرر کیا تاکہ اہل کتاب (فوراً) یقین کر

الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا

لیں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو

وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور اہل کتاب اور مومنین (کسی طرح) شک نہ

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ

کریں اور جن لوگوں کے دل میں

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ

(نفاق کا) مرض ہو وہ اور کافر لوگ کہہ بیٹھیں کہ

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۗ كَذٰلِكَ يُضِلُّ

اس مثل (کے بیان کرنے) خدا کا کیا مطلب ہے یوں خدا جسے چاہتا

اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے

وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۗ وَ

اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور

مَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ كَلَّا وَ

یہ تو آدمیوں کے لئے بس نصیحت ہے سن رکھو (ہمیں

ع ١ ٣١ ١٥

الْقَمَرِ ۙ وَالَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ۙ وَالصُّبْحِ

چاند) کی قسم اور رات کی جب جانے لگے اور صبح کی

إِذَا أَسْفَرَ ۙ إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ ۙ

جب روشن ہو جائے کہ وہ جہنم بھی ایک بہت بڑی (آفت) ہے اور

نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ۙ لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ

لوگوں کو ڈرانے والی ہے (سب کے لئے نہیں) بلکہ) تم میں سے جو شخص

أَنْ يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ ؕ كُلُّ

(نیکی کی طرف) آگے بڑھنا اور برائی سے پیچھے ہٹنا چاہے، ہر شخص

نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ۙ إِلَّا

اپنے اعمال کے بدلے گرو ہے مگر

أَصْحٰبَ الْيَمِينِ ؕ فِي جَنّٰتٍ ؕ

ع ١٦

داہنے ہاتھ (میں نامہ عمل لینے) والے بہشت کے باغوں میں گنہگاروں

يَتَسَاءَلُونَ ۙ عَنِ الْمُجْرِمِينَ ۙ

سے باہم پوچھ رہے ہوں گے کہ آخر تمہیں دوزخ

مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ۙ قَالُوا لَمْ

میں کون سی چیز (گھسیٹ) لائی وہ لوگ کہیں گے

نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ۙ وَلَمْ نَكُ

نہ تو ہم نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ محتاجوں

نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۙ وَكُنَّا نَخُوضُ

کو کھانا کھلاتے تھے اور اہل باطل کے ساتھ

مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ

ہم بھی بڑے کام میں گھس پڑتے تھے۔ اور روز جزا کو

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰىٓ اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ۝

جھٹلایا کرتے تھے (اور یوں ہی رہے) یہانتک کہ ہمیں موت آگئی

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۝

تو اسوقت انہیں سفارش کرنے والوں کی سفارش کچھ کام نہ آئے گی،

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۝

اور انہیں کیا ہوگیا ہے کہ نصیحت سے مُنہ موڑے ہوئے ہیں

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝ فَرَّتْ مِنْ

گویا وہ وحشی گدھے ہیں کہ شیر سے (دُم دبا کر)

قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ

بھاگتے ہیں اصل یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص

مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝

اس کا متمنی ہے کہ اسے کھلی ہوئی (آسمانی کتابیں عطا کی جائیں)

كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝

یہ تو ہرگز نہ ہوگا بلکہ یہ تو آخرت ہی سے نہیں ڈرتے

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ

ہاں! ہاں! بیشک یہ (قرآن سراسر) نصیحت ہے تو جو چاہے اسے

ذَكَرَهٗ ۝ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

یاد رکھے اور خدا کی مشیت بغیر تو یہ لوگ

بِمَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ

یاد رکھنے والے نہیں وہی (بندوں کے) ڈرانے کے قابل اور

اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝ۧ

بخشش کا مالک ہے

اَسْنَادُ اٰيَةُ الْكُرْسِىُّ

مصباح کفعمی میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص ان آیات کو پڑھے خداوند عالم اس کے قلب میں حکمت ایمان و خلوص و توکل و سکینہ و وقار کو داخل کرے گا اور جو اس کو آب زمزم یا آب باراں سے لکھ کر پیئے اس کے جسم سے ہر بیماری خارج ہو گی اور وسوسۂ شیاطین اور نسیان اس سے دور ہو گا اور جو شخص اس کو تعویذ بنا کر پہنے تو جانور ان وحشی اور حشرات الارض سے اور ہر سحر اور بیماری جسم سے محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص اس کو پڑھے خدا اس پر کبھی عذاب نازل نہ کرے گا اور نظر رحمت سے اس کو دیکھے گا اور اس پر تونگری کے دروازے کھول دے گا۔ لکھ کر گلے میں لٹکائے تو درد و صرع و فقر دور ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

میں اس خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا

وہ ذات (پاک ہے) کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ زندہ ہے (اور سارے

تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی

جہان کا سنبھالنے والا ہے اسکو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ

ہے اور جو کچھ زمین میں ہے غرض سب کچھ اسی کا ہے کون

ع ۱۶/۲

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

ایسا ہے جو بدون اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرے

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

جو کچھ ان کے سامنے (موجود) ہے (وہ) جو کچھ ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے (خدا سب کو)

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ

جانتا ہے اور وہ لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے

اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ

مگر وہ (جسے) جتنا چاہے (سکھا دے) اس کی کرسی سب آسمانوں اور زمینوں

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

کو گھیرے ہوئے ہے اور ان دونوں (زمین و آسمان) کی نگہداشت اس پر (کچھ

وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ

بھی) گراں نہیں اور وہ (بڑا) عالیشان) بزرگ (مرتبہ) ہے دین میں کسی طرح

فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ

کی زبردستی نہیں) کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ) ظاہر ہو چکی تو

مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

جس شخص نے جھوٹے خداؤں (بتوں) سے انکار کیا اور خدا ہی پر ایمان

وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

لایا تو اس نے وہ مضبوط رسی پکڑ لی جو

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ

ٹوٹ ہی نہیں سکتی اور خدا

وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ

(سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے خدا ان لوگوں

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

کا سرپرست ہے جو ایمان لا چکے کہ انھیں (گمراہی کی) تاریکیوں

اِلَى النُّوۡرِ‌ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَوۡلِيٰٓـئُهُمُ

سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے کفر اختیار

الطَّاغُوۡتُ يُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ

کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر

اِلَى الظُّلُمٰتِ‌ؕ اُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ‌ۚ

(کفر کی) تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں) اور یہی لوگ تو جہنمی ہیں

هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ۝ؑ

اور یہی اس میں ہمیشہ رہیں گے

اَسۡنَادِ حَدِيۡثِ كِسَآء

اس حدیث کی شہرت و مقبولیت ظاہر ہے، اس کے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں آیۃ و فی ہدایہ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۝ اہل بیت عصمت و طہارت کی شان والا شان میں بکرات و مرات نازل ہوا ہے، جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلی اللہ مقامہٗ کتاب المنتخب فی المراثی والخطب مشہور بہ بیاض نجفی اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ آیۃ تطہیر خمسۂ نجبا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی المرتضیٰ اور جناب فاطمہ زہرا، اور حسن و حسین سید الشہداء خامس اصحاب کساء صلوات اللہ و سلامہٗ علیہم اجمعین کی شان میں نازل ہوا ہے، اس آیت کی شان نزول میں یہی حدیث کساء بیان کی جاتی ہے جس کے فضائل و مناقب اور اہل بیت علیہم

السلام کی شان و عظمت اس کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگی۔ مومنین کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص کے ساتھ تین مرتبہ محمد وآل محمدؐ پر درود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور بعد ختم پھر تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور درمیان میں اگر چند قطرۂ اشک نکل آئیں تو پھر جو دعا کریں گے انشاء اللہ مجیب الدعوات اور بہ طفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں

مختصر یہ کہ اس حدیث شریف کساء کی تلاوت سے جو فوائد اہل دنیا کو پہنچے ہیں وہ بے شمار ہیں۔

اگر پابندی وقت کے ساتھ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں تو انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے آپ کی تمام حاجات مشروعہ دینی و دنیاوی برآئیں گی۔ آمین ثم آمین۔ حدیث کساء یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

رُوِیَ عَنْ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ عَلَيْهَا

روایت کرتے ہیں جناب فاطمہؑ سے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ

السَّلَامُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ

وسلم کی بیٹی ہیں کہتے ہیں کہ میں نے سُنا

فَاطِمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ اَبِیْ

فاطمہؑ فرماتی ہیں ایک دن میرے والد اللہ کے رسولؐ میرے پاس تشریف

رَسُوْلُ اللّٰهِ فِیْ بَعْضِ الْاَيَّامِ فَقَالَ

لائے اور فرمایا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ فَقُلْتُ عَلَيْكَ

سلام ہو تم پر اے فاطمہؑ پس میں نے بھی کہا آپ پر بھی

السَّلَامُ قَالَ اِنِّیْ اَجِدُ فِیْ بَدَنِیْ ضُعْفًا

سلام ہو فرمایا میں اپنے بدن میں کمزوری محسوس

فَقُلْتُ لَهٗ اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ یَا اَبَتَاهُ مِنَ

کرتا ہوں پس میں نے عرض کی اے پدر بزرگوار میں آپ کو کمزوری سے

الضُّعْفِ فَقَالَ یَا فَاطِمَةُ اِیْتِیْنِیْ

اللہ کی پناہ میں رہتی ہوں فرمایا اے فاطمہؑ

بِالْکِسَآءِ الْیَمَانِیْ فَغَطِّیْنِیْ بِهٖ فَاَتَیْتُهٗ

یمنی چادر لاکر مجھے اوڑھا دو

بِالْکِسَآءِ الْیَمَانِیْ فَغَطَّیْتُهٗ بِهٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ

پس میں نے وہ یمنی چادر لاکر اوڑھا دی پھر میں نے

اِلَیْهِ وَاِذَا وَجْهُهٗ یَتَلَاْلَؤُ كَاَنَّهُ الْبَدْرُ فِیْ

دیکھا کہ آپ کے چہرہ اقدس سے ایسا نور ساطع ہے جیسے چودھویں

لَیْلَةِ تَمَامِهٖ وَكَمَالِهٖ فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً

کا چاند کامل ہے ابھی تھوڑی دیر نہ

وَاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ

گزری تھی کہ میرا بیٹا حسنؑ آگیا اور کہا

السَّلَامُ عَلَیْكِ یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ

سلام ہو تم پر اے مادر گرامی پس میں نے کہا تم پر بھی

السَّلَامُ یَا قُرَّةَ عَیْنِیْ وَ ثَمَرَةَ فُؤَادِیْ

سلام ہو اے میری آنکھوں کے نور اور

فَقَالَ يَا اُمَّاهُ اِنِّيْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَآئِحَةً

پھر کہا اے مادرِ گرامی میں آپ کے پاس پاک

طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَآئِحَةُ جَدِّيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اور طیّب خوشبو محسوس کر رہا ہوں اپنے نانا رسولؐ اللہ

فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ تَحْتَ الْكِسَآءِ

میں نے کہا ہاں تیرے نانا چادر کے

فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ نَحْوَ الْكِسَآءِ وَقَالَ السَّلَامُ

نیچے موجود ہیں پس حسنؑ چادر کے پاس آئے

عَلَيْكَ يَا جَدَّاهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ

اور کہا سلام ہو آپ پر اے جد بزرگوار اے اللہ کے

لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكَ تَحْتَ الْكِسَآءِ

رسولؐ آیا مجھے اجازت ہے میں چادر میں آپ کے پاس آجاؤں

فَقَالَ وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا وَلَدِيْ وَ يَا

فرمایا اور تم پر بھی سلام ہو اے میرے بیٹے اور اے

صَاحِبَ حَوْضِيْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَادْخُلْ

حوضِ کوثر کے مالک اجازت ہے آجاؤ پس (حسنؑ)

مَعَهُ تَحْتَ الْكِسَآءِ فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَّ

چادر میں ان کے ساتھ داخل ہو گئے ابھی تھوڑی دیر گذری تھی کہ

اِذًا بِوَلَدِيَ الْحُسَيْنِ قَدْ اَقْبَلَ وَ قَالَ

میرا بیٹا حسینؑ آگیا اور کہا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَيْكَ

سلام ہو تم پر اے مادرِ گرامی میں نے کہا تم پر بھی

اَلسَّلَامُ يَا وَلَدِيْ وَيَا قُرَّةَ عَيْنِيْ وَ

سلام ہو اے میرے فرزند اے آنکھوں کی ٹھنڈک اور

ثَمَرَةَ فُؤَادِيْ فَقَالَ لِيْ يَا اُمَّاهُ اِنِّيْ اَشَمُّ

میوہ دل پس کہا (حسینؑ نے) اے مادرِ گرامی مجھے تو آپ

عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّيْ

(کے گھر سے) پاک طیّب خوشبو آ رہی ہے جیسے میرے نانا

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ وَ

رسولؐ خدا کی خوشبو ہے میں نے کہا بیشک تمہارے نانا تمہارے

اَخَاكَ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ فَدَنٰى الْحُسَيْنُ

بھائی چادر کے نیچے موجود ہیں پس حسینؑ چادر

نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

کے پاس آئے اور کہا سلام ہو آپ

يَا جَدَّاهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ

پر اے نانا جان سلام ہو آپؐ پر

اخْتَارَهُ اللّٰهُ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ

اے اللہ کے چنے ہوئے آیا اجازت ہے میں بھی آپ کے

مَعَكُمَا تَحْتَ الْكِسَاۤءِ فَقَالَ وَعَلَيْكَ

پاس چادر کے نیچے آجاؤں فرمایا تم پر بھی

اَلسَّلَامُ یَا وَلَدِیْ وَ یَا شَافِعَ اُمَّتِیْ

سلام ہو اے میرے فرزند اور اے میری امت کی شفاعت کرنیوالے

قَدْ اَذِنْتُ لَکَ فَدَخَلَ مَعَهُمَا تَحْتَ

ہاں تم کو اجازت ہے آجاؤ پس حسینؑ بھی اُن

الْکِسَآءِ فَاَقْبَلَ عِنْدَ ذٰلِکَ اَبُوالْحَسَنِ

کے ساتھ چادر میں داخل ہو گئے پس آئے میرے پاس حسنؑ کے

عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَ قَالَ السَّلَامُ

باپ علی ابن ابی طالبؑ اور کہا سلام ہو

عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ

تم پر اے اللہ کے رسولؐ کی بیٹی میں نے کہا

وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا اَبَا الْحَسَنِ وَ

آپ پر بھی سلام ہو اے حسنؑ کے ابا

یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ یَا فَاطِمَةُ

اے امیر مومناں پس فرمایا اے فاطمہؑ

اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَکِ رَآئِحَةً طَیِّبَةً

مجھے آپ کے ہاں سے ایسی پاک وطیب خوشبو آرہی ہے

کَاَنَّهَا رَآئِحَةُ اَخِیْ وَ ابْنِ عَمِّیْ

گویا میرے بھائی اور ابن عم

رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ هَا هُوَ

رسولؐ خدا موجود ہیں میں نے کہا ہاں وہ آپکے

مَعَ وَ لَدَیْکَ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَاَقْبَلَ

بیٹوں کے ساتھ چادر کے نیچے موجود ہیں پس علیؑ بھی

عَلِیٌّ نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

چادر کے پاس آئے اور فرمایا سلام ہو تم پر

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَکُوْنَ

اے اللہ کے رسولؐ آیا مجھے بھی اجازت ہے کہ

مَعَکُمْ تَحْتَ الْکِسَآءِ قَالَ لَہٗ وَ

آپ کے ساتھ چادر میں آجاؤں فرمایا تم پر

عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا اَخِیْ وَ یَا

بھی سلام ہو اے میرے بھائی اور میرے

وَصِیِّیْ وَ خَلِیْفَتِیْ وَ صَاحِبَ

وصی اور میرے جانشین اور صاحب

لِوَآئِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَکَ فَدَخَلَ

لوا (حمد اور جزا) تم کو بھی اجازت ہے

عَلِیٌّ تَحْتَ الْکِسَآءِ ثُمَّ اَتَیْتُ

پس علیؑ بھی چادر میں داخل ہو گئے اب میں بھی

نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

چادر کے پاس آئی اور عرض کی سلام ہو آپ پر

یَا اَبَتَاہُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَتَاْذَنُ

اے پدر بزرگوار اے اللہ کے رسولؐ آیا مجھے بھی

لِيْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمْ تَحْتَ الْكِسَآءِ

اجازت ہے کہ آپ کے ساتھ چادر میں آجاؤں

قَالَ وَ عَلَيْكِ السَّلَامُ يَا بِنْتِيْ

اور فرمایا تم پر بھی سلام ہو اے دختر نیک اختر

وَ يَا بَضْعَتِيْ قَدْ اَذِنْتُ لَكِ

اور اے میرے جگر کے ٹکڑے تم کو بھی اجازت ہے پس

فَدَخَلْتُ تَحْتَ الْكِسَآءِ فَلَمَّا

میں بھی چادر میں داخل ہوگئی جب ہم

اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ الْكِسَآءِ

سب چادر میں جمع ہو گئے تو

اَخَذَ اَبِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِطَرَفِ

میرے باپ اللہ کے رسولؐ نے چادر کے کنارے پکڑ لئے

الْكِسَآءِ وَ اَوْمَئَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى اِلَى

اور اپنا دایاں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیا

السَّمَآءِ وَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰؤُلَآءِ

اور فرمایا اے اللہ یہ ہیں میرے

اَهْلُ بَيْتِيْ وَخَآصَّتِيْ وَ حَآمَّتِيْ

اہل بیتؑ اور میرے خاص ان کا گوشت

لَحْمُهُمْ لَحْمِيْ وَ دَمُهُمْ دَمِيْ

میرا گوشت ان کا خون میرا خون جس نے

يُؤْلِمُنِيْ مَا يُؤْلِمُهُمْ وَ يَحْزُنُنِيْ مَا

مجھے اذیت دی اس نے انکو اذیت دی جس نے مجھے محزون کیا

يَحْزُنُهُمْ اَنَا حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَهُمْ

اس نے انکو محزون کیا میں اس سے لڑوں گا جو ان سے جنگ کرے

وَسِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَهُمْ وَ عَدُوٌّ لِّمَنْ

اور میری اس سے صلح جو اُن سے صلح رکھے اور دشمن ہوں

عَادَاهُمْ وَ مُحِبٌّ لِّمَنْ اَحَبَّهُمْ

اس کا جو اُن سے عداوت رکھے اور وہ میرا دوست جو اُن سے محبت رکھے

اِنَّهُمْ مِّنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُمْ فَاجْعَلْ

یہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں پس قرار دے

صَلَوَاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ

اپنی رحمتیں اور برکتیں اور

وَ غُفْرَانَكَ وَ رِضْوَانَكَ عَلَيَّ وَ

بخششیں اور رضائیں میرے لئے اور

عَلَيْهِمْ وَ اَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ

میرے اہل بیت کیلئے اور دُور کردے اُن سے ہر قسم کی نجاست کو

وَ طَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا فَقَالَ اللّٰهُ

اور ان کو ایسا پاک کردے جیسا حق ہے پاک کرنے کا پس فرمایا اللہ نے

عَزَّوَجَلَّ يَا مَلٰٓئِكَتِيْ وَ يَا سُكَّانَ

عزوجل نے اے میرے ملائکہ اور اے آسمانوں کے

سَمَاوَاتِیْ اِنِّیْ مَا خَلَقْتُ سَمَآءً

اور خداوند عالم اس کے تمام گناہ بخش دیگا۔ اگرچہ بعد ستارہ ہائے آسمان اور ریگہائے صحرا اور برگہائے درختاں ہوں اور وہ شخص عذاب قبر سے امان میں ہوگا اس کی قبر میں ایک دروازہ بہشت کا کھول دیا جائیگا۔ جس حاجت کیلئے پڑھے گا انشاء اللہ پوری ہوگی۔ اے ابن عباس اگر ہمارے کسی دوست پر بلا و مصیبت آئے تو اسکو پڑھے نجات ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں نام سے اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ

خداوندا تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما خداوندا تو

اَلْعَنْ صَنَمَیْ قُرَیْشٍ وَّجِبْتَیْهِمَا وَطَاغُوْتَیْهِمَا

تو قریش کے دونوں (ظالم) باطل معبودوں اور دونوں شیطانوں اور

وَاِفْکَیْهِمَا وَابْنَتَیْهِمَا الَّذَیْنِ خَالَفَا اَمْرَکَ

دونوں مشرکوں اور ان دونوں کی بیٹیوں پر لعنت کر جنہوں نے تیرے حکم کی

وَاَنْکَرَا وَحْیَکَ وَجَحَدَا اِنْعَامَکَ وَ

مخالفت کی اور تیری وحی سے انکار کیا اور تیرے انعام سے منکر ہوئے اور

عَصَیَا رَسُوْلَکَ وَقَلَّبَا دِیْنَکَ وَحَرَّفَا

تیرے رسول کی نافرمانی کی اور تیرے دین کو تیرے منقلب کیا اور تیری کتاب

کِتَابَکَ وَاَحَبَّا اَعْدَآئَکَ وَجَحَدَا

میں تحریف کی اور تیرے دشمنوں کو دوست بنایا اور تیری نعمتوں

آلَائَکَ وَعَطَّلَا اَحْکَامَکَ

سے انکار کیا اور تیرے احکام کو معطل کیا

وَاَبْطَلَا فَرَآئِضَکَ وَاَلْحَدَا فِیْ

اور تیرے فرائض کو باطل کر دیا اور تیری آیتوں میں الحاد

آیَاتِکَ وَعَادَیَا اَوْلِیَآئَکَ وَوَالَیَا

کیے اور تیرے دوستوں سے عداوت کی اور تیرے دشمنوں

اَعْدَآئَکَ وَخَرَّبَا بِلَادَکَ وَاَفْسَدَا

سے محبت کی اور تیرے شہروں کو خراب کیا اور تیرے بندوں

عِبَادَکَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمَا وَاَتْبَاعَهُمَا

میں فساد پھیلایا خداوندا تو ان دونوں اور ان کی متابعت کرنے والوں

وَاَوْلِيَاءَهُمَا وَاَشْيَاعَهُمَا وَمُحِبِّيْهِمَا

اور ان کے دوستوں اور پیروؤں اور ان کے مددگاروں پر لعنت کر

فَقَدْ اَخْرَبَا بَيْتَ النُّبُوَّةِ وَرَدَمَا

کیونکہ انہوں نے خانہ نبوت کو تباہ کیا اور اس کا دروازہ

بَابَهُ وَنَقَضَا سَقْفَهُ وَاَلْحَقَا سَمَاءَهُ

بند کیا اور اسکی چھت کو توڑ ڈالا اور اس کے آسمان کو اس کی

بِاَرْضِهِ وَعَالِيَهُ بِسَافِلِهِ وَظَاهِرَهُ

زمین سے اور اسکی بلندی کو اس کی پستی سے اور اس کے ظاہر کو

بِبَاطِنِهِ وَاسْتَاْصَلَا اَهْلَهُ وَاَبَادَا

باطن سے ملا دیا اور اس (گھر) کے مکینوں کا استیصال کیا اور اس کے مددگاروں

اَنْصَارَهُ وَقَتَلَا اَطْفَالَهُ وَاَخْلَيَا

کو ہلاک کیا اور اس کے بچوں کو قتل کیا اور اس کے منبر کو اس

مِنْبَرَهُ مِنْ وَصِيِّهِ وَوَارِثِ عِلْمِهِ وَ

کے وصی اور وارث علم سے خالی کیا اور

جَحَدَا اِمَامَتَهُ وَاَشْرَكَا بِرَبِّهِمَا فَعَظِّمْ

اس کی امامت سے انکار کیا اور ان دونوں نے اپنے پروردگار کے

ذَنْبَهُمَا وَخَلِّدْهُمَا فِيْ سَقَرَ وَمَا اَدْرَاكَ

ساتھ شریک کیا لہٰذا تو ان کے عذاب کو سخت کر اور ہمیشہ ان دونوں

مَا سَقَرُ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ

کو دوزخ میں رکھ اور تو خوب جانتا ہے کہ دوزخ کیا ہے وہ کسی کو باقی رکھتا ہے اور

بَعَدَ دِكُلِّ مُنْكَرٍ اَتَوْهُ وَحَقٍّ اَخْفَوْهُ

نہ چھوڑتا ہے خداوندا تو ان پر لعنت کر ہر بُری بات کے عوض میں جو ان سے سرزد ہوئی

وَمِنْبَرٍ عَلَوْهُ وَمُؤْمِنٍ اَرْجَوْهُ وَمُنَافِقٍ

یعنی انہوں نے حق کو پوشیدہ کیا اور ممبر پر چڑھے اور مومن کو تکلیف دی اور منافق سے

وَلَّوْهُ وَوَلِيٍّ اٰذَوْهُ وَطَرِيْدٍ اٰوَوْهُ وَ

دوستی کی اور (خدا کے) دوست کو ایذا دی اور (رسولؐ) کے طرید کو واپس لائے

صَادِقٍ طَرَدُوْهُ وَكَافِرٍ نَصَرُوْهُ وَ

اور خدا کے سچے (اور مخلص بندہ) کو جلاوطن کیا اور کافر کی مدد کی اور

اِمَامٍ قَهَرُوْهُ وَفَرْضٍ غَيَّرُوْهُ وَاَثَرٍ

امام کی بے حرمتی کی اور واجب ہیں تغیر کیا اور نشانی

اَنْكَرُوْهُ وَشَرٍّ اٰثَرُوْهُ وَدَمٍ اَرَاقُوْهُ وَ

سے منکر ہوئے اور شر کو اختیار کیا اور (معصوم) کا خون بہایا اور

خَبَرٍ بَدَّلُوْهُ وَكُفْرٍ نَصَبُوْهُ وَكِذْبٍ

خبر کو تبدیل کیا اور کفر کو قائم کیا اور جھوٹ (اور باطل) پر

دَلَسُوْهُ وَاِرْثٍ غَصَبُوْهُ وَفَيْءٍ

اڑے رہے اور میراث پر (ناحق) قابض ہوئے اور خراج

اقْتَطَعُوْهُ وَسُحْتٍ اَكَلُوْهُ وَخُمْسٍ

منقطع کیا اور حرام سے اپنا پیٹ بھرا اور خمس کو (اپنے لئے)

اسْتَحَلُّوْهُ وَبَاطِلٍ اَسَّسُوْهُ وَجَوْرٍ

حلال کیا اور باطل کی بنیاد قائم کی اور ظلم (وجور)

بَسَطُوْهُ وَنِفَاقٍ اَسَرُّوْهُ وَغَدْرٍ اَضْمَرُوْهُ

کو رائج کیا اور (دل میں) نفاق پوشیدہ رکھا اور مکر کو قلب میں چھپائے رکھا

وَظُلْمٍ نَشَرُوْهُ وَوَعْدٍ اَخْلَفُوْهُ وَاَمَانَةٍ

اور ظلم (وستم) کی اشاعت کی اور وعدوں کے خلاف عمل کیا اور امانت میں

خَانُوْهُ وَعَهْدٍ نَقَضُوْهُ وَحَلَالٍ حَرَّمُوْهُ

خیانت کی اور (اپنے) عہد کو توڑا اور (خدا و رسول کے) حلال کو حرام کیا

وَحَرَامٍ اَحَلُّوْهُ وَبَطْنٍ فَتَقُوْهُ وَجَنِيْنٍ

اور حرام کو حلال کیا اور (معصومہ کے) شکم (پر دروازہ گرا کے) شگافتہ کیا اور

اَسْقَطُوْهُ وَضِلْعٍ دَقُّوْهُ وَصَكٍّ مَزَّقُوْهُ

(محسن معصوم کا) حمل ساقط کیا اور (معصومہ عالم کے) پہلو کو زخمی کیا اور قبالہ کو (جو درا

وَشَمْلٍ بَدَّدُوْهُ وَعَزِيْزٍ اَذَلُّوْهُ وَذَلِيْلٍ

گذشت فدک پر لکھا گیا تھا) پھاڑ ڈالا اور جمعیت کو پراگندہ کیا اور معززین کی آبروریزی

اَعَزُّوْهُ وَحَقٍّ مَنَعُوْهُ وَكَذِبٍ دَلَّسُوْهُ

کی اور ذلیل کو عزیز کیا اور (حقدار) کو حق سے محروم کیا اور جھوٹ کو فریب کے ساتھ

وَحُكْمٍ قَلَبُوْهُ وَاِمَامٍ خَالَفُوْهُ اَللّٰهُمَّ

عمل میں لائے اور (خدا و رسول) کے حکم کو بدل دیا اور امام کی مخالفت کی خداوندا تو

الْعَنْهُمْ بِعَدَدِ كُلِّ اٰيَةٍ حَرَّفُوْهَا وَ

ان پر ہر آیت کے عدد کے موافق لعنت کر جن کو انھوں نے تحریف کی اور

فَرِيْضَةٍ تَرَكُوْهَا وَسُنَّةٍ غَيَّرُوْهَا وَ

(بعدد) ہر واجب کے جن کو ترک کیا اور (بعدد) ہر سنت کے جن کو الٹ پلٹ دیا

أَحْكَامٍ عَطَّلُوهَا وَرُسُومٍ قَطَعُوهَا وَوَصِيَّةٍ
اور (بعدد) ہر حکم کے جن کو معطل کیا اور (بعدد) ہر رسم کے جن کو قطع کیا اور اس وصیت

بَدَّلُوهَا وَأُمُورٍ ضَيَّعُوهَا وَبَيْعَةٍ نَكَّثُوهَا
کے عوض جس کو بدل دیا اور ان حکموں کے عوض جن کو ضائع کیا اور اس بیعت کے عوض

وَشَهَادَاتٍ كَتَمُوهَا وَدَعْوَاءَ أَبْطَلُوهَا وَ
جس کو توڑ ڈالا اور ان شہادتوں کے عوض جنکو پوشیدہ کیا اور ان دعوؤں کے عوض جنکو

بَيِّنَةٍ أَنْكَرُوهَا وَحِيلَةٍ أَحْدَثُوهَا وَ
باطل کیا اور اس گواہی کے عوض جس سے انکار کیا اور جو حیلہ کیا اور جو

خِيَانَةٍ أَوْرَدُوهَا وَعَقَبَةٍ ارْتَقَوْهَا وَ
خیانت کی اور پہاڑ پر (رسول کو چھوڑ کر) بھاگنے کے عوض اور ان دونوں

دِبَابٍ دَحْرَجُوهَا وَأَزْيَافٍ لَزِمُوهَا
کو گردش دینے کے عوض اور اے خداوندا تو ان پر

اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ فِي مَكْنُونِ السِّرِّ وَظَاهِرِ
پوشیدہ طور پر اور ظاہر بظاہر لعنت کر کثیر لعنت اور

الْعَلَانِيَةِ لَعْنًا كَثِيرًا أَبَدًا دَائِمًا دَائِبًا
قیامت تک برابر ہمیشہ دائم جسکی

سَرْمَدًا لَا انْقِطَاعَ لِعَدَدِهِ وَلَا نَفَادَ
تعداد میں (کبھی) نہ کمی ہو اور اسکی مدت ختم ہو ایسی

لِأَمَدِهِ لَعْنًا يَعُودُ أَوَّلُهُ وَلَا يَنْقَطِعُ
لعنت جو اول سے شروع ہو آخر تک منقطع نہ ہو

اُخِرَۃً لَّهُمْ وَلِاَعْوَانِهِمْ وَاَنْصَارِهِمْ وَ
(اور نہ ہ) ان پر اور ان کے مددگاروں اور نصرت کرنے والوں
مُحِبِّیْهِمْ وَمَوَالِیْهِمْ وَالْمُسْلِمِیْنَ لَهُمْ
اور دوستوں اور انکے دوستداروں اور فرمانبرداروں پر (اور پھر)
وَالْمَائِلِیْنَ اِلَیْهِمْ وَالنَّاهِقِیْنَ بِاحْتِجَاجِهِمْ
اور ان کیطرف رغبت کرنے والوں پر اور ان کے احتجاج پر ہم آواز ہونیوالوں
وَالنَّاهِضِیْنَ بِاَجْنِحَتِهِمْ وَالْمُقْتَدِیْنَ
پر اور ان کی پیروی کرنیوالوں کے ساتھ کھڑے ہونیوالوں اور ان کے
بِكَلَامِهِمْ وَالْمُصَدِّقِیْنَ بِاَحْكَامِهِمْ
اقوال ماننے والوں پر اور ان کے احکام کی تصدیق کرنے والوں پر ہو پھر
قُلْ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ :- اَللّٰهُمَّ عَذِّبْهُمْ عَذَابًا
چار مرتبہ کہو خداوندا تو ان پر ایسا عذاب
یَّسْتَغِیْثُ مِنْهُ اَهْلُ النَّارِ اٰمِیْنَ رَبَّ
نازل کر جس سے اہل دوزخ فریاد کرنے لگیں (اور)
الْعَالَمِیْنَ ثُمَّ تَقُوْلُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ :- اَللّٰهُمَّ
اے تمام عالموں کے پروردگار (میری یہ دعا) قبول کر پھر چار مرتبہ کہو اے
الْعَنْهُمْ جَمِیْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
خداوندا تو ان سب پر لعنت کر خداوندا تو رحمت نازل فرما محمدؐ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ فَاَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ
و آل محمدؐ پر (اور) پھر مجھ کو اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام

حَرَامِكَ وَأَعِذْنِي مِنَ الْفَقْرِ رَبِّ إِنِّي

سے بے نیاز فرما اور محتاجی سے مجھ کو پناہ دے پروردگارا یقیناً

أَسَأْتُ وَظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ

میں نے بُرا کیا اور اپنے نفس پر ظلم کیا اور میں نے اپنے گناہوں

بِذُنُوبِي وَهَا أَنَا ذَا بَيْنَ يَدَيْكَ فَخُذْ

کا اقرار کیا اور اب میں تیرے سامنے ہوں تو اپنے لئے میرے

لِنَفْسِكَ رِضَاهَا مِنْ نَفْسِي لَكَ الْعُتْبَىٰ

نفس کی رضامندی قبول کر (کیونکہ) میری بازگشت

لَا أَعُودُ فَإِنْ عُدْتُ فَعُدْ عَلَيَّ بِالْمَغْفِرَةِ

تیری طرف ہے (اور کیونکہ) میں تیری طرف نہ پلٹوں تو تو مجھ پر رحم

وَالْعَفْوِ لَكَ بِفَضْلِكَ وَجُودِكَ بِمَغْفِرَتِكَ

اور بخشش فرما جو خاص تیرا حصّہ ہے اپنے فضل اور بخشش اور مغفرت

وَكَرَمِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَصَلَّى

اور کرم کے ساتھ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم اور رحمت

اللّٰهُ عَلَىٰ سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَخَاتَمِ

نازل فرما سیدالمرسلین اور خاتم النبیین پر

النَّبِيِّينَ وَآلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

اور ان کی پاک اور طاہر آل پر اپنی رحمت سے

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم۔

دعائے جوشن کبیر کے اسناد

اس دعاء مبارکہ کے فضائل و خواص بہت ہیں، کتاب تحفۃ النجاح میں لکھا ہے کہ جو شخص گھر سے نکلنے کے وقت اس دعاء کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے محافظت کریگا خدا اسکی ہر بلا سے اور ثواب اس کا اس شخص کے مثل ہے کہ جسنے چاروں آسمانی کتابیں پڑھی ہوں اور جس گھر میں یہ دعاء ہو وہ گھر آتشزدگی اور چوری سے محفوظ رہیگا اور اس دعا کو خلوص نیت سے جس مریض پر پڑھے خداوند عالم اس کو شفا دے گا خواہ وہ مرض جنون ہو یا برص ہو یا جذام ہو اور جو کوئی اس دعا کو کفن پر اپنے لکھوائے تو خدا اس پر عذاب نہ کرے اور جو شخص ماہ مبارک رمضان میں تین مرتبہ پڑھے خدا آتش دوزخ اس پر حرام اور بہشت اس پر واجب کرے اور فرمایا کہ اس دعا مبارکہ کو تعلیم نہ کرنا مگر مرد مومن پرہیزگار کو۔ اور اس دعا میں ہزار اسم ہیں اور اسم اعظم بھی ہے۔

اس دعا کے ہر ٹکڑے کے ختم پر یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ

اے وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے اور فریاد رسوں

الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ○

کا فریاد رس ہے نجات دے ہم کو آتش دوزخ سے اے پالنے والے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمٰن و رحیم ہے

① برائے فتح کارہائے دشوار:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

خدایا میں

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا

بھیک مانگتا ہوں تیرے نام سے اے اللہ! اے رحمٰن! اے

رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا مُقِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا
رحیم! اے کرم کرنے والے! اے قائم اے بزرگی والے اے

قَدِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ
ہمیشہ رہنے والے اے دانا اے بُردبار اے حکمت والے

یہاں تک پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیئے سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ : اور ہر ٹکڑے کے بعد اسی دعا کو پڑھے ۔

۲ برائے نصرت وفیروزی :۔ یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ
اے سرداروں کے سردار

یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ
اے دعاؤں کے قبول کرنے والے اے مرتبوں کے بلند کرنے والے

یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ یَا غَافِرَ الْخَطِیْئَاتِ یَا
اے نیکیوں کے والی اے گناہوں کے بخشنے والے اے

مُعْطِیَ الْمَسْئَلَاتِ یَا قَابِلَ التَّوْبَاتِ یَا
عطا کرنے والے سوالات کے اے توبہ قبول کرنے والے اے

سَامِعَ الْاَصْوَاتِ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ یَا
آوازوں کے سننے والے اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے اے

دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ○
بلاؤں کے دفع کرنے والے

۳ برائے عزت ونصرت :۔ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ یَا
اے بہترین بخشنے والے اے

خَيْرَ الْفَاتِحِيْنَ يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ يَا خَيْرَ

بہترین کشائش پیدا کرنے والے اے بہترین نصرت کرنے والے اے بہترین

الْحَاكِمِيْنَ يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ

حکم کرنے والے اے بہترین رزق دینے والے اے بہترین وارثوں کے

يَا خَيْرَ الْحَامِدِيْنَ يَا خَيْرَ الذَّاكِرِيْنَ يَا

اے بہترین حمد کرنے والے اے بہترین ذکر کرنے والے اے

خَيْرَ الْمُنْزِلِيْنَ يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○

بہترین نازل کرنے والے اے بہترین احسان کرنے والے

۴ برائے عزت دنیا و دین:- يَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَ

اے وہ جس کے واسطے عزت و نیکی ہے

الْجَمَالُ يَا مَنْ لَّهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ يَا

اے وہ جس کے واسطے قدرت و کمال ہے اے

مَنْ لَّهُ الْمُلْكُ وَالْجَلَالُ يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيْرُ

وہ ذات جو صاحب ملک بزرگی ہے اے وہ ذات جو بزرگ و

الْمُتَعَالُ يَا مُنْشِئَ السَّحَابِ الثِّقَالِ يَا

عالی مرتبہ ہے اے پیدا کرنے والے بھاری بھاری بادلوں کے اے

مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ يَا مَنْ هُوَ

وہ خدا جو سب سے زیادہ طاقتور ہے اے وہ خدا جو

شَدِيْدُ الْعِقَابِ يَا مَنْ هُوَ سَرِيْعُ

سخت عذاب کرنے والا ہے اے وہ خدا جو جلد حساب لینے

الْحِسَابِ يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ
والا ہے اے وہ خدا جس کے پاس عمدہ سے عمدہ ثواب ہے

يَا مَنْ هُوَ عِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ○
اے وہ خدا جس کے پاس ام الکتاب ہے

۵ برائے عزت و بزرگی و روائے مہمات چہل بار :- اَللّٰهُمَّ
خداوندا

إِنِّي أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ
بتحقیق سوال کرتا ہوں میں تیرے نام سے اے مہربان اے احسان کرنیوالے

يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ يَا سُلْطَانُ يَا
اے جزا دینے والے اے روشن دلیل اے بادشاہ اے

رِضْوَانُ يَا غُفْرَانُ يَا سُبْحَانُ يَا
خوشنود کرنے والے اے بخشنے والے اے پاک اے

مُسْتَعَانُ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيَانِ ○
عاجزوں کے مددگار اے صاحب نعمت اور ظاہر کرنے والے چیزوں کے

۶ برائے حصول مراتب و نعمات :- يَا مَنْ تَوَاضَعَ
اے وہ خدا جو سب پر غالب

كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِهِ يَا مَنِ اسْتَسْلَمَ
ہے بسبب اپنی بزرگی کے اے وہ خدا کہ اس کی بزرگی کے

كُلُّ شَيْءٍ لِقُدْرَتِهِ يَا مَنْ ذَلَّ كُلُّ
نزدیک ہر چیز ذلیل ہے اے وہ خدا کہ اس کی ہیبت سے

شَیْءٍ لِعِزَّتِهٖ یَا مَنْ خَضَعَ کُلُّ شَیْءٍ

ہر چیز عاجزی کرتی ہے اے وہ خدا کہ اس کے خوف سے ہر چیز تابعدار

لِهَیْبَتِهٖ یَا مَنِ انْقَادَ کُلُّ شَیْءٍ مِنْ

ہے اے وہ خدا کہ پھٹ جاتے ہیں پہاڑ اس کے

خَشْیَتِهٖ یَا مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِنْ

خوف سے اے وہ خدا جس کے حکم سے

مَخَافَتِهٖ یَا مَنْ قَامَتِ السَّمٰوٰتُ بِاَمْرِهٖ یَا

آسمان قائم ہیں اے وہ خدا

مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرَضُوْنَ بِاِذْنِهٖ یَا مَنْ

کہ جس کے حکم سے زمین ساکن ہے اے وہ

یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ یَا مَنْ لَّا یَعْتَدِیْ

خدا جس کی تسبیح فرشتہ رعد حمد کے ساتھ کرتا ہے اے وہ خدا جو اپنے

عَلٰۤی اَهْلِ مَمْلَکَتِهٖ سُبْحَانَکَ ○

بندوں میں سے کسی پر ظلم نہیں کرتا، تو پاک ہے۔

۷ برائے دفع بلا وحصول رجات :- یَا غَافِرَ الْخَطَایَا

اے گناہوں کے بخشنے والے

یَا کَاشِفَ الْبَلَایَا یَا مُنْتَهَی الرَّجَایَا یَا

اے بلاؤں کے دُور کرنے والے اے امیدوں کی انتہا اے

مُجْزِلَ الْعَطَایَا یَا وَاهِبَ الْهَدَایَا یَا

بخششوں کے تمام کرنے والے اے نعمتوں کے عطا کرنے والے اے تمام مخلوق

رَازِقَ الْبَرَایَا یَا قَاضِیَ الْمَنَایَا یَا

کے روزی دینے والے اے بندوں کے حاکم اے

سَامِعَ الشَّکَایَا یَا بَاعِثَ الْبَرَایَا یَا

شکایتوں کے سننے والے اے مخلوق کے زندہ کرنے والے اے

مُطْلِقَ الْاُسَارٰی سُبْحَانَكَ ○

اسیروں کے رہا کرنے والے تو پاک ہے۔

⑧ برائے امان عذاب از دنیا و آخرت:۔ یَا ذَا الْحَمْدِ

اے صاحب حمد و

وَالثَّنَآءِ یَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَآءِ یَا ذَا الْمَجْدِ

ستائش اے صاحب فخر و بزرگی اے صاحب عزت

وَالسَّنَآءِ یَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفَآءِ یَا ذَا

و رفعت اے صاحب عہد و وفا اے صاحب

الْعَفْوِ وَالرِّضَآءِ یَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَآءِ

بخشش و خوشنودی اے صاحب احسان و عطا

یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْقَضَآءِ یَا ذَا الْعِزِّ وَ

اے صاحب فضیلت و فیصلہ برحق اے صاحب بلندی

الْبَقَآءِ یَا ذَا الْجُوْدِ وَالسَّخَآءِ یَا ذَا

و ہمیشگی اے صاحب بخشش و سخاوت اے صاحب

الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ سُبْحَانَكَ ○

نعمات کثیرہ تو پاک ہے۔

⑨ برائے دفعِ خوف و امراض :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ

خداوندا میں بے شک تیرے نام کے ساتھ

بِاسْمِكَ يَا مَانِعُ يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا

تجھ سے سوال کرتا ہوں اے آفتوں کے روکنے والے اے بلاؤں کے دور کرنیوالے اے بلند کرنیوالے

صَانِعُ يَا نَافِعُ يَا سَامِعُ يَا جَامِعُ يَا

اے پیدا کرنے والے اے نفع دینے والے اے سننے والے اے جمع کرنے والے اے

شَافِعُ يَا وَاسِعُ يَا مُوسِعُ

شفاعت کرنیوالے اے بہت بخشنے والے اے نعمتوں کے زیادہ کرنیوالے

⑩ برائے قبولیّت کارہا :۔ يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوْعٍ

اے ہر شئے کو بنانے والے

يَا خَالِقَ كُلِّ مَخْلُوْقٍ يَا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوْقٍ

اے ہر مخلوق کے پیدا کرنے والے اے ہر روزی حاصل کرنیوالے کو روزی

يَا مَالِكَ كُلِّ مَمْلُوْكٍ يَا كَاشِفَ كُلِّ

دینے والے اے ہر بندے کے مالک اے ہر سختی کے دفع کرنے

مَكْرُوْبٍ يَا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُوْمٍ يَا رَاحِمَ

والے اے ہر غمزدہ کو خوش کرنے والے اے ہر

كُلِّ مَرْحُوْمٍ يَا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُوْلٍ يَا

لائق رحم پر رحم کرنے والے اے ہر ذلیل و خوار کی مدد کرنے والے

سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوْبٍ يَا مَلْجَاَ كُلِّ مَطْرُوْدٍ

اے تمام عیب داروں کی عیب پوشی کرنے والے اے ہر نکالے ہوئے کو پناہ دینے والے

(۱۱) برائے حفظ از بدبہا وکشادگی رزق :- یَا عُدَّتِیْ
اے میرے معتمد

عِنْدَ شِدَّتِیْ یَا رَجَائِیْ عِنْدَ مُصِیْبَتِیْ
ہر سختی میں اے ہر مصیبت میں میری امید گاہ

یَا مُوْنِسِیْ عِنْدَ وَحْشَتِیْ یَا صَاحِبِیْ
اے میری تنہائی میں میرے مونس اے میرے ساتھی

عِنْدَ غُرْبَتِیْ یَا وَلِیِّیْ عِنْدَ نِعْمَتِیْ یَا
میری مسافرت میں اے میرے دوست میری آسائش کے وقت اے

غِیَاثِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ یَا دَلِیْلِیْ عِنْدَ
میری سختیوں میں میرے فریاد رس اے میری گمراہی میں

حَیْرَتِیْ یَا غِنَائِیْ عِنْدَ افْتِقَارِیْ یَا
میرے رہنما اے میری احتیاج میں میری توانگری اے

مَلْجَائِیْ عِنْدَ اضْطِرَارِیْ یَا مُعِیْنِیْ
جائے پناہ میرے اضطراب کے وقت اے میرے مددگار

عِنْدَ مَفْزَعِیْ
میرے خوف کے وقت

(۱۲) برائے حفاظت بلا وکشادگی بخت :- یَا عَلَّامَ
اے پوشیدگیوں

الْغُیُوْبِ یَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ یَا سَتَّارَ
کے جاننے والے اے خطاؤں کے بخشنے والے اے عیبوں

الْعُیُوْبِ یَا کَاشِفَ الْکُرُوْبِ یَا مُقَلِّبَ

کے چھپانے والے اے غموں کے دفع کرنے والے اے دلوں

الْقُلُوْبِ یَا مُنَوِّرَ الْقُلُوْبِ یَا طَبِیْبَ

کے پھیرنے والے اے دلوں کو روشن کرنے والے اے دلوں کی

الْقُلُوْبِ یَا اَنِیْسَ الْقُلُوْبِ یَا مُفَرِّجَ

دوا کرنے والے اے دلوں کے مصاحب اے غموں کے

الْهُمُوْمِ یَا مُنَفِّسَ الْغُمُوْمِ

کھولنے والے اے غموں کے برطرف کرنے والے

(۱۳) برائے دفع چشم زخم :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

اے خدا بتحقیق میں سوال کرتا ہوں ساتھ

بِاسْمِكَ یَا جَلِیْلُ یَا جَمِیْلُ یَا وَکِیْلُ

تیرے نام کے اے بزرگوار اے نیکوکار اے حفاظت کرنیوالے

یَا کَفِیْلُ یَا دَلِیْلُ یَا قَبِیْلُ یَا مُدِیْلُ

اے صاحب بخشش کرنیوالے اے راہنما اے روزی کے ضامن اے دولت دینے

یَا مُنِیْلُ یَا مُحِیْلُ یَا مُقِیْلُ ○

والے اے نعمت دینے والے اے قوت دینے والے اے معاف کرنیوالے

(۱۴) برائے ترقی دولت :- یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ

اے بھٹکے ہوؤں کے راہنما

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا صَرِیْخَ

اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس اے فریاد کرنیوالوں

الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ

کی فریاد سننے والے اے طالبان مدد کی مدد کرنیوالے

يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے خوفزدوں کو امان دینے والے اے مومنوں کے مددگار

يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ يَا مَلْجَاَ الْعَاصِيْنَ

اے مسکینوں پر رحم کرنے والے اے نافرمانوں کی جائے پناہ

يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ

اے گناہگاروں کے بخشنے والے اے دعاؤں کو قبول کرنیوالے

الْمُضْطَرِّيْنَ ○

پریشان لوگوں کی

(۱۵) برائے فراوانی نعمت :- يَا ذَا الْجُوْدِ وَ

اے صاحب بخشش و

الْاِحْسَانِ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ

احسان اے صاحب فضل و امتنان

يَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ يَا ذَا الْقُدْسِ

اے صاحب امن و امان اے صاحب تقدس

وَالسُّبْحَانِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ

و پاکی اے صاحب حکمت ظاہر کرنیوالے چیزوں کے

يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ يَا ذَا الْحُجَّةِ

اے صاحب رحمت اور خوشنود کرنے والے اے صاحب

وَالْبُرْهَانِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطَانِ
دلیل روشن اے صاحب برتری اور بادشاہی

يَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ يَا ذَا الْعَفْوِ
اے صاحب رحم اور مدد کرنے والے اے صاحب

وَالْغُفْرَانِ
عفو و بخشش

(۱۶) برائے کشادگی کارہا:- يَا مَنْ هُوَ رَبُّ كُلِّ
اے وہ جو پروردگار ہے ہر شئے

شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ اِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ
کا اے وہ خدا جو ہر چیز کا معبود ہے اے وہ خدا

هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ صَانِعُ
جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اے وہ خدا جو ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ
بنانے والا ہے اے وہ خدا جو ہر چیز سے پہلے ہے

يَا مَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ
اے وہ خدا جو ہر چیز کے بعد بھی رہے گا اے وہ خدا جو

فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ عَالِمٌ بِكُلِّ
ہر چیز سے برتر ہے اے وہ خدا جو تمام چیزوں کا

شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
جاننے والا ہے اے وہ خدا جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

يَا مَنْ هُوَ يَبْقٰى وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ

اے وہ خدا جو باقی رہنے والا ہے اور ہر چیز فنا ہونے والی ہے

(۱۷) برائے کل مہمات :- اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خداوندا تحقیق میں سوال کرتا ہوں

بِاسْمِكَ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا مُكَوِّنُ

تیرے نام کے ساتھ اے امن دینے والے اے نگاہبان اے پیدا کرنے والے

يَا مُلَقِّنُ يَا مُبَيِّنُ يَا مُهَوِّنُ يَا مُمَكِّنُ

اے علم دینے والے اے ظاہر کرنے والے اے آسان کرنے والے اے جگہ دینے

يَا مُزَيِّنُ يَا مُعْلِنُ يَا مُقَسِّمُ ○

والے اے زینت دینے والے اے ظاہر کرنے والے اے تقسیم کرنے والے

(۱۸) برائے وسعتِ رزق :- يَا مَنْ هُوَ فِيْ

اے وہ خدا جو اپنی سلطنت

مُلْكِهٖ مُقِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ سُلْطَانِهٖ

میں قیام کرنے والا ہے اے وہ خدا جو اپنی بادشاہی میں

قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ جَلَالِهٖ عَظِيْمٌ

قدیم ہے اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں بہت بڑا ہے

يَا مَنْ هُوَ عَلٰى عِبَادِهٖ رَحِيْمٌ يَا مَنْ

اے وہ خدا جو اپنے بندوں پر رحم کرنے والا ہے اے وہ خدا

هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ

جو ہر شے کا جاننے والا ہے اے وہ خدا جو اپنے

عَصَاهُ حَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ
نافرمان بندوں سے بردبار ہے اے وہ خدا جو امیدوں پر کرم
كَرِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ صُنْعِهٖ حَكِيْمٌ يَا
کرنے والا ہے اے وہ خدا جو اپنی صنعت کاملہ میں حکیم ہے اے
مَنْ هُوَ فِيْ حِكْمَتِهٖ لَطِيْفٌ يَا مَنْ
وہ خدا جو اپنی حکمت میں لطف کرنے والا اے وہ خدا
هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ قَدِيْمٌ ○
جو اپنا لطف کرنے میں قدیم ہے۔
(۱۹) برائے ترقی مراتب :۔ يَا مَنْ لَا يُرْجٰى اِلَّا
اے وہ خدا جس سے امید نہیں کی جاتی مگر
فَضْلُهٗ يَا مَنْ لَا يُسْئَلُ اِلَّا عَفْوُهٗ
اس کے فضل کی اے وہ خدا جس سے سوال نہیں کیا جا سکتا مگر اس کی
يَا مَنْ لَا يُنْظَرُ اِلَّا بِرُّهٗ يَا مَنْ لَا
بخشش کا، اے وہ خدا نہیں دیکھی جاتی مگر اس کی نیکی اے وہ خدا کہ
يُخَافُ اِلَّا عَدْلُهٗ يَا مَنْ لَا يَدُوْمُ
نہیں خوف کیا جاتا مگر اس کے انصاف کا اے وہ خدا ہمیشگی نہیں رکھتی کوئی چیز
اِلَّا مُلْكُهٗ يَا مَنْ لَا سُلْطَانَ اِلَّا
مگر اس کی بادشاہی اے وہ خدا کہ نہیں ہے بادشاہی مگر بادشاہی
سُلْطَانُهٗ يَا مَنْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
اس کی اے وہ خدا کہ وسیع ہے ہر چیز کے لئے اس

رَحْمَتُهٗ يَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهٗ غَضَبَهٗ

کی رحمت اے وہ خدا کہ پیش دستی کرتی ہے اس کی رحمت اسکے غضب سے

يَا مَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ اس کے علم نے ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے اے وہ

لَيْسَ اَحَدٌ مِثْلَهٗ ○

خدا کہ اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے

(۲۰) برائے دفع ہم و غم و حصول خوشی و نعم :- يَا فَارِجَ

اے رنج کے دور

الْهَمِّ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ يَا غَافِرَ الذَّنْبِ

کرنے والے اے غم کے کھولنے والے اے خطاؤں کے بخشنے والے

يَا قَابِلَ التَّوْبِ يَا خَالِقَ الْخَلْقِ يَا

اے توبہ کے قبول کرنے والے اے خلقت کے پیدا کرنے والے اے

صَادِقَ الْوَعْدِ يَا مُوفِيَ الْعَهْدِ يَا

سچا وعدہ کرنے والے اے عہد کے وفا کرنے والے اے

عَالِمَ السِّرِّ يَا فَالِقَ الْحَبِّ يَا رَازِقَ

اے بھید کے جاننے والے اے دانہ کے شگافتہ کرنے والے اے مخلوق

الْاَنَامِ ○

کو رزق دینے والے

(۲۱) برائے عفو گناہ :- اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

اے خداوندا بہ تحقیق سوال کرتا ہوں میں

یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیُّ یَا وَفِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ

تیرے نام کے ساتھ اے بلند، اے وفا کرنے والے اے بے نیاز اے توانگر

یَا خَفِیُّ یَا رَضِیُّ یَا زَکِیُّ یَا بَدِیُّ یَا

اے پوشیدہ راز سے واقف، اے پسندیدہ تر، اے نفس کو پاک کرنے والے اے

قَوِیُّ یَا وَلِیُّ ○

اے ہمیشہ رہنے والے اے قوت رکھنے والے اے دوست

(۲۴) برائے ترقی رزق :- یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ

اے وہ کہ ظاہر کرتا ہے خوبی بندہ کی

وَیَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِیْحَ وَیَا مَنْ لَمْ

اور اے وہ کہ جو برائیوں کو چھپاتا ہے اور اے وہ کہ نہیں مواخذہ کرتا

یُؤَاخِذْ بِالْجَرِیْرَةِ وَیَا مَنْ لَمْ یَهْتِكِ

بندے کے گناہوں پر اے وہ کہ جو نہیں فاش کرتا پردہ بندوں

السِّتْرَ یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ

کا اے بہت عفو کرنے والے اے خوب

التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ

در گزر کرنے والے اے بہت مغفرت کرنے والے

یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالرَّحْمَةِ یَا صَاحِبَ

اے کھولنے والے دونوں ہاتھوں کے رحمت سے بندوں پر، اے سب

کُلِّ نَجْوٰی یَا مُنْتَهٰی کُلِّ شَکْوٰی ○

بھیدوں کے جاننے والے اے ہر ایک شکوہ کی انتہا

۲۳ برائے ترقی نعمت :- يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ

اے صاحب نعمت بے شمار

يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ يَا ذَا الْمِنَّةِ

اے صاحب رحمت بے انتہا اے صاحب نتہائے

السَّابِقَةِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ يَا

سابقہ اے صاحب حکمت کامل اے

ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ يَا ذَا الْحُجَّةِ

صاحب قدرت کاملہ اے صاحب دلیل

الْقَاطِعَةِ يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ

قاطع اے صاحب کرامت ظاہرہ

يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَةِ

اے ہمیشہ رکھنے والے عزت کے اے صاحب قوت استوار

يَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِيعَةِ ○

اے صاحب بزرگی و بلند مرتبہ

۲۴ برائے خوشنودی الٰہی :- يَا بَدِيعَ السَّمٰوٰتِ

اے آسمانوں کے خلق کرنیوالے

يَا جَاعِلَ الظُّلُمَاتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ

اے تاریکیوں کے پیدا کرنے والے اے گریہ و بکا پر رحم کرنے والے

يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ يَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ

اے لغزشوں کے در گذر کرنے والے اے بندوں کے عیب چھپانے والے

يَا مُحْيِيَ الْاَمْوَاتِ يَا مُنْزِلَ الْاٰيَاتِ
اے مُردوں کے زندہ کرنے والے، اے نشانیوں کو نازل کرنے والے

يَا مُضَعِّفَ الْحَسَنَاتِ يَا مَاحِيَ السَّيِّاٰتِ
اے نیکیوں کے زیادہ کرنے والے اے بدیوں کے محو کرنے والے

يَا شَدِيْدَ النَّقِمَاتِ ۝
اے سخت مواخذہ کرنے والے

(۲۵) برائے دفع نحوست طالع وکشائش بخت :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
خداوندا بتحقیق کہ

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُصَوِّرُ يَا مُقَدِّرُ
سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ، اے مصوّر اے تقدیر کرنےوالے

يَا مُدَبِّرُ يَا مُطَهِّرُ يَا مُنَوِّرُ يَا مُيَسِّرُ يَا
اے مدبّر، اے پاکیزہ کرنیوالے، اے روشن کرنیوالے، اے آسان کرنیوالے

مُبَشِّرُ يَا مُنْذِرُ يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ
اے بشارت دینے والے، اے ڈرانیوالے، اے مقدم کرنیوالے اے مؤخر کرنے والے

(۲۶) برائے دفع تپ :۔ يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ
اے بیت الحرام کے پروردگار

يَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْبَلَدِ
اے ماہِ حرام کے پروردگار اے شہر حرام کے

الْحَرَامِ يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ يَا رَبَّ
پروردگار اے رکن اور مقام کے مالک، اے

الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ

مشعر الحرام کے مالک، اے مسجد الحرام کے

الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ يَا رَبَّ

مالک، اے مقام حل و حرام کے پروردگار، اے

النُّورِ وَالظَّلَامِ يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَ

روشنی اور تاریکی کے مالک اے تحیۃ اور سلام کے

السَّلَامِ يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِي الْأَنَامِ ۝

پروردگار، اے خلق میں قدرت و قوت کے پروردگار

(۲۷) برائے خوف سلاطین و حکام بست بار بخواند :- يَا أَحْكَمَ

اے حاکموں

الْحَاكِمِينَ يَا أَعْدَلَ الْعَادِلِينَ يَا

کے منصف اے انصاف کرنے والوں کے منصف تر، اے

أَصْدَقَ الصَّادِقِينَ يَا أَطْهَرَ الطَّاهِرِينَ

سچوں کے راست گو تر، اے پاکوں کے پاک تر

يَا أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ يَا أَسْرَعَ

اے خلق کرنے والوں کے بہترین، اے حساب کرنیوالوں کے

الْحَاسِبِينَ يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ يَا

جلد تر حساب کرنے والے، اے سننے والوں کے زیادہ سننے والے، اے

أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ يَا أَشْفَعَ الشَّافِعِينَ

دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والے، اے شفاعت کرنیوالوں سے زیادہ شفاعت کرنیوالے

یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ ۝

اے بزرگوں کے بزرگ تر

(۲۸) برائے دفع دردِ نیم سر:۔ یَا عِمَادَ مَنْ لَا

اے توانائی دینے والے ان کو جو توانائی

عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ یَا

نہیں رکھتے، اے سہارا اس کے جو سہارا نہیں رکھتا اے

ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ یَا حِرْزَ مَنْ لَا

نگاہ رکھنے والے اس کے جو نگاہ رکھنے والا نہیں رکھتا، اے جائے پناہ

حِرْزَ لَهٗ یَا غِیَاثَ مَنْ لَا غِیَاثَ لَهٗ

اسکی جو جائے پناہ نہیں رکھتا، اے فریاد رس اسکے جو فریاد رس نہیں رکھتا،

یَا فَخْرَ مَنْ لَا فَخْرَ لَهٗ یَا عِزَّ مَنْ لَا

اے اس کی بزرگی جو بزرگی نہیں رکھتا اے عزت اس کی جو عزت

عِزَّ لَهٗ یَا مُعِیْنَ مَنْ لَا مُعِیْنَ لَهٗ یَا

نہیں رکھتا، اے مددگار اس کے جو مددگار نہیں رکھتا اے

اَنِیْسَ مَنْ لَا اَنِیْسَ لَهٗ یَا اَمَانَ مَنْ

دوست اس کے جو دوست نہیں رکھتا اے پناہ دینے والے

لَا اَمَانَ لَهٗ ۝

اس کے جو پناہ دہندہ نہیں رکھتا

(۲۹) برائے کمان کشیدن:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بہ تحقیق سوال کرتا ہوں میں

بِاسْمِكَ يَا عَاصِمُ يَا قَائِمُ يَا دَائِمُ

تجھ سے تیرے نام کیساتھ، اے محفوظ رکھنے والے، اے قائم رکھنے والے، اے ہمیشہ رہنے

يَا رَاحِمُ يَا سَالِمُ يَا حَاكِمُ يَا عَالِمُ يَا

والے، اے رحم کرنیوالے اے سلامتی والے اے حاکم، اے جاننے والے

قَاسِمُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ ○

اے تقسیم کرنے والے، اے بند کرنیوالے، اے کھولنے والے

(۳۰) برائے فتحیابی جنگ :۔ يَا عَاصِمَ مَنِ

اے التجا کرنے والوں کے

اسْتَعْصَمَهُ يَا رَاحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهُ

جائے پناہ، اے رحمت چاہنے والوں کے رحم کرنے والے

يَا غَافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهُ يَا نَاصِرَ مَنِ

اے بخشش چاہنے والوں کے بخشنے والے، اے مدد چاہنے والوں

اسْتَنْصَرَهُ يَا حَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهُ

کے مددگار، اے حفاظت چاہنے والوں کے حفاظت کرنے والے

يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهُ يَا مُرْشِدَ مَنِ

اے کرم چاہنے والوں کے کرم کرنے والے، اے ہدایت چاہنے والوں

اسْتَرْشَدَهُ يَا صَرِيخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهُ

کے ہدایت کرنیوالے، اے دادرسی چاہنے والوں کے دادرس،

يَا مُعِينَ مَنِ اسْتَعَانَهُ يَا مُغِيثَ مَنِ

اے مدد چاہنے والوں کے مددگار اے فریاد کرنے والوں کی

اَسْتَغَاثَہٗ ○

کی فریاد رسی کرنے والے

(۳۱) برائے درد چشم :۔ یَا عَزِیْزًا لَّا یُضَامُ یَا

اے وہ زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا، اے

لَطِیْفًا لَّا یُرَامُ یَا قَیُّوْمًا لَّا یَنَامُ یَا دَآئِمًا

اے وہ لطیف جو دیکھا نہیں جاتا اے وہ توانا جو سوتا نہیں، اے وہ ہمیشہ رہنے

لَّا یَفُوْتُ یَا حَیًّا لَّا یَمُوْتُ یَا مَلِکًا لَّا

والے جو فوت نہیں ہوتا اے وہ زندہ جو مرتا نہیں اے وہ بادشاہ جس کی سلطنت

یَزُوْلُ یَا بَاقِیًا لَّا یَفْنٰی یَا عَالِمًا لَّا

کو زوال نہیں، اے وہ باقی رہنے والا جو فنا نہیں ہوتا اے وہ عالم جو بھولتا

یَجْھَلُ یَا صَمَدًا لَّا یُطْعَمُ یَا قَوِیًّا لَّا

نہیں اے وہ بے نیاز جو کھانے پینے سے مبرّا ہے اے وہ قوی جو

یَضْعُفُ ○

ضعیف نہیں ہوتا

(۳۲) برائے ظفر بر اعداء :۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بتحقیق کہ میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ

بِاسْمِكَ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا شَاھِدُ

سوال کرتا ہوں، اے یگانہ اے یکتا اے حاضر

یَا حَامِدُ یَا مَاجِدُ یَا رَاشِدُ یَا بَاعِثُ

اے صاحب تعریف اے بزرگ اے راہ دکھانے والے اے اٹھانے والے

يَا وَارِثُ يَا ضَآرُّ يَا نَافِعُ

اے وارث ، اے ضرر پہنچانیوالے، اے نفع پہنچانے والے

(۴۳) برائے رفتن بروئے سلاطین :- يَآ اَعْظَمَ مِنْ

اے سب بزرگوں

كُلِّ عَظِيْمٍ يَآ اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَآ اَرْحَمَ

سے بزرگ تر اے سب مہربانوں سے مہربان تر اے سب رحم کرنے

مِنْ كُلِّ رَحِيْمٍ يَآ اَعْلَمَ مِنْ كُلِّ عَلِيْمٍ يَآ

والوں سے زیادہ رحم کرنیوالے اے سب جاننے والوں سے زیادہ جاننے والے اے

اَحْكَمَ مِنْ كُلِّ حَكِيْمٍ يَآ اَقْدَمَ مِنْ كُلِّ

دانا تر سب عقلاء سے اے سب قدیموں سے قدیم

قَدِيْمٍ يَآ اَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيْرٍ يَآ اَلْطَفَ مِنْ كُلِّ

تر ، اے بزرگ و برتر سب بزرگوں سے اے پاکیزہ تر سب پاکیزہ تروں

لَطِيْفٍ يَآ اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ يَآ اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ

سے اے بزرگ تر سب بزرگوں سے اے عزیز تر سب عزیزوں سے

(۴۴) برائے ترسیدن دیو وپری در شب :- يَا كَرِيْمَ

اے کریم در گزر

الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا كَثِيْرَ الْخَيْرِ

کرنیوالے گناہوں کے، اے بڑے احسان کرنیوالے، اے صاحب خیر کثیر اے

يَا قَدِيْمَ الْفَضْلِ يَا دَآئِمَ اللُّطْفِ يَا

ہمیشہ سے فضل کرنے والے ، اے ہمیشہ سے لطف کرنے والے اے

لَطِيفَ الصُّنْعِ يَا مُنَفِّسَ الْكُرَبِ يَا
اے لطیف پیدا کرنے والے، اے رنج کے دفع کرنے والے اے
كَاشِفَ الضُّرِّ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا
ضرر کو دور کرنے والے، اے ملک کے مالک اے
قَاضِيَ الْحَقِّ ۝
راستی سے حکم کرنے والے

(۳۵) برائے درد روئے:۔ يَا مَنْ هُوَ فِي عَهْدِهٖ
اے وہ خدا جو اپنے عہد میں کامل ہے
وَفِيٌّ يَا مَنْ هُوَ فِي قُوَّتِهٖ عَلِيٌّ يَا مَنْ هُوَ
اے وہ خدا جو اپنی توانائی میں برتر ہے اے وہ خدا جو اپنی
فِي عُلُوِّهٖ قَرِيبٌ يَا مَنْ هُوَ فِي قُرْبِهٖ
برتری میں سب سے قریب تر ہے اے وہ خدا جو اپنے قرب میں
لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهٖ شَرِيفٌ
لطیف ہے، اے وہ خدا جو اپنی لطافت میں شریف ہے
يَا مَنْ هُوَ فِي شَرَفِهٖ عَزِيزٌ يَا مَنْ
اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں عزیز تر ہے اے وہ
هُوَ فِي عِزِّهٖ عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي
خدا جو اپنی قوت میں بزرگ ہے، اے وہ خدا جو اپنی
عَظَمَتِهٖ مَجِيدٌ يَا مَنْ هُوَ فِي مَجْدِهٖ
عظمت میں بزرگ ہے، اے وہ خدا جو اپنی بزرگی میں

حَمِيْدٌ

حمد کیا گیا ہے۔

(۳۶) برائے دفع جن و پری در روز :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

خداوندا بتحقیق کہ میں

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا كَافِيْ يَا شَافِيْ

سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ اے کفایت کرنے والے اے صحت دینے

يَا وَافِيْ يَا مُعَافِيْ يَا هَادِيْ يَا دَاعِيْ

والے اے وفا کرنیوالے اے معاف کرنیوالے اے ہدایت کرنیوالے اے بلانے والے

يَا قَاضِيْ يَا رَاضِيْ يَا عَالِيْ يَا بَاقِيْ ○

اے حکم کرنے والے اے خوش ہونے والے، اے بلند مرتبہ، اے باقی

(۳۷) در جنگ ظفر یافتن :۔ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ

اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز

خَاضِعٌ لَّهٗ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاشِعٌ

خضوع کرنے والی ہے اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز خشوع کرنے

لَّهٗ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ كَائِنٌ لَّهٗ يَا مَنْ

والی ہے، اے وہ خدا کہ اس کے لئے ہر چیز ثابت ہے اے وہ خدا

كُلُّ شَيْءٍ مَّوْجُوْدٌ بِهٖ يَا مَنْ كُلُّ

کہ اس کے لئے ہر شئے موجود ہے اے وہ خدا کہ اسکی

شَيْءٍ مُّنِيْبٌ اِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ

طرف ہر شئے رجوع کرنے والی ہے اے وہ خدا کہ اس سے ہر شئے

خَائِفٌ مِنْهُ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ قَائِمٌ بِهٖ
خائف ہے اے وہ خدا کہ اس سے ہر چیز قائم ہے
يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ صَائِرٌ اِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ
اے وہ خدا کہ ہر چیز اس کی طرف رجوع کرنے والی ہے، اے وہ خدا
شَيْءٍ يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ
کہ ہر چیز تسبیح کرتی ہے اس کی حمد میں اے وہ خدا کہ ہر چیز ہلاک
هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۝
ہونے والی ہے سوائے اُس کی ذات کے

(۳۸) برائے استعاذہ:- يَا مَنْ لَا مَفَرَّ اِلَّا اِلَيْهِ يَا
اے وہ کہ سوائے اسکی طرف کے کہیں مفر
مَنْ لَا مَفْزَعَ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا مَقْصَدَ
نہیں ہے، اے وہ کہ جائے پناہ سوائے اس کی طرف کے نہیں ہے، اے وہ کہ راہ راست سوائے
اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا مَنْجٰى مِنْهُ اِلَّا اِلَيْهِ
اس کی طرف کے نہیں ہے، اے وہ کہ اس سے بھاگ کر سوائے اسکی طرف کے کہیں پناہ نہیں
يَا مَنْ لَا يُرْغَبُ اِلَّا اِلَيْهِ يَا مَنْ لَا حَوْلَ
اے وہ کہ رغبت نہیں کی جاتی مگر اس کی طرف، اے وہ کہ قوت و توانائی
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِهٖ يَا مَنْ لَا يُسْتَعَانُ
سوائے تیرے کسی میں نہیں اے وہ کہ سوا اس کے کسی سے مدد
اِلَّا بِهٖ يَا مَنْ لَا يُتَوَكَّلُ اِلَّا عَلَيْهِ يَا
نہیں مانگتے، اے وہ کہ سوا اس کے اور کسی پر اعتماد نہیں کیا جاتا، اے

مَنْ لَا یُرْجیٰ اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ لَا یُعْبَدُ اِلَّا اِیَّاہُ ○

وہ کہ سوا اس کے کسی پر امید نہیں کی جاتی اے وہ کہ سوا اسکے کوئی پرستش نہیں کیا جاتا

(۳۹) برائے غالب شدن بر عدو :۔ یَا خَیْرَ الْمَرْھُوْبِیْنَ

اے بہترین ان کے جن سے خوف کیا جاتا ہے

یَا خَیْرَ الْمَرْغُوْبِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَطْلُوْبِیْنَ

اے بہترین انکے جن سے رغبت کی جاتی ہے اے بہترین انکے جو طلب کئے جاتے ہیں

یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَقْصُوْدِیْنَ

اے بہترین انکے جن سے سوال کیا جاتا ہے اے بہترین انکے جن کا قصد کیا جاتا ہے

یَا خَیْرَ الْمَذْکُوْرِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَشْکُوْرِیْنَ

اے بہترین انکے جن کا ذکر جاتا ہے اے بہترین انکے جن کا شکر کیا جاتا ہے

یَا خَیْرَ الْمَحْبُوْبِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَدْعُوِّیْنَ

اے بہترین انکے جن سے محبت کی جاتی ہے اے بہترین انکے جن کو پکارا جاتا ہے

یَا خَیْرَ الْمُسْتَاْنِسِیْنَ ○

اے بہترین انکے جن سے انس کیا جاتا ہے

(۴۰) برائے آمرزش :۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بتحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِاسْمِكَ یَا غَافِرُ یَا سَاتِرُ یَا قَادِرُ یَا

تیرے نام کے ساتھ، اے بخشنے والے اے چھپانیوالے، اے قدرت والے، اے

قَاھِرُ یَا فَاطِرُ یَا کَاسِرُ یَا جَابِرُ یَا ذَاکِرُ

صاحب قہر اے پیدا کرنیوالے اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے ذکر کرنیوالے

یَا نَاظِرُ یَا نَاصِرُ سُبْحَانَكَ ○

اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے تو پاک ہے

(۴۱) برائے دفع بادسموم :۔ یَا مَنْ خَلَقَ فَسَوّٰی

اے وہ جس نے پیدا کیا اور موزوں بنایا

یَا مَنْ قَدَّرَ فَهَدٰی یَا مَنْ یَّكْشِفُ

اے وہ خدا کہ مقدر کیا اور ہدایت کی، اے وہ کہ دور کرتا ہے اپنے بندوں

الْبَلْوٰی یَا مَنْ یَّسْمَعُ النَّجْوٰی یَا مَنْ

کی بلاؤں کو اے وہ کہ سب کے راز سنتا ہے، اے وہ خدا کہ

یُّنْقِذُ الْغَرْقٰی یَا مَنْ یُّنْجِی الْهَلْكٰی یَا

جو ڈوبتے ہوؤں کو پار لگاتا ہے، اے وہ خدا کہ جو بچاتا ہے بیماروں کو، اے

مَنْ یَّشْفِی الْمَرْضٰی یَا مَنْ اَضْحَكَ

وہ خدا جو صحت دیتا ہے بیماروں کو، اے وہ خدا جو ہنساتا ہے

وَاَبْكٰی یَا مَنْ اَمَاتَ وَاَحْیٰی یَا مَنْ

اور رلاتا ہے اے وہ خدا جو مارتا ہے اور جلاتا ہے، اے وہ

خَلَقَ الزَّوْجَیْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی○

خدا جو مرد اور عورت کا جوڑا پیدا کرتا ہے

(۴۲) برائے حفاظت آفات :۔ یَا مَنْ فِی الْبَرِّ وَ

اے وہ خدا کہ خشکی اور

الْبَحْرِ سَبِیْلُهٗ یَا مَنْ فِی الْاٰفَاقِ اٰیَاتُهٗ

تری میں اس کی راہ ہے اے وہ خدا کہ زمانے میں اس کی نشانیاں ہیں

يَا مَنْ فِي الْاٰيَاتِ بُرْهَانُهٗ يَا مَنْ فِي

اے وہ خدا کہ اس کی نشانیوں میں روشن دلیل ہے اے وہ خدا کہ موت

الْمَمَاتِ قُدْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقُبُوْرِ

میں اس کی قدرت ہے، اے وہ خدا کہ قبروں میں اس کا

عِبْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقِيٰمَةِ مُلْكُهٗ يَا مَنْ

خوف ہے اے وہ خدا کہ روز قیامت ملک اس کا ہے اے وہ

فِي الْحِسَابِ هَيْبَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْمِيْزَانِ

خدا کہ حساب میں اس کی ہیبت ہے اے وہ خدا کہ ترازو میں اس کا

قَضَاؤُهٗ يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ ثَوَابُهٗ يَا مَنْ

فرمان ہے اے وہ خدا کہ جنت میں ثواب اس کا ہے، اے وہ

فِي النَّارِ عِقَابُهٗ ۝

خدا کہ دوزخ میں عذاب اس کا ہے

(۴۳) آمیزش با اہل دولت :- يَا مَنْ اِلَيْهِ يَهْرُبُ

اے وہ خدا کہ اس کیطرف

الْخَائِفُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُوْنَ

بھاگتے ہیں ڈرنیوالے، اے وہ خدا کہ اسی کیطرف پناہ لیتے ہیں گنہگار

يَا مَنْ اِلَيْهِ يَقْصِدُ الْمُنِيْبُوْنَ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ اس کی طرف قصد کرتے ہیں توبہ کرنے والے اے وہ خدا

اِلَيْهِ يَرْغَبُ الزَّاهِدُوْنَ يَا مَنْ اِلَيْهِ

کہ پرہیزگار اس کی طرف رغبت کرتے ہیں اے وہ خدا کہ اس کی

يَلْجَأُ الْمُتَحَيِّرُوْنَ يَا مَنْ بِهٖ يَسْتَأْنِسُ

طرف پناہ لیتے ہیں حیران شدہ ، اے وہ خدا کہ اس سے انس حاصل

الْمُرِيْدُوْنَ يَا مَنْ بِهٖ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّوْنَ

کرتے ہیں ارادہ کرنیوالے اے وہ خدا کہ فخر کرتے ہیں اس سے محبت کرنیوالے

يَا مَنْ فِيْ عَفْوِهٖ يَطْمَعُ الْخَاطِئُوْنَ يَا

اے وہ خدا کہ بخشش میں اس کی گنہگار امید رکھتے ہیں اے

مَنْ اِلَيْهِ يَسْكُنُ الْمُوْقِنُوْنَ يَا مَنْ

وہ خدا کہ اس سے تسکین پاتے ہیں یقین رکھنے والے اے وہ خدا

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

کہ توکل کرتے ہیں اس پر توکل کرنے والے

(۴۴) برائے حب :- اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

خداوندا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے

بِاسْمِكَ يَا حَبِيْبُ يَا طَبِيْبُ يَا قَرِيْبُ

نام کے ساتھ اے دوست اے دوا کرنیوالے اے نزدیک

يَا رَقِيْبُ يَا حَسِيْبُ يَا مُهِيْبُ يَا

اے نگہبان اے حساب لینے والے اے خوف دلانیوالے اے

مُثِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا خَبِيْرُ يَا بَصِيْرُ

اے مقصد دلانیوالے اے قبول کرنیوالے اے خبردار اے دیکھنے والے

(٤٥) برائے ترسیدن در خواب :- يَا اَقْرَبَ مِنْ
اے نزدیک تر ہر
كُلِّ قَرِيْبٍ يَا اَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِيْبٍ
نزدیک سے اے دوست تر سب دوستوں سے
يَا اَبْصَرَ مِنْ كُلِّ بَصِيْرٍ يَا اَخْبَرَ مِنْ
اے زیادہ دیکھنے والے سب دیکھنے والوں سے اے خبردار تر ہر
كُلِّ خَبِيْرٍ يَا اَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيْفٍ
خبر رکھنے والوں سے اے بزرگ تر سب بزرگوں سے
يَا اَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيْعٍ يَا اَقْوٰى مِنْ
اے بلند مرتبہ سب اہل رفعت سے اے قوی تر کل قوت
كُلِّ قَوِيٍّ يَا اَغْنٰى مِنْ كُلِّ غَنِيٍّ يَا
والوں سے اے غنی تر سب تونگروں سے اے
اَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوَّادٍ يَا اَرْءَفَ مِنْ
سخی تر سب سخیوں سے اے مہربان تر سب
كُلِّ رَءُوْفٍ ○
مہربانوں سے

(٤٦) برائے دفع امّ الصّبیان :- يَا غَالِبًا غَيْرَ
اے غالب جو مغلوب
مَغْلُوْبٍ يَا صَانِعًا غَيْرَ مَصْنُوْعٍ يَا
نہیں ہوتا اے وہ صانع جس کو کسی نے نہیں بنایا اے

خَالِقًا غَيْرَ مَخْلُوْقٍ يَا مَالِكًا غَيْرَ مَمْلُوْكٍ

وہ خالق کہ جس کو کسی نے خلق نہیں کیا اے وہ بادشاہ کہ جس پر کسی کی حکومت

يَا قَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ يَا رَافِعًا غَيْرَ مَرْفُوْعٍ

نہیں اے وہ قاہر کہ جو مقہور نہیں ہوتا اے وہ بلند جو پست نہیں ہوتا

يَا حَافِظًا غَيْرَ مَحْفُوْظٍ يَا نَاصِرًا غَيْرَ

اے وہ نگہبان جو حفاظت کا محتاج نہیں اے وہ مددگار جو مدد کا

مَنْصُوْرٍ يَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ يَا قَرِيْبًا

محتاج نہیں اے وہ ظاہر جو غائب نہیں ہوتا اے وہ قریب

غَيْرَ بَعِيْدٍ ○

جو دُور نہیں

(۴۷) برائے دفع صرع و درد زرخ: يَا نُوْرَ النُّوْرِ

اے نور کے نور

يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ

اے سب نوروں کے روشن کرنیوالے اے نور کے پیدا کرنیوالے اے نور کی تدبیر

النُّوْرِ يَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا

کرنے والے اے نور کی تقدیر کرنے والے اے ہر نور کے نور اے وہ نور

قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ يَا

کہ پہلے ہے ہر نور سے اے وہ نور کہ بعد میں رہیگا ہر نور سے اے

نُوْرًا فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا لَيْسَ كَمِثْلِهٖ نُوْرٌ

وہ نور کہ برتر ہے سب نوروں سے اے وہ نور کہ جسکا مانند دوسرا نور نہیں ہے

(۴۸) برائے درد قبضہ:۔ يَا مَنْ عَطَاؤُهٗ شَرِيْفٌ
اے وہ خدا کہ بخشش اس کی بزرگ ہے
يَا مَنْ فِعْلُهٗ لَطِيْفٌ يَا مَنْ لُطْفُهٗ
اے وہ خدا کہ فعل اس کا لطیف ہے، اے وہ خدا کہ مہربانی اس کی
مُقِيْمٌ يَا مَنْ اِحْسَانُهٗ قَدِيْمٌ يَا مَنْ
ہمیشہ ہے اے وہ خدا کہ قول احسان اس کا ہمیشہ ہے اے وہ خدا
قَوْلُهٗ حَقٌّ يَا مَنْ وَعْدُهٗ صِدْقٌ يَا
کہ قول اس کا سچا ہے اے وہ خدا کہ وعدہ اس کا سچا ہے اے
مَنْ عَفْوُهٗ فَضْلٌ يَا مَنْ عَذَابُهٗ
وہ خدا کہ معافی اس کی فضل ہے اے وہ خدا کہ عذاب اس کا
عَدْلٌ يَا مَنْ ذِكْرُهٗ حُلْوٌ يَا مَنْ
محض انصاف ہے اے وہ خدا کہ یاد اس کی شیریں ہے اے وہ خدا کہ
فَضْلُهٗ عَمِيْمٌ
فضل اس کا عام ہے

(۴۹) برائے دفع خفقان:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
خداوندا بتحقیق کہ سوال کرتا ہوں میں تجھ
بِاسْمِكَ يَا مُسَهِّلُ يَا مُفَصِّلُ يَا مُبَدِّلُ
سے تیرے نام کیساتھ اے آسان کرنے والے، اے جدا کرنے والے اے بدل دینے والے
يَا مُذَلِّلُ يَا مُنَزِّلُ يَا مُنَوِّلُ يَا مُفَضِّلُ
اے خوار کرنے والے اے اتارنے والے اے احسان کرنیوالے اے فضل کرنے والے

يَا مُجْزِلُ يَا مُمْهِلُ يَا مُجْمِلُ ○

اے احسان کرنیوالے اے مہلت دینے والے اے نیکی کرنیوالے

(۵۰) جہت روشنی بہ چشم :- يَا مَنْ يَّرٰى وَلَا يُرٰى

اے وہ خدا جو دیکھتا ہے اور دکھائی نہیں دیتا

يَا مَنْ يَّخْلُقُ وَلَا يُخْلَقُ يَا مَنْ يَّهْدِىْ

اسے وہ خدا جو پیدا کرتا ہے اور اس کو کسی نے پیدا نہیں کیا اے وہ خدا جو ہدایت

وَلَا يُهْدٰى يَا مَنْ يُّحْيِىْ وَلَا يُحْيٰى يَا

کرتا ہے اور کسی نے اسکو ہدایت نہیں کی اے وہ خدا جو زندہ کرتا ہے اور کسی نے اسکو زندہ

مَنْ يَّسْئَلُ وَلَا يُسْئَلُ يَا مَنْ يُّطْعِمُ

نہیں کیا اے وہ خدا جو لوگوں سے بازپرس کرتا ہے اور کسی نے اس سے بازپرس نہیں کی اے وہ خدا جو رزق دیتا ہے

وَلَا يُطْعَمُ يَا مَنْ يُّجِيْرُ وَلَا يُجَارُ

اور خود نہیں کھاتا اے وہ خدا جو پناہ دیتا ہے اور کسی کی پناہ نہیں

عَلَيْهِ يَا مَنْ يَّقْضِىْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْهِ

لیتا اے وہ خدا جو فیصلہ کرتا ہے اور اس پر کوئی حکمران نہیں

يَا مَنْ يَّحْكُمُ وَلَا يُحْكَمُ عَلَيْهِ يَا مَنْ لَّمْ

اے وہ خدا جو خود حاکم ہے اور اس کا کوئی حاکم نہیں ہے اے وہ خدا کہ نہ

يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

کوئی اس سے پیدا ہوا ہے اور نہ کسی نے اس کو پیدا کیا اور نہ کوئی اس کا شبیہ و نظیر ہے

(۵۱) برائے دفع شر اعداء :- يَا نِعْمَ الْحَسِيْبُ

اے بہترین حساب کرنے والے

یَا نِعْمَ الطَّبِیْبُ یَا نِعْمَ الرَّقِیْبُ

اے بہترین دوا کرنے والے اے بہترین واقف کار،

یَا نِعْمَ الْقَرِیْبُ یَا نِعْمَ الْمُجِیْبُ

اے بہترین عزیز و قریب، اے بہترین قبول کرنے والے،

یَا نِعْمَ الْحَبِیْبُ یَا نِعْمَ الْکَفِیْلُ یَا نِعْمَ

اے بہترین دوست، اے بہترین ضامن اے بہترین

الْوَکِیْلُ یَا نِعْمَ الْمَوْلٰی یَا نِعْمَ النَّصِیْرُ

وکالت کرنے والے اے بہترین مالک اے بہترین مدد گار

---

(۵۲) برائے دفع محتاجی :- یَا سُرُوْرَ الْعَارِفِیْنَ

اے عارفوں کی خوشی

یَا مُنَی الْمُحِبِّیْنَ یَا اَنِیْسَ الْمُرِیْدِیْنَ

اے دوستوں کی آرزو اے طلب کرنے والوں کے رفیق

یَا حَبِیْبَ التَّوَّابِیْنَ یَا رَازِقَ الْمُقِلِّیْنَ

اے توبہ کرنے والوں کے دوست اے فقیروں کے رازق

یَا رَجَاءَ الْمُذْنِبِیْنَ یَا قُرَّةَ عَیْنِ

اے گنہگاروں کی امیدگاہ اے عبادت کرنے والوں

الْعَابِدِیْنَ یَا مُنَفِّسَ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ

کی آنکھ کی ٹھنڈی اے غمزدوں کی سختی کے دور کرنے والے

يَا مُفَرِّجَ عَنِ الْمَغْمُومِيْنَ يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ

اے غمناکوں کے خوشی عطا کرنے والے، اے اگلوں اور پچھلوں

وَالْاٰخِرِيْنَ ○

کے مہربان خدا

(۵۳) برائے محبت :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا بتحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِاسْمِكَ يَا رَبَّنَا يَا اِلٰهَنَا يَا سَيِّدَنَا يَا

تیرے نام کے ساتھ اے رب ہمارے، اے خدا ہمارے، اے سردار ہمارے، اے

مَوْلَانَا يَا نَاصِرَنَا يَا حَافِظَنَا يَا دَلِيْلَنَا

مالک ہمارے، اے مددگار ہمارے، اے نگہبان ہمارے، اے راہنما ہمارے

يَا مُعِيْنَنَا يَا حَبِيْبَنَا يَا طَبِيْبَنَا

اے یاور ہمارے اے دوست ہمارے اے طبیب ہمارے

(۵۴) برائے دفع درد دہن :- يَا رَبَّ النَّبِيِّيْنَ

اے پیغمبروں اور نیکوکاروں

وَالْاَبْرَارِ يَا رَبَّ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالْاَخْيَارِ

کے پروردگار، اے سچے اور برگزیدہ لوگوں کے پروردگار،

يَا رَبَّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ يَا رَبَّ الصِّغَارِ

اے بہشت اور دوزخ کے پروردگار، اے چھوٹوں اور بڑوں

وَالْكِبَارِ يَا رَبَّ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ يَا

کے پروردگار، اے دانوں اور میووں کے پروردگار اے

رَبَّ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ یَارَبَّ الصَّحَارِیْ

نہروں اور درختوں کے پروردگار، اے جنگلوں اور بیابانوں

وَالْقِفَارِ یَارَبَّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ یَا

کے پروردگار اے خشکیوں اور دریاؤں کے پروردگار اے

رَبَّ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا رَبَّ

رات اور دن کے پروردگار، اے ظاہر اور

الْاَعْلَانِ وَالْاَسْرَارِ

پوشیدہ کے پروردگار

⑤⑤ برائے درد پہلو:- یَا مَنْ نَّفَذَ فِیْ کُلِّ

اے وہ خدا جس کا حکم ہر شے

شَیْءٍ اَمْرُهٗ یَا مَنْ لَحِقَ بِکُلِّ شَیْءٍ

میں جاری ہے اے وہ خدا کہ جس کے علم نے ہر شے کو احاطہ

عِلْمُهٗ یَا مَنْ بَلَغَتْ اِلٰی کُلِّ شَیْءٍ

کئے کیا ہے، اے وہ خدا کہ جس کی قدرت ہر چیز

قُدْرَتُهٗ یَا مَنْ لَّا تُحْصِی الْعِبَادُ

میں پہنچتی ہے، اے وہ خدا جس کی نعمتیں اس کے بندے شمار

نِعَمَهٗ یَا مَنْ لَّا تَبْلُغُ الْخَلَائِقُ شُکْرَهٗ

نہیں کرسکتے اے وہ خدا جس کا شکر خلقت ادا نہیں کرسکتی

یَا مَنْ لَّا تُدْرِکُ الْاَفْهَامُ جَلَالَهٗ یَا

اے وہ خدا جس کی بزرگی کو کوئی فہم سمجھ نہیں سکتا اے

مَنْ لَّا تَنَالُ الْاَوْهَامُ كُنْهَهٗ يَا مَنْ

وہ خدا جس کی کنہ کو وہم نہیں پاتا ، اے وہ خدا جس

الْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَآءُ رِدَآؤُهٗ يَا مَنْ لَّا

کہ عظمت اور بزرگی جس کی رداہے، اے وہ خدا کہ جس

تَرُدُّ الْعِبَادُ قَضَآءَهٗ يَا مَنْ لَّا مُلْكَ اِلَّا

کا فیصلہ بندے رد نہیں کر سکتے ، اے وہ خدا کہ سوائے اس کے

مُلْكُهٗ يَا مَنْ لَّا عَطَآءَ اِلَّا عَطَاؤُهٗ

کسی کی بادشاہی نہیں ہے اے وہ خدا کہ اس کی بخشش کے سوا کوئی بخشش

---

(۵۶) دفع بیماریہا :۔ يَا مَنْ لَّهُ الْمَثَلُ

اے وہ خدا کہ اس کے واسطے بلند

الْاَعْلٰى يَا مَنْ لَّهُ الصِّفَاتُ الْعُلْيَا يَا

مثالیں ہیں اے وہ خدا کہ اس کے لئے صفتیں برتر ہیں ، اے

مَنْ لَّهُ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى يَا مَنْ لَّهُ

وہ خدا کہ اس کے لئے اوّل اور آخر ہے اے وہ خدا کہ اسی کی

الْجَنَّةُ الْمَاْوٰى يَا مَنْ لَّهُ الْاٰيَاتُ

برکت ہے جو جنت فردوس گاہ مومنین ہے اے وہ خدا کہ اس کی نشانیاں

الْكُبْرٰى يَا مَنْ لَّهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

بزرگ ہیں ، اے وہ خدا کہ اس کے بہترین نام ہیں ۔

يَا مَنْ لَهُ الْحُكْمُ وَالْقَضَاءُ يَا مَنْ لَهُ

اے وہ خدا کہ اس کے واسطے حکم اور قضا ہے اے وہ خدا کہ اس کے

الْهَوَآءُ وَالْفَضَاءُ يَا مَنْ لَهُ الْعَرْشُ وَ

لئے ہے ہوا اور محل ہو اے وہ خدا کہ اس کے واسطے ہے

الثَّرٰى يَا مَنْ لَهُ السَّمٰوٰتُ الْعُلٰى

عرش اور زمین، اے وہ خدا کہ اس کیلئے آسمان ہائے بلند ہیں

۵۷ برائے دفع بادہ ہائے سرخ :- اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

خداوندا بتحقیق میں تیرے

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ يَا

نام سے سوال کرتا ہوں اے عفو کرنے والے اے بخشنے والے اے

صَبُوْرُ يَا شَكُوْرُ يَا رَءُوْفُ يَا عَطُوْفُ يَا

صبر دینے والے اے شکر کرنے والے، اے مہربان اے بارحم اے

مَسْئُوْلُ يَا وَدُوْدُ يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ

وہ جس سے بندے سوال کرتے ہیں، اے دوست، اے بے عیب اے پاک سب خلائق سے

---

۵۸ برائے حصول بزرگی بنظر خلائق :- يَا مَنْ فِى

اے وہ خدا کہ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ عَظَمَتُهٗ يَا مَنْ فِى

میں ہے بزرگی اس کی اے وہ خدا کہ زمین میں

الْاَرْضِ اٰیَاتُهٗ یَا مَنْ فِی کُلِّ شَیْءٍ

ہے نشانی اس کی، اے وہ خدا کہ ہر شے اس کے وجود پر

دَلَائِلُهٗ یَا مَنْ فِی الْبِحَارِ عَجَائِبُهٗ یَا

دلالت کرتی ہے، اے وہ خدا کہ دریاؤں میں اس کے عجائب ہیں اے

مَنْ فِی الْجِبَالِ خَزَائِنُهٗ یَا مَنْ یَّبْدَءُ

وہ خدا کہ پہاڑوں میں اس کے خزانے ہیں، اے وہ خدا کہ جس نے سب

الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَرْجِعُ

کو پیدا کیا پھر زندہ کرے گا قیامت میں، اے وہ خدا کہ سب امور کی بازگشت

الْاَمْرُ کُلُّهٗ یَا مَنْ اَظْهَرَ فِی کُلِّ شَیْءٍ

اس کی طرف ہے، اے وہ خدا جس کی مہربانی ہر چیز سے ظاہر

لُطْفَهٗ یَا مَنْ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ

ہوتی ہے اے وہ خدا کہ نیک ہے ہر شے اسکی پیدا کی ہوئی ہے

یَا مَنْ تَصَرَّفَ فِی الْخَلَائِقِ قُدْرَتُهٗ

اے وہ خدا کہ تصرف رکھتی ہے خلائق میں قدرت اس کی

(۵۹) برائے دفع درد شکم :- یَا حَبِیْبَ مَنْ لَا

اے دوست اس کے جس کا کوئی

حَبِیْبَ لَهٗ یَا طَبِیْبَ مَنْ لَا طَبِیْبَ لَهٗ

دوست نہیں اے دوا کرنیوالے اس کے جس کا کوئی دوا کرنیوالا نہیں

یَا مُجِیْبَ مَنْ لَا مُجِیْبَ لَهٗ یَا شَفِیْقَ

اے قبول کرنے والے اس کے جس کا کوئی قبول کرنے والا نہیں اے شفیق اس کے

مَنْ لَّا شَفِيْقَ لَهٗ يَا رَفِيْقَ مَنْ لَا رَفِيْقَ

جس کا کوئی شفیق نہیں اے طرفدار اس کے جس کا کوئی طرفدار

لَهٗ يَا مُغِيْثَ مَنْ لَّا مُغِيْثَ لَهٗ يَا دَلِيْلَ

نہیں اے فریاد رس اس کے جس کا کوئی فریاد رس نہیں ہے اے راہنما اس

مَنْ لَّا دَلِيْلَ لَهٗ يَا اَنِيْسَ مَنْ لَّا

کے جس کا کوئی راہنما نہیں اے دوست اس کے جس کا کوئی

اَنِيْسَ لَهٗ يَا رَاحِمَ مَنْ لَّا رَاحِمَ لَهٗ

دوست نہیں اے رحم کرنے والے اس کے جس پر کوئی رحم نہیں کرتا

يَا صَاحِبَ مَنْ لَّا صَاحِبَ لَهٗ

اے ساتھی اس کے جس کا کوئی ساتھی نہیں

(۶۰) برائے کفایت مہمات :- يَا كَافِيَ مَنِ

اے کفایت کرنے والے

اسْتَكْفَاهُ يَا هَادِيَ مَنِ اسْتَهْدَاهُ

کفایت طلب کرنیوالوں کے لئے اے ہدایت کرنے والے ہدایت طلب کرنیوالوں

يَا كَالِئَ مَنِ اسْتَكْلَاهُ يَا رَاعِيَ مَنِ

کے، اے حفاظت دینے والے حفاظت طلب کرنے والوں کے اے رعایت

اسْتَرْعَاهُ يَا شَافِيَ مَنِ اسْتَشْفَاهُ

کرنے والے رعایت طلب کرنیوالوں کے، اے شفا دینے والے شفا طلب کرنیوالوں کے

يَا قَاضِيَ مَنِ اسْتَقْضَاهُ يَا مُغْنِيَ

اے حکم کرنے والے اس کے جو حکم طلب کرے، اے تونگری دینے والے

مَنِ اسْتَغْنَاهُ یَا مُوْفِیَ مَنِ اسْتَوْفَاهُ

تونگری چاہنے والوں کے، اے تمام کرنے والے تمامی طلب کرنیوالوں کے

یَا مُقَوِّیَ مَنِ اسْتَقْوَاهُ یَا وَلِیَّ مَنِ

اے قوت دینے والے قوت چاہنے والوں کے اے مددگار مدد چاہنے

اسْتَوْلَاهُ

والوں کے

(۶۱) برائے تسکین دل :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا! بتحقیق کہ میں سوال کرتا ہوں

بِاسْمِكَ یَا خَالِقُ یَا رَازِقُ یَا نَاطِقُ یَا

تیرے نام سے اے پیدا کرنیوالے اے روزی دینے والے، اے گویا اے

صَادِقُ یَا فَالِقُ یَا فَارِقُ یَا فَاتِقُ یَا

راست گو، اے شگاف دینے والے اے جدا کرنیوالے اے جدا از ہم کرنیوالے اشیا

رَاتِقُ یَا سَابِقُ یَا سَامِقُ

اشیا کے اے سب سے پہلے اے بلند مرتبہ

(۶۲) برائے تسخیر امراء :- یَا مَنْ یُّقَلِّبُ اللَّیْلَ

اے وہ خدا جو پلٹتا ہے رات اور

وَالنَّهَارَ یَا مَنْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَ

دن کو اے وہ خدا جس نے پیدا کیا تاریکیوں کو اور

الْاَنْوَارَ یَا مَنْ جَعَلَ الظِّلَّ وَالْحَرُوْرَ

روشنی کو اے وہ خدا جس نے پیدا کیا ہے سایہ کو اور گرمی آفتاب

يَا مَنْ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ يَا مَنْ

کو، اے وہ خدا کہ جس کے تابع ہیں سورج اور چاند، اے وہ خدا

قَدَّرَ الْخَيْرَ وَالشَّرَّ يَا مَنْ خَلَقَ الْمَوْتَ

جس نے تقدیر کیا ہے نیکی اور بدی کو، اے وہ خدا جس نے پیدا کیا

وَالْحَيٰوةَ يَا مَنْ لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ

ہے موت اور زندگی کو اے وہ خدا جس کے لئے ہے عالم جسم و عالم ارواح

يَا مَنْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

اے وہ خدا جو نہیں رکھتا ہے عورت اور فرزند،

يَا مَنْ لَيْسَ لَهُ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ يَا

اے وہ خدا کہ نہیں ہے کوئی شریک اس کی بادشاہی میں اے

مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

وہ خدا کہ نہیں ہے واسطے اس کے کوئی دوست ذلت سے

(۶۳) برائے نفع تجارت :- يَا مَنْ يَّعْلَمُ مُرَادَ

اے وہ خدا جو جانتا ہے مطلب

الْمُرِيْدِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ

ارادہ کرنے والوں کا اے وہ خدا جو جانتا ہے خواہش خاموشوں کی،

يَا مَنْ يَّسْمَعُ اَنِيْنَ الْوَاهِنِيْنَ يَا مَنْ

اے وہ خدا جو سنتا ہے نالہ عاجزوں کا اے وہ خدا جو

يَرٰى بُكَاءَ الْخَائِفِيْنَ يَا مَنْ يَّمْلِكُ

دیکھتا ہے رونا ڈرنے والوں کا اے وہ خدا جو برآرندہ ہے

حَوَآئِجَ السَّآئِلِیْنَ یَا مَنْ یَقْبَلُ عُذْرَ

سوال کرنے والوں کی حاجتوں کا اے وہ خدا جو قبول کرتا عذر

التَّآئِبِیْنَ یَا مَنْ لَا یُصْلِحُ اَعْمَالَ

توبہ کرنے والوں کا اے وہ خدا جو نیک نہیں گردانتا اعمال

الْمُفْسِدِیْنَ یَا مَنْ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ

مفسدوں کے ، اے وہ خدا جو نیکی کرنے والوں کا اجر

الْمُحْسِنِیْنَ یَا مَنْ لَا یَبْعُدُ عَنْ

ضائع نہیں کرتا اے وہ جو خدا جو دور نہیں ہے عارفوں

قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ یَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِیْنَ

کے دلوں سے ، اے صاحب بخشش کرنے والوں سے

(۶۴) برائے دفع درد شقیقہ :- یَا دَآئِمَ الْبَقَآءِ یَا

اے ہمیشہ باقی رہنے والے

سَامِعَ الدُّعَآءِ یَا وَاسِعَ الْعَطَآءِ یَا

اے سننے والے دعا کے اے فراخ بخشش والے اے

غَافِرَ الْخَطَآءِ یَا بَدِیْعَ السَّمَآءِ یَا حَسَنَ

بخشنے والے گناہوں کے اے پیدا کرنے والے آسمانوں کے اے بہترین

الْبَلَآءِ یَا جَمِیْلَ الثَّنَآءِ یَا قَدِیْمَ

آزمائش کرنے والے اے بہت تعریف کے لائق اے ہمیشہ سے

السَّنَآءِ یَا کَثِیْرَ الْوَفَآءِ یَا شَرِیْفَ الْجَزَآءِ

بزرگ اے بڑے وفا کرنے والے اے بہترین بدلہ دینے والے

(۶۵) برائے عفو گناہاں :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا سوال کرتا ہوں میں تجھ سے

بِاسْمِكَ يَا غَفَّارُ يَا سَتَّارُ يَا قَهَّارُ يَا

تیرے نام کے ساتھ اے بخشنے والے، اے چھپانے والے، اے قہر کرنیوالے، اے

جَبَّارُ يَا صَبَّارُ يَا بَارُّ يَا مُخْتَارُ يَا فَتَّاحُ

تلافی کرنیوالے، اے صبر کرنیوالے، اے نیکی کرنیوالے، اے برگزیدہ، اے کھولنے والے

يَا نَفَّاحُ يَا مُرْتَاحُ

اے ہواؤں کے چلانیوالے، اے راحتوں کے دینے والے

(۶۶) برائے فقر و فاقہ :- يَا مَنْ خَلَقَنِیْ وَسَوَّانِیْ

اے وہ خدا جس نے مجھ کو پیدا کیا ہے اور عمدہ پیدا کیا

يَا مَنْ رَزَقَنِیْ وَرَبَّانِیْ يَا مَنْ اَطْعَمَنِیْ

ہے مجھ کو اے وہ خدا جس نے مجھ کو رزق دیا ہے اور تربیت کیا ہے، اے وہ خدا جس نے طعام

وَسَقَانِیْ يَا مَنْ قَرَّبَنِیْ وَاَدْنَانِیْ يَا

دیا اور مجھ کو اور سیراب کیا، اے وہ خدا جسنے مجھ کو قرب کرامت کر دیا ہے، اے وہ خدا

مَنْ عَصَمَنِیْ وَكَفَانِیْ يَا مَنْ حَفِظَنِیْ

جس نے مجھ کو محفوظ رکھا اور بچایا ہے، اے وہ خدا جس نے بچایا ہے مجھ کو اور

وَكَلَانِیْ يَا مَنْ اَعَزَّنِیْ وَاَغْنَانِیْ يَا

نگہبانی کی ہے میری اے وہ خدا جس نے مجھ کو عزیز د توانگر کیا ہے اے وہ خدا

مَنْ وَفَّقَنِیْ وَهَدَانِیْ يَا مَنْ اٰنَسَنِیْ

جس نے مجھ کو توفیق دی، اور راہ دکھائی ہے اے وہ خدا جس نے میری رفاقت کی

وَاٰوَانِیْ یَامَنْ اَمَاتَنِیْ وَاَحْیَانِیْ

اور جائے پناہ دی ہے، اے وہ خدا جو میرا موت دینے والا اور زندہ کرنے والا ہے

(۶۷) برائے دفع خم چشم :- یَامَنْ یُّحِقُّ الْحَقَّ

اے وہ خدا جو حق کو اپنے کلام سے قائم

بِکَلِمَاتِہٖ یَامَنْ یَّقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ

کرتا ہے، اے وہ خدا جو اپنے بندوں کی توبہ قبول

عِبَادِہٖ یَامَنْ یَّحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَ

کرتا ہے اے وہ خدا جو حائل ہے درمیان آدمی اور اس کے

قَلْبِہٖ یَامَنْ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَۃُ اِلَّا

دل کے اے وہ خدا کہ نہیں نفع دیتی شفاعت مگر اس کے

بِاِذْنِہٖ یَامَنْ ھُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ

اذن سے اے وہ خدا جو جاننے والا ہے ان کا جو راہ راست سے

سَبِیْلِہٖ یَامَنْ لَّا مُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ یَا

بھٹک گئے ہیں اے وہ خدا کہ کوئی نہیں بدل سکتا اس کے حکم کو اے وہ

مَنْ لَّا رَآدَّ لِقَضَائِہٖ یَامَنِ انْقَادَ کُلُّ

خدا کہ نہیں روک سکتا کوئی اس کے فیصلے کو اے وہ خدا کہ ہر شے تابعدار ہے

شَیْءٍ لِّاَمْرِہٖ یَامَنِ السَّمٰوٰتُ مَطْوِیَّاتٌ

اس کے حکم کی، اے وہ خدا کہ آسمان لپٹے ہوئے ہیں اسکے قبضہ قدرت

بِیَمِیْنِہٖ یَامَنْ یُّرْسِلُ الرِّیَاحَ بُشْرًا

میں، اے وہ خدا کہ بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے

بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ

والی اس کی رحمت کی ۔

(۶۸) برائے دفع وباء طاعون :۔ يَا مَنْ جَعَلَ

اے وہ خدا جس نے زمین کو

الْاَرْضَ مِهَادًا يَا مَنْ جَعَلَ الْجِبَالَ

بچھونا گردانا ہے ، اے وہ خدا جس نے پہاڑوں کو

اَوْتَادًا يَا مَنْ جَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا

میخیں بنایا ، اے وہ خدا جس نے آفتاب کو چراغ روشن بنایا ،

يَا مَنْ جَعَلَ الْقَمَرَ نُوْرًا يَا مَنْ جَعَلَ

اے وہ خدا جس نے چاند کو رات کی روشنی گردانا ہے اے وہ خدا جس نے

الَّيْلَ لِبَاسًا يَا مَنْ جَعَلَ النَّهَارَ

رات کو محل آرام و راحت بنایا ، اے وہ خدا جس نے دن کو معاش کے

مَعَاشًا يَا مَنْ جَعَلَ النَّوْمَ سُبَاتًا

لئے بنایا ، اے وہ خدا جس نے نیند کو راحت قرار دیا ،

يَا مَنْ جَعَلَ السَّمَآءَ بِنَآءً يَا مَنْ

اے وہ خدا جس نے آسمان کو قائم کیا ، اے وہ خدا جس

جَعَلَ الْاَشْيَآءَ اَزْوَاجًا يَا مَنْ جَعَلَ

نے ہر چیز کو جوڑا پیدا کیا اے وہ خدا جس نے

النَّارَ مِرْصَادًا

دوزخ کو مقام درود خلائق کیا ،

(۶۹) برائے علو مراتب :- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ

خداوندا میں تیرے ہی نام سے تجھ سے

بِاسْمِکَ یَا سَمِیْعُ یَا شَفِیْعُ یَا رَفِیْعُ

مانگتا ہوں اے سننے والے، اے شفاعت کرنے والے، اے بلند مرتبہ

یَا مَنِیْعُ یَا سَرِیْعُ یَا بَدِیْعُ یَا کَبِیْرُ یَا

اے منع کرنے والے، اے جلد حساب کرنے والے، اے قادر، اے بزرگ، اے

قَدِیْرُ یَا خَبِیْرُ یَا مُجِیْرُ

قدرت والے، اے خبر رکھنے والے، اے پناہ دینے والے

(۷۰) برائے ترقی عمر :- یَا حَیًّا قَبْلَ کُلِّ حَیٍّ یَا

اے زندہ پہلے سب زندوں سے، اے

حَیًّا بَعْدَ کُلِّ حَیٍّ یَا حَیُّ الَّذِیْ لَیْسَ

زندہ بعد ہر زندہ کے، اے زندہ وہ جس کے مانند کوئی

کَمِثْلِہٖ حَیٌّ یَا حَیُّ الَّذِیْ لَیْسَ یُشَارِکُہٗ

زندہ نہیں، اے وہ زندہ کہ جس کا کوئی شریک نہیں،

حَیٌّ یَا حَیُّ الَّذِیْ لَا یَحْتَاجُ اِلٰی حَیٍّ یَا

اے وہ زندہ جو کسی کی زندگی کا محتاج نہیں، اے

حَیُّ الَّذِیْ یُمِیْتُ کُلَّ حَیٍّ یَا حَیُّ الَّذِیْ

وہ زندہ جو ہر صاحب حیات کو موت دیتا ہے اے وہ زندہ جس نے

لَمْ یَرِثِ الْحَیٰوۃَ مِنْ حَیٍّ یَا حَیُّ الَّذِیْ

کسی زندہ سے زندگی نہیں پائی، اے وہ زندہ جو ہر

يَرْزُقُ كُلَّ حَيٍّ يَا حَيُّ الَّذِي يُحْيِ الْمَوْتٰى

صاحب حیات کو روزی دیتا ہے، اے وہ زندہ جو مردوں کو زندہ کرتا ہے

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ

اے زندہ اے وہ قائم کہ جو نہ اونگھتا ہے نہ سوتا ہے۔

(۷۱) برائے دفع باد سرخ :- يَا مَنْ لَهٗ ذِكْرٌ لَا

اے وہ خدا کہ جس کا ذکر فراموش

يُنْسٰى يَا مَنْ لَهٗ نُوْرٌ لَا يُطْفٰى يَا مَنْ

نہیں ہوتا، اے وہ خدا جس کا نور نہیں بجھتا، اے وہ خدا

لَهٗ نِعَمٌ لَا تُعَدُّ يَا مَنْ لَهٗ مُلْكٌ لَا يَزُوْلُ

جس کی نعمتیں شمار نہیں ہوتیں، اے وہ خدا جس کا ملک لازوال ہے

يَا مَنْ لَهٗ ثَنَاءٌ لَا يُحْصٰى يَا مَنْ لَهٗ جَلَالٌ

اے وہ خدا جس کی تعریف لا انتہا ہے، اے وہ خدا جس کی بزرگی

لَا يُكَيَّفُ يَا مَنْ لَهٗ كَمَالٌ لَا يُدْرَكُ

کو زوال نہیں، اے وہ خدا جس کا کمال سمجھ سے باہر ہے،

يَا مَنْ لَهٗ قَضَاءٌ لَا يُرَدُّ يَا مَنْ لَهٗ

اے وہ خدا جس کا حکم رد نہیں ہوتا، اے وہ خدا جس کی

صِفَاتٌ لَا تُبَدَّلُ يَا مَنْ لَهٗ نُعُوْتٌ

صفتیں تبدیل نہیں ہوتیں اے وہ خدا جس کی تعریف میں

لَا تُغَيَّرُ

تغیر نہیں ہوتا

۷۲ برائے دفع درد پستان :- یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

اے عالموں کے پالنے والے

یَا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا غَایَةَ الطَّالِبِیْنَ

اے قیامت کے دن کے مالک ، اے مراد طلب کرنے والوں کی انتہا،

یَا ظَهْرَ اللَّاجِیْنَ یَا مُدْرِكَ الْهَارِبِیْنَ

اے پناہ چاہنے والوں کی پشت پناہ، اے بھاگے ہوؤں کے پانے والے

یَا مَنْ یُّحِبُّ الصَّابِرِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ

اے صبر کرنے والوں کے چاہنے والے ، اے توبہ کرنے والوں

التَّوَّابِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ یَا

سے محبت کرنے والے، اے پاکیزہ لوگوں کو دوست رکھنے والے اے

مَنْ یُّحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ یَا مَنْ هُوَ

نیکو کاروں کے حبیب ، اے ہدایت یافتہ لوگوں کو

اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ

دوست رکھنے والے

۷۳ برائے دفع درد باد :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا میں تیرے نام پر تجھ سے

بِاسْمِكَ یَا شَفِیْقُ یَا رَفِیْقُ یَا حَفِیْظُ

سوال کرتا ہوں اے شفقت کرنیوالے ، اے ساتھ رہنے والے، اے حفاظت کرنیوالے

یَا مُحِیْطُ یَا مُقِیْتُ یَا مُغِیْثُ یَا مُعِزُّ

اے احاطہ کرنے والے ، اے قوت دینے والے، اے فریاد رس ، اے عزت دینے والے

يَا مُذِلُّ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ

اے ذلت دینے والے، اے پیدا کرنے والے، اے لوٹانے والے

۷۴ برائے ولادت فرزند:۔ يَا مَنْ هُوَ اَحَدٌ

اے وہ خدا جو ایک ہے

بِلَا ضِدٍّ يَا مَنْ هُوَ فَرْدٌ بِلَا نِدٍّ يَا مَنْ

بلا ضد کے اے وہ خدا جو ایک ہے بلا شریک کے، اے وہ خدا

هُوَ صَمَدٌ بِلَا عَيْبٍ يَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ

جو بے نیاز ہے اور بے عیب ہے اے وہ جو خدا جو یگانہ ہے اور

بِلَا كَيْفٍ يَا مَنْ هُوَ قَاضٍ بِلَا حَيْفٍ

یکساں ہے، اے وہ خدا جو حکم کرتا ہے بلا ستم کے

يَا مَنْ هُوَ رَبٌّ بِلَا وَزِيْرٍ يَا مَنْ هُوَ

اے وہ خدا جو پروردگار ہے بے وزیر اے وہ جو صاحب

عَزِيْزٌ بِلَا ذُلٍّ يَا مَنْ هُوَ غَنِيٌّ بِلَا فَقْرٍ

عزت ہے بغیر ذلت کے اے خدائے تونگر بلا فقر،

يَا مَنْ هُوَ مَلِكٌ بِلَا عَزْلٍ يَا مَنْ هُوَ

اے بادشاہ بے زوال، اے وہ خدا

مَوْصُوْفٌ بِلَا شَبِيْهٍ

جس کی صفت بے مثل ہے،

۷۵ برائے حصول بزرگی:۔ يَا مَنْ ذِكْرُهٗ

اے وہ خدا جس کا ذکر

شَرَفٌ لِلذَّاكِرِيْنَ يَا مَنْ شُكْرُهٗ فَوْزٌ

ذکر کرنے والوں کا شرف ہے اے وہ خدا کہ شکر اس کا شکر کرنے

لِلشَّاكِرِيْنَ يَا مَنْ حَمْدُهٗ عِزٌّ لِلْحَامِدِيْنَ

والوں کے لئے باعث نجات ہے، اے وہ خدا کہ حمد اسکی حمد کرنیوالوں کیلئے عزت ہے

يَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِلْمُطِيْعِيْنَ يَا

اے وہ خدا کہ طاعت اس کی طاعت کرنے والوں کے لئے نجات ہے، اے

مَنْ بَابُهٗ مَفْتُوْحٌ لِلطَّالِبِيْنَ يَا مَنْ

وہ خدا جس کا دروازہ ڈھونڈنے والوں کے لئے کھلا ہے، اے وہ خدا

سَبِيْلُهٗ وَاضِحٌ لِلْمُنِيْبِيْنَ يَا مَنْ اٰيَاتُهٗ

جس کی راہ توبہ کرنے والوں کے لئے روشن ہے، اے وہ خدا کہ جس کی

بُرْهَانٌ لِلنَّاظِرِيْنَ يَا مَنْ كِتَابُهٗ تَذْكِرَةٌ

نشانیاں دیکھنے والوں کے لئے دلیل ہیں، اے وہ خدا جس کی کتاب پرہیزگاروں

لِلْمُتَّقِيْنَ يَا مَنْ رِزْقُهٗ عُمُوْمٌ لِلطَّائِعِيْنَ

کے لئے نصیحت ہے، اے وہ خدا کہ جس کا رزق فرمانبرداروں اور نافرمانوں کے

وَالْعَاصِيْنَ يَا مَنْ رَحْمَتُهٗ قَرِيْبٌ مِّنَ

لئے عام ہے ، اے وہ خدا کہ رحمت اس کی قریب ہے

الْمُحْسِنِيْنَ

نیکوکاروں سے

(۷۶) برائے دفع برص :- يَا مَنْ تَبَارَكَ اسْمُهٗ

اے وہ خدا کہ برکت والا ہے نام اس کا

يَا مَنْ تَعَالٰى جَدُّهٗ يَا مَنْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ

اے وہ خدا کہ عزت اس کی بلند ہے، اے وہ خدا کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

يَا مَنْ جَلَّ ثَنَاؤُهٗ يَا مَنْ تَقَدَّسَتْ

اے وہ خدا کہ اس کی ستائش بزرگ ہے، اے وہ خدا کہ اس کے نام

اَسْمَآؤُهٗ يَا مَنْ يَدُوْمُ بَقَاؤُهٗ يَا مَنِ

پاک ہیں اے وہ خدا کہ اس کو ہمیشہ بقا ہے اے وہ خدا

الْعَظَمَةُ بَهَاؤُهٗ يَا مَنِ الْكِبْرِيَآءُ

کہ بزرگی اس کا زیور ہے اے وہ خدا کہ بڑائی اس کی

رِدَآؤُهٗ يَا مَنْ لَا تُحْصٰى اٰلَآؤُهٗ يَا مَنْ

ردا ہے اے وہ خدا کہ نعمتیں اسکی شمار نہیں ہوسکتیں اے وہ

لَا تُعَدُّ نَعْمَآؤُهٗ

خدا کہ کرامتیں اس کی شمار نہیں ہوسکتیں۔

(۷۷) برائے ادائے قرض :۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

بار خدایا میں تیرے نام سے سوال

بِاسْمِكَ يَا مُعِيْنُ يَا اَمِيْنُ يَا مُبِيْنُ

کرتا ہوں، اے مدد گار، اے امانت دار، اے کلام روشن

يَا مَتِيْنُ يَا مَكِيْنُ يَا رَشِيْدُ يَا حَمِيْدُ

اے متانت دار اے قائم اے بزرگی والے، اے سزاوار (حمد)

يَا مَجِيْدُ يَا شَدِيْدُ يَا شَهِيْدُ

اے شان والے، اے سخت گیر، اے شہادت دینے والے،

(۷۸) برائے محبت وولا :- یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ
اے صاحب عرش بزرگ،
یَا ذَا الْقَوْلِ السَّدِیْدِ یَا ذَا الْوَعْدِ وَ
اے سچ کہنے والے اے کارعظیم کے انجام دینے والے
الْوَعِیْدِ یَا مَنْ هُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ یَا مَنْ
اے رحمت وعذاب کے کرنے والے، اے رحمت وعذاب کے وعدہ کرنیوالے، اے وہ خدا
هُوَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا مَنْ هُوَ قَرِیْبٌ
جو لائق حمد وثنا ہے، اے وہ خدا جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے، اے وہ خدا جو نزدیک ہے
غَیْرُ بَعِیْدٍ یَا مَنْ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
دور نہیں، اے وہ خدا جو ہر شئے پر گواہ
شَهِیْدٌ یَا مَنْ هُوَ لَیْسَ بِظَلَّامٍ
ہے، اے وہ خدا جو اپنے بندوں پر ظلم
لِّلْعَبِیْدِ
نہیں کرتا،

(۷۹) برائے رہائی از زندان :- یَا مَنْ لَّا شَرِیْكَ لَهٗ
اے وہ خدا کہ اس کا کوئی
وَلَا وَزِیْرَ یَا مَنْ لَّا شَبِیْهَ لَهٗ وَلَا نَظِیْرَ
شریک نہیں ہے اور نہ کوئی وزیر ہے، اے وہ خدا کہ اس کی نہ کوئی شبیہ ہے اور
یَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِیْرِ یَا
نہ نظیر، اے پیدا کرنے والے آفتاب کے اور روشن ماہتاب کے، اے

مُغْنِیَ الْبَائِسِ الْفَقِیْرِ یَا رَازِقَ

پریشان حال محتاج کو مال دار بنانے والے، اے چھوٹے بچوں کو

الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ یَا رَاحِمَ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ

رزق پہنچانے والے، اے بوڑھوں پر ترس کھانے والے

یَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْکَسِیْرِ یَا عِصْمَۃَ

اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے اے خوف زدہ پناہ

الْخَائِفِ الْمُسْتَجِیْرِ یَا مَنْ ھُوَ بِعِبَادِہٖ

چاہنے والے کے بچاؤ، اے وہ خدا جو اپنے بندوں کی

خَبِیْرٌ بَصِیْرٌ یَا مَنْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ

خبر رکھتا ہے اور ان کا دیکھنے والا ہے، اے وہ خدا جو ہر چیز پر

شَیْءٍ قَدِیْرٌ

قدرت رکھتا ہے،

⑧۰ برائے فراوانی نعمت :- یَا ذَا الْجُوْدِ وَ

اے نعمتوں کے بخشنے والے،

النِّعَمِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَ الْکَرَمِ یَا

اے فضل و کرم والے، اے

خَالِقَ اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ یَا بَارِئَ الذَّرِّ

لوح و قلم کے پیدا کرنے والے، اے چیونٹی اور آدمی

وَ النَّسَمِ یَا ذَا الْبَاْسِ وَ النِّقَمِ یَا

کے پیدا کرنے والے، اے عذاب کرنے والے اور انتقام لینے والے

مُلْهِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ يَا كَاشِفَ

عرب و عجم کے الہام کرنے والے اے سختیوں اور

الضُّرِّ وَالْاَلَمِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْهِمَمِ

رنج کے دور کرنے والے، اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے

يَا رَبَّ الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ يَا مَنْ خَلَقَ

اے کعبہ کے مالک، اے عدم سے وجود

الْاَشْيَاءَ مِنَ الْعَدَمِ

میں چیزوں کے لانے والے۔ پاک ہے تو

(۸۱) برائے درد صداع (کنپٹی) :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اے پروردگار میں تیرے

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا فَاعِلُ يَا جَاعِلُ

نام کے ساتھ تجھ سے بھیک مانگتا ہوں، اے کردگار) اے پیدا کرنے والے

يَا قَابِلُ يَا كَامِلُ يَا فَاضِلُ يَا وَاصِلُ

اے قبول کرنے والے، اے کامل و اکمل، اے فضیلت والے، اے جدا کرنے والے

يَا عَادِلُ يَا غَالِبُ يَا طَالِبُ يَا وَاهِبُ

اے انصاف کرنے والے، اے غلبہ حاصل کرنے والے، اے مطالبہ کرنے والے، اے بخشش کرنے والے

---

(۸۲) برائے دفع درد وجع المفاصل و ناسور :- يَا مَنْ

اے وہ خدا

أَنْعَمَ بِطَوْلِهٖ يَا مَنْ أَكْرَمَ بِجُوْدِهٖ يَا

جس نے اپنے فضل و کرم سے ہمیں نعمتیں دیں، اے وہ خدا جو بخشش و انعام دینے

مَنْ جَادَ بِلُطْفِهٖ يَا مَنْ تَعَزَّزَ بِقُدْرَتِهٖ

والا ہے، اے وہ خدا جس نے اپنے فضل سے انعام فرمایا، اے وہ خدا جس نے اپنی

يَا مَنْ قَدَّرَ بِحِكْمَتِهٖ يَا مَنْ حَكَمَ

قدرت سے ہمکو عزت دی، اے وہ خدا جو اپنی حکمت سے قادر ہے، اے وہ خدا جو اپنی تدبیر

بِتَدْبِيْرِهٖ يَا مَنْ دَبَّرَ بِعِلْمِهٖ يَا مَنْ

سے حکیم ہے اے وہ خدا جو اپنے علم سے تدبیر کرنیوالا ہے، اے وہ خدا

تَجَاوَزَ بِحِلْمِهٖ يَا مَنْ دَنَا فِيْ عُلُوِّهٖ

جو اپنے حلم سے درگذر کرتا ہے، اے وہ خدا جو اپنے مرتبے کی وجہ سے نزدیک ہے

يَا مَنْ عَلَا فِيْ دُنُوِّهٖ

اے وہ خدا جو اپنی قدرت کی وجہ سے نہایت بلند مرتبہ ہے۔

(۸۳) برائے دفع در پشت :۔ يَا مَنْ يَّخْلُقُ مَا

اے وہ خدا جو چاہتا ہے وہ پیدا

يَشَآءُ يَا مَنْ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ يَا مَنْ

کرتا ہے، اے وہ خدا جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے، اے وہ خدا جس کو

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ يَا مَنْ يُّضِلُّ مَنْ

چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اے وہ خدا جس کو چاہتا ہے گمراہ چھوڑ

يَّشَآءُ يَا مَنْ يُّعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ يَا مَنْ

دیتا ہے اے وہ خدا جس کو چاہتا ہے عذاب کرتا ہے اے وہ خداجسکو

يَغْفِرُ مَنْ يَّشَآءُ يَا مَنْ يُّصَوِّرُ فِى الْاَرْحَامِ

چاہتا ہے بخشتا ہے ، اے وہ خدا جو رحم میں جیسی چاہتا ہے صورت

مَا يَشَآءُ يَا مَنْ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

بناتا ہے ، اے وہ خدا جو اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے مخصوص کرتا ہے

(۸۴) برائے دفع درد پہلوئے راست :- يَا مَنْ لَّمْ

اے وہ خدا جس کے لئے

يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا يَا مَنْ جَعَلَ

زن و فرزند نہیں ، اے وہ خدا جس نے

لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا يَا مَنْ لَّا يُشْرِكُ فِى

ہر چیز کے لئے ایک اندازہ کیا ، اے وہ خدا جو اپنے حکم میں کسی

حُكْمِهٖ اَحَدًا يَا مَنْ جَعَلَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

کو شریک نہیں رکھتا ، اے وہ خدا جس نے فرشتوں کو پیغامبر

رُسُلًا يَا مَنْ جَعَلَ فِى السَّمَآءِ بُرُوْجًا

مقرر کیا ، اے وہ خدا جس نے آسمانوں میں برج بنائے ،

يَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا يَا مَنْ

اے وہ خدا جس نے زمین کو آرام گاہ قرار دیا ، اے وہ خدا

خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا يَا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ

جس نے نطفے سے آدمی بنایا ، اے وہ خدا جس نے ہر چیز کیلئے

شَیْءٍ اَمَدًا يَا مَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ

ایک مدت معین کی ، اے وہ خدا جو ہر چیز پر محیط

عِلْمًا يَا مَنْ أَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا

ہے، اے وہ خدا جو ہر چیز کے اعداد و شمار سے واقف ہے۔

(۸۵) برائے دفع درد کمر:۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ

اے پالنے والے میں تیرے ہی نام

بِاسْمِكَ يَا أَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

پر تجھ سے بھیک مانگتا ہوں، اے سب سے پہلے، اے سب سے بعد، اے ظاہر، اے

يَا بَرُّ يَا حَقُّ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ يَا

مخفی اے سزاوار عبادت اے یگانہ اے بے مثل اے بے نیاز اے

سَرْمَدُ

ہمیشہ رہنے والے

(۸۶) برائے دفع درد سپرز (تلی):۔ يَا خَيْرَ مَعْرُوفٍ

اے بہتر پہچانے ہوئے

عُرِفَ يَا أَفْضَلَ مَعْبُودٍ عُبِدَ يَا أَجَلَّ

جو لائق پہچاننے کے ہے اے سب سے بہتر معبود جو عبادت کے لائق ہے، اے

مَشْكُورٍ شُكِرَ يَا أَعَزَّ مَذْكُورٍ ذُكِرَ يَا

بہترین مشکور جو شکر کا سزاوار ہے، اے عزت والے جو یاد کیا جاتا ہے، اے

أَعْلٰى مَحْمُودٍ حُمِدَ يَا أَقْدَمَ مَوْجُودٍ

بہترین محمود جس کی حمد کی جاتی ہے، اے سب سے قدیم موجود جسکی

طُلِبَ يَا أَرْفَعَ مَوْصُوفٍ وُصِفَ يَا

طلب کی جاتی ہے، اے بلند ترین موصوف جس کی توصیف کی جاتی ہے اے

اَکْبَرَ مَقْصُوْدٍ قُصِدَ یَآ اَکْرَمَ مَسْئُوْلٍ

بزرگ ترین مقصود جس کی طرف قصد کیا جاتا ہے، اے سب سے بہتر مسئول

سُئِلَ یَآ اَشْرَفَ مَحْبُوْبٍ عُلِمَ

جس سے سوال کیا جاتا ہے، اے محبوب ترین دوست جس کی معرفت کرائی جاتی ہے

۸۷ برائے دفع دردِ سر:۔ یَا حَبِیْبَ الْبَاکِیْنَ

اے رونے والوں کے دوست،

یَا سَیِّدَ الْمُتَوَکِّلِیْنَ یَا هَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ

اے توکل کرنے والوں کی جائے پناہ، اے گمراہوں کو ہدایت کرنے والے

یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَآ اَنِیْسَ الذَّاکِرِیْنَ

اے ایمان والوں کے دوست، اے عبادت کرنے والوں کے مونس

یَا مَفْزَعَ الْمَلْهُوْفِیْنَ یَا مُنْجِیَ الصَّادِقِیْنَ

اے عاجزوں کی جائے پناہ، اے سچوں کے نجات دلادینے والے،

یَآ اَقْدَرَ الْقَادِرِیْنَ یَآ اَعْلَمَ الْعَالِمِیْنَ

اے سب سے بہتر قدرت رکھنے والے، اے سب سے بہتر جاننے والے

یَآ اِلٰهَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ

اے تمامی خلقت کے پیدا کرنے والے

۸۸ برائے دفع دردِ پیشانی:۔ یَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ

اے وہ جو بلند ہو کر غالب رہا

یَا مَنْ مَّلَكَ فَقَدَرَ یَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ

اے وہ جو مالک ہو کر صاحب قدرت رہا، اے وہ کہ جو پوشیدہ ہو کر باخبر رہا،

يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ

اے وہ کہ جسکی پرستش کی گئی اور اس نے جزا دی، اے وہ کہ جس نے اپنی نافرمانی پر بھی

يَا مَنْ لَا تَحْوِيهِ الْفِكَرُ يَا مَنْ لَا يُدْرِكُهُ

بخشا، اے وہ کہ جس کو فکریں گھیر نہیں سکتیں، اے وہ کہ جس کو آنکھ دیکھ

بَصَرٌ يَا مَنْ لَا يَخْفَى عَلَيْهِ أَثَرٌ يَا رَازِقَ

نہیں سکتی، اے وہ کہ جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں، اے انسانوں

الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ

کو رزق دینے والے، اے قسمتوں کی تقدیر کرنے والے،

(۸۹) برائے دفع سلسل بول:۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

اے پالنے والے میں تیرے ہی نام

بِاسْمِكَ يَا حَافِظُ يَا بَارِئُ يَا ذَارِئُ

پر تجھ سے مانگتا ہوں، اے حفاظت کرنیوالے، اے پیدا کرنیوالے، اے بلند مرتبہ

يَا بَاذِخُ يَا فَارِجُ يَا فَاتِحُ يَا كَاشِفُ

اے کھولنے والے، اے خوش رکھنے والے، اے فتح کرنے والے، اے ظاہر

يَا ضَامِنُ يَا آمِرُ يَا نَاهِي

اے ضمانت کرنیوالے، اے نیکی کا حکم کرنیوالے، اے بدی سے روکنے والے

(۹۰) برائے دفع درد ناف:۔ يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ

اے وہ خدا کہ نہیں جانتا غیب کو کوئی

إِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ إِلَّا هُوَ

تیرے سوا، اے وہ خدا کہ نہیں پھیرتا بلاؤں کو کوئی تیرے سوا،

يَا مَنْ لَّا يَخْلُقُ الْخَلْقَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ نہیں خلق کیا مخلوق کو مگر تو نے، اے وہ خدا کہ

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا يُتِمُّ

نہیں بخشتا کوئی گناہوں کو تیرے سوا، اے وہ خدا کہ کوئی تمام

النِّعْمَةَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا يُقَلِّبُ الْقُلُوْبَ

نہیں کرتا نعمتوں کو تیرے سوا، اے وہ خدا کہ نہیں پھیرتا کوئی دلوں کو تیرے

اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا يُدَبِّرُ الْاَمْرَ اِلَّا هُوَ يَا

سوا، اے وہ خدا کہ نہیں کرتا کوئی تدبیر کام کی تیرے سوا، اے

مَنْ لَّا يُنَزِّلُ الْغَيْثَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا

وہ خدا کہ نہیں بھیجتا باران رحمت مگر تو، اے وہ خدا کہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا يُحْيِ

نہیں کشادہ کرتا کوئی روزی کو تیرے سوا، اے وہ خدا کہ نہیں زندہ

الْمَوْتٰى اِلَّا هُوَ

کرتا مُردے کو کوئی تیرے سوا

(۹۱) برائے دفع سنگ مثانہ:- يَا مُعِيْنَ الضُّعَفَآءِ

اے کمزوروں کی مدد کرنے والے

يَا صَاحِبَ الْغُرَبَآءِ يَا نَاصِرَ الْاَوْلِيَآءِ

اے غریبوں کے مالک، اے دوستوں کی مدد کرنے والے

يَا قَاهِرَ الْاَعْدَآءِ يَا رَافِعَ السَّمَآءِ يَا

اے دشمنوں پر غلبہ پانیوالے، اے آسمانوں کے بلند کرنیوالے، اے

اَنِیْسَ الْاَصْفِیَآءِ یَاحَبِیْبَ الْاَتْقِیَآءِ

برگزیدہ بندوں کو دوست رکھنے والے، اے پرہیزگار بندوں سے محبت رکھنے

یَاکَنْزَ الْفُقَرَآءِ یَآ اِلٰہَ الْاَغْنِیَآءِ یَا

والے، اے محتاجوں کے خزانے، اے تونگروں کے خدا، اے کریم تر

اَکْرَمَ الْکُرَمَآءِ

سب کریموں کے

(۹۲) برائے دفع بواسیر:۔ یَاکَافِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ

اے کافی ہر شے سے

یَاقَآئِمًا عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ یَامَنْ لَّایُشْبِہُہٗ

اے قائم ہر چیز پر، اے وہ خدا جس کی مانند

شَیْءٌ یَامَنْ لَّایَزِیْدُ فِیْ مُلْکِہٖ شَیْءٌ یَا

کوئی شے نہیں، اے وہ خدا کہ جس کی بادشاہی کوئی چیز زیادہ نہیں کرتی

مَنْ لَّایَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ یَامَنْ لَّا

اے وہ خدا کہ جس پر کوئی چیز پنہاں نہیں ہے، اے وہ خدا کہ جس

یَنْقُصُ مِنْ خَزَآئِنِہٖ شَیْءٌ یَامَنْ لَّیْسَ

کے خزانے سے کوئی چیز کم نہیں ہوتی، اے وہ خدا جس

کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ یَامَنْ لَّایَعْزُبُ عَنْ

کی مانند کوئی چیز نہیں ہے، اے وہ خدا جس کے علم سے کوئی

عِلْمِہٖ شَیْءٌ یَامَنْ ہُوَخَبِیْرٌ بِکُلِّ

چیز پوشیدہ نہیں، اے وہ خدا کہ ہر شے سے واقف

شَیْءٍ یَا مَنْ وَسِعَتْ رَحْمَتُهٗ کُلَّ شَیْءٍ

اے وہ خدا کہ جس کی رحمت ہر شے کے لئے شامل ہے۔

(۹۳) برائے دفع زخم ناسور:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

خداوندا تجھ سے تیرے ہی نام

بِاسْمِكَ یَا مُكْرِمُ یَا مُطْعِمُ یَا مُنْعِمُ

پر سوال کرتا ہوں اے کرم کرنیوالے، اے کھلانے والے، اے نعمت دینے والے

یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا مُقْنِیْ یَا مُفْنِیْ

اے غنی کرنے والے، اے مال دینے والے، اے پناہ دینے والے، اے مارنیوالے

یَا مُحْیِیْ یَا مُرْضِیْ یَا مُنْجِیْ

اے زندہ کرنے والے، اے مسرور کرنے والے، اے نجات دینے والے

(۹۴) برائے دفع درد بینی:۔ یَا اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ

اے ہر شے سے اول اور ہر شے سے

وَّ مَلِیْكَهٗ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ صَانِعَهٗ

آخر، اے ہر شے کے پالنے والے اور ہر شے کے بنانے والے

یَا بَارِیَٔ کُلِّ شَیْءٍ وَّ خَالِقَهٗ یَا قَابِضَ

اے ہر شے کے پیدا کرنے والے اور ہر شے کے خالق، اے ہر شے کے

کُلِّ شَیْءٍ وَّ بَاسِطَهٗ یَا مُبْدِیَٔ کُلِّ

روکنے والے اور ہر شے کے دینے والے، اے ہر شے کی ابتداء کرنے

شَیْءٍ وَّ مُعِیْدَهٗ یَا مُنْشِیَٔ کُلِّ شَیْءٍ

والے اور ہر شے کے اعادہ کرنیوالے اور ہر شے کے ایجاد کرنے والے

وَمُقَدِّرَهٗ يَا مُكَوِّنَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

اور ہر شے کے اندازہ کرنیوالے اے ہر شے کے موجود کرنے والے اور

مُحَوِّلَهٗ يَا مُحْيِيَ كُلِّ شَيْءٍ وَّمُمِيْتَهٗ

تغیر دینے والے، اے ہر شے کے زندہ کرنے والے اور مارنے والا

يَا خَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ

اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے اور مالک

(۹۵) برائے دفع درد شکم:۔ يَا خَيْرَ ذَاكِرٍ وَّ

اے سب ذکر کرنے والوں کے

مَذْكُوْرٍ يَّا خَيْرَ شَاكِرٍ وَّمَشْكُوْرٍ يَا

بہتر اور جنکا ذکر کیا گیا، اے سب شکر گذاروں کے بہتر اور جنکا شکر کیا گیا اے

خَيْرَ حَامِدٍ وَّمَحْمُوْدٍ يَا خَيْرَ شَاهِدٍ

سب حمد کرنیوالوں کے بہتر اور جن کی حمد کی گئی، اے بہترین شاہدوں اور

وَّمَشْهُوْدٍ يَا خَيْرَ دَاعٍ وَّمَدْعُوٍّ

مشہودوں کے، اے بہترین بلانیوالوں اور بلائے ہوؤں کے،

يَا خَيْرَ مُجِيْبٍ وَّمُجَابٍ يَا خَيْرَ

اے بہترین قبول کرنے والوں اور مقبولوں کے اے بہترین مصاحبوں

مُؤْنِسٍ وَّاَنِيْسٍ يَا خَيْرَ صَاحِبٍ وَّ

اور دوستوں کے اے بہترین صحبت رکھنے والوں اور

جَلِيْسٍ يَا خَيْرَ مَقْصُوْدٍ وَّمَطْلُوْبٍ

ہم نشینوں کے اے بہترین مقصود و مطلوب کے،

یَا خَیْرَ حَبِیْبٍ وَّمَحْبُوْبٍ

اے بہترین دوستوں اور محبوبوں کے،

(۹۶) برائے درد زانو :- یَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ

اے وہ خدا جو دعا کرنے والوں کی دعا قبول

مُجِیْبٌ یَا مَنْ هُوَ لِمَنْ اَطَاعَهٗ حَبِیْبٌ

کرنے والا ہے، اے وہ خدا جو فرمانبرداروں کا دوست ہے،

یَا مَنْ هُوَ اِلٰی مَنْ اَحَبَّهٗ قَرِیْبٌ یَا مَنْ

اے وہ خدا جو اپنے دوستوں کے نزدیک ہے اے وہ خدا

هُوَ لِمَنِ اسْتَحْفَظَهٗ رَقِیْبٌ یَا مَنْ هُوَ

جو حفاظت کرنے والوں کا نگہدار ہے، اے وہ خدا

لِمَنْ رَجَاهُ کَرِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ بِمَنْ

جو امیدواروں کیلئے کریم ہے اے وہ خدا جو گنہگاروں کے

عَصَاهُ حَلِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ عَظَمَتِهٖ

لئے بردبار ہے، اے وہ خدا جو باوجود اپنی بزرگی کے

رَحِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ حِکْمَتِهٖ عَظِیْمٌ

مہربان ہے اے وہ خدا جو حکمت کی رو سے بزرگ ہے، اے

یَا مَنْ هُوَ فِیْ اِحْسَانِهٖ قَدِیْمٌ یَا مَنْ

وہ خدا جس کا احسان قدیم ہے، اے وہ

هُوَ بِمَنْ اَرَادَهٗ عَلِیْمٌ

خدا جو ان لوگوں سے آگاہ ہے جو اس کی معرفت کا قصد رکھتے ہیں

(۹۷) برائے دفع درد گلو:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
اے خدا میں تجھ سے تیرے ہی نام پر
بِاسْمِكَ يَا مُسَبِّبُ يَا مُرَغِّبُ يَا مُقَلِّبُ
بھیک مانگتا ہوں، اے سبب پیدا کرنوالے، اے رغبت دینے والے، اے دلوں کے پھیرنوالے
يَا مُعَقِّبُ يَا مُرَتِّبُ يَا مُخَوِّفُ يَا مُحَذِّرُ
اے عذاب کرنے والے، اے ترتیب دینے والے، اے ڈرانے والے، اے بچانیوالے
يَا مُذَكِّرُ يَا مُسَخِّرُ يَا مُغَيِّرُ
اے یاد دلانیوالے، اے مطیع کرنیوالے، اے تبدیل کرنے والے۔

(۹۸) برائے حصول مراد:۔ يَا مَنْ عِلْمُهٗ سَابِقٌ
اے وہ خدا جو ابتدا سے عالم ہے،
يَا مَنْ وَعْدُهٗ صَادِقٌ يَا مَنْ لُطْفُهٗ
اے وہ خدا جو وعدہ کا سچا ہے، اے وہ خدا کہ جس کی مہربانی
ظَاهِرٌ يَا مَنْ اَمْرُهٗ غَالِبٌ يَا مَنْ
ظاہر ہے، اے وہ خدا کہ فرمان جس کا غالب ہے، اے وہ خدا کہ
كِتَابُهٗ مُحْكَمٌ يَا مَنْ قَضَائُهٗ كَائِنٌ يَا
کتاب جس کی محکم ہے، اے وہ خدا کہ جس کا حکم ہوکے رہتا ہے، اے
مَنْ قُرْاٰنُهٗ مَجِيْدٌ يَا مَنْ مُلْكُهٗ قَدِيْمٌ
وہ خدا کہ جس کا قرآن بزرگ ہے، اے وہ خدا کہ بادشاہی اسکی قدیم ہے،
يَا مَنْ فَضْلُهٗ عَمِيْمٌ يَا مَنْ عَرْشُهٗ
اے وہ خدا کہ فضل جس کا عام ہے، اے وہ خدا کہ عرش جس کا عظیم

عَظِيْمٌ

عظیم ہے۔

(۹۹) برائے دفع درد پا :- يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ

اے وہ خدا کہ جس کو کوئی چیز

سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ يَا مَنْ لَّا يَمْنَعُهٗ فِعْلٌ

سننا مشغول نہیں کرتا ، اے وہ خدا کہ جس کو ایک فعل دوسرے

عَنْ فِعْلٍ يَا مَنْ لَّا يُلْهِيْهِ قَوْلٌ عَنْ

فعل سے خدا باز نہیں رکھتا، اے وہ خدا جس کو ایک قول دوسرے قول

قَوْلٍ يَا مَنْ لَّا يُغَلِّطُهٗ سُؤَالٌ عَنْ

سے غافل نہیں کرتا ، اے وہ خدا کہ جس کو ایک سوال دوسرے سوال سے

سُؤَالٍ يَا مَنْ لَّا يَحْجُبُهٗ شَيْءٌ عَنْ

بھلاتا نہیں ، اے وہ خدا کہ جس کو ایک چیز دوسری چیز کے دیکھنے سے مانع

شَيْءٍ يَا مَنْ لَّا يُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ

نہیں ہوتی ، اے وہ خدا کہ جس کو رونیوالوں کی گریہ وزاری عاجز نہیں کرتی ،

يَا مَنْ هُوَ غَايَةُ مُرَادِ الْمُرِيْدِيْنَ يَا

اے وہ خدا کہ جو دوستوں کی مراد کا انتہا ہے ، اے

مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى هِمَمِ الْعَارِفِيْنَ يَا مَنْ

وہ خدا کہ جس جو عارفوں کی ہمتوں کا مقصود ہے ، اے وہ

هُوَ مُنْتَهٰى طَلَبِ الطَّالِبِيْنَ يَا مَنْ

خدا کہ اے وہ خدا کہ جس سے عالم کی

لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ ذَرَّۃٌ فِی الْعَالَمِیْنَ

جس سے عالم کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں

(۱۰۰) برائے دفع درد ساق :۔ یَا حَلِیْمًا لَا یَعْجَلُ

اے بردبار جو جلدی نہیں کرتا،

یَا جَوَادًا لَا یَبْخَلُ یَا صَادِقًا لَا یُخْلِفُ

اے صاحب بخشش جو بخل نہیں کرتا، اے وہ سچے جو وعدہ خلافی نہیں کرتا

یَا وَھَّابًا لَا یَمَلُّ یَا قَاھِرًا لَا یُغْلَبُ

اے وہ بخشنے والے جو ملال نہیں رکھتا، اے وہ زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا

یَا عَظِیْمًا لَا یُوْصَفُ یَا عَدْلًا لَا یَحِیْفُ

اے وہ بزرگ جو صفت میں نہیں آسکتا، اے وہ عادل جو ظلم نہیں کرتا

یَا غَنِیًّا لَا یَفْتَقِرُ یَا کَبِیْرًا لَا یَصْغُرُ یَا

اے وہ تونگر جو محتاج نہیں ہوتا، اے وہ بزرگ جو چھوٹا نہیں ہوتا، اے

حَافِظًا لَا یَغْفُلُ سُبْحَانَکَ یَا لَا اِلٰہَ

وہ نگہبان جو غافل نہیں ہوتا - پاک ہے تو اے وہ خدا کہ

اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ

سوا تیرے کوئی خدا نہیں - فریاد ہے فریاد ہے ہم سب کو عذاب دوزخ سے

النَّارِ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ

نجات دے - اے میرے پالنے والے، اے میرے پالنیوالے اے میرے پالنیوالے

اَسْنَادِ دُعَائے جَوْشَنِ صَغِیْر

حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھتا ہے خداوند عالم اس کی

نگہبانی کے لیے دو فرشتے مقرر کرتا ہے وہ اس کے گناہوں اور بلاؤں سے حفاظت کرتے ہیں جو شخص ماہ رمضان میں تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے خدائے عزوجل اس پر آتش دوزخ حرام کرتا ہے اور بہشت واجب کرتا ہے اگر ایک مرتبہ پڑھے تو بھی کافی ہے اور اگر کوئی شخص ہر روز اس دعا کو پڑھے اور قضا نہ کرے تو وہ شہیدوں میں داخل ہوگا۔ خداوند عالم اس کیواسطے سو شہیدوں کا ثواب شہدائے بدر سے لکھے گا اور جو شخص شب کو پڑھے تو حق تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت سے توجہ فرمائے گا اور جو حاجت دنیا و آخرت کی اس سے طلب کرے گا وہ عطا فرمائے گا، مگر جب یہ دعا پڑھے تو باطہارت پڑھے، جب اسے باندھے تو باطہارت باندھے جو شخص اس دعا کو ظرف چینی میں آب زلال اور زعفران سے دھو کر مریض کو پلادے فوراً شفایاب ہو اگر تندرست ہے بیماری بدن میں نہ رہیگی۔ نیز جس مطلب کے واسطے چاہے پڑھے اگر ہمیشہ مداومت رکھے تو بہت ہی بہتر ہے گو اس کے اسناد بہت ہی طولانی ہیں مگر مختصر طور پر ہی تحریر کئے گئے۔ دُعائے مذکور اکثر کتابوں میں غلط ہے اس میں صحیح کرکے اور مکمل طور پر طبع کی گئی ہے۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمٰن و رحیم ہے

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَدُوٍّ انْتَضٰى عَلَيَّ

خداوندا! اکثر ایسے میرے دشمن ہوئے جنہوں مجھ پر دشمنی

سَيْفَ عَدَاوَتِهٖ وَشَحَذَ لِيْ ظُبَةَ

کی تلوار کھینچی ہے، اور میرے لیئے اپنے خنجر

مُدْيَتِهٖ وَاَرْهَفَ لِيْ شَبَا حَدِّهٖ وَدَافَ

کی باڑ تیز کی اور تیر میں نوک نکالی ہے

لِيْ قَوَاتِلَ سُمُوْمِهٖ وَسَدَّدَ نَحْوِيْ

اور میرے واسطے زہرہائے قاتل کو گھولا ہے اور اپنے تیر

صَوَآئِبَ سِهَامِهٖ وَلَمْ تَنَمْ عَنِّیْ عَیْنُ

میری طرف سیدھے کیئے ، اور اپنی آنکھ میری نگہبانی سے بند

حِرَاسَتِهٖ وَاَضْمَرَاَنْ یَّسُوْمَنِیْ الْمَکْرُوْهَ

نہ کی اور اس نے اس لئے دل میں پوشیدہ رکھا کہ مجھے

وَیُجَرِّعَنِیْ ذُعَافَ مَرَارَتِهٖ نَظَرْتَ

رنج پہنچائے اور اس کی تلخی چکھائے ،

یَا اِلٰهِیْ اِلٰی ضَعْفِیْ عَنِ احْتِمَالِ

پس خداوندا تونے میری کمزوری پر نظر کی کہ مصائب کا تحمل نہیں

الْفَوَادِحِ وَعَجْزِیْ عَنْ مُلِمَّاتِ

کرسکتا اور تونے دیکھا کہ میں تحمل بلیات و آفات سے

الْجَوَآئِحِ وَقُصُوْرِیْ عَنِ الْاِنْتِصَارِ

عاجز ہوں اور تونے میرا قصور دیکھا کہ میں اس شخص سے انتقام

مِمَّنْ قَصَدَنِیْ بِمُحَارَبَتِهٖ وَوَحْدَتِیْ

نہیں لے سکتا جو مجھ سے لڑنے کا قصد رکھتا ہے اور میری تنہائی اور

فِیْ کَثِیْرِ مِمَّنْ نَاوَانِیْ وَاَرْصَدَ

دشمنوں کی کثرت اور ان کا کمین گاہ میں بیٹھنا تاکہ مجھے صدمہ اور تکلیف

لِیْ فِیْمَا لَمْ اُعْمِلْ فِکْرِیْ فِی

پہنچائیں ایسے امر میں میں نے اپنی تدابیر کو دخل نہیں دیا اور

الْاِرْصَادِ لَهُمْ بِمِثْلِهٖ فَاَیَّدْتَنِیْ بِقُوَّتِكَ

یہ کہ میں بھی کمین گاہ میں مثل ان کے بیٹھوں پس تونے اپنی قوت کاملہ

وَشَدَدْتَ اَزْرِیْ بِنَصْرِكَ وَفَلَلْتَ

سے میری مدد کی اور اپنی نصرت سے میری پشت کو مضبوط بنایا، تو

لِیْ حَدَّهٗ وَخَذَلْتَهٗ بَعْدَ جَمْعِ عَدِیْدِهٖ

نے اس کے نیزوں کو میرے لیے کند کیا، اور تونے اسے ناامید کیا حالانکہ وہ بہت

وَحَشْدِهٖ وَاَعْلَیْتَ كَعْبِیْ عَلَیْهِ وَوَجَّهْتَ

جمعیت رکھتا تھا، اور تونے اس پر میرا مرتبہ بلند کیا، اور وہ فریب اس

مَا سَدَّدَ اِلَیَّ مِنْ مَّكَآئِدِهٖ اِلَیْهِ وَ

کی طرف پھیرے جو اس نے میرے لئے مہیّا کئے تھے، اور تو

رَدَدْتَّهٗ فِیْ مَهْوٰی حُفْرَتِهٖ وَلَمْ یَشْفِ

نے اس کو اسی گڑھے میں گرا دیا جس میں وہ مجھے گرانا چاہتا تھا اور تو

غَلِیْلَهٗ وَلَمْ تُبَرِّدْ حَرَارَةَ غَیْظِهٖ وَقَدْ

نے اسکی عداوت کو کامیاب نہ کیا اور اس کی آتش غضب کو

عَضَّ عَلَیَّ اَنَامِلَهٗ وَاَدْبَرَ مُوَلِّیًا قَدْ

تونے سرد نہ کیا، اور وہ حیرت سے اپنی انگلیاں دانتوں میں دباتا ہوا الٹا

اَخْفَقَتْ سَرَایَاهُ فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ

پھر گیا اور اس کے لشکروں نے وعدہ خلافی کی پس وہ تو لائق حمد ہے

مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا

اے پالنے والے تو ایسا قادر ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا

یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا، محمدؐ اور اس کی آل پر درود نازل کر اور

اجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَ
مجھ کو اپنے شکرگزاروں میں داخل کر اور
لِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ ﴿۲﴾ إِلٰهِي وَ
نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں سے اے خدا! اور
كَمْ مِنْ بَاغٍ بَغَانِي بِمَكَائِدِهٖ وَنَصَبَ
اکثر ایسے باغی ہوئے جنہوں نے مجھ پر اپنے فریب سے ستم کیا
لِي أَشْرَاكَ مَصَائِدِهٖ وَوَكَّلَ بِي تَفَقُّدَ
اور میرا شکار کرنے کے واسطے جال لگایا، اور ہمیشہ میری
رِعَايَتِهٖ وَأَضْبَأَ إِلَيَّ إِضْبَاءَ السَّبُعِ
جستجو میں رہے، اور میرے لئے اس طرح سمٹ کر بیٹھے جس طرح
لِطَرِيدَتِهٖ انْتِظَارًا لِانْتِهَازِ فُرْصَتِهٖ
درندہ اپنے شکار کی انتظار میں سمٹ کر بیٹھتا ہے دراں حالیکہ
وَهُوَ يُظْهِرُ لِي بَشَاشَةَ الْمَلَقِ وَيَبْسُطُ
ظاہر میں اور سامنے خوشامد کرتا ہے اور بکشادہ پیشانی اور بار دے
لِي وَجْهًا غَيْرَ طَلِقٍ فَلَمَّا رَأَيْتَ دَغَلَ
شگفتہ مجھ سے ملتا ہے پس تو نے اس کا باطنی فساد اور میرے ساتھ
سَرِيرَتِهٖ وَقُبْحَ مَا انْطَوٰى عَلَيْهِ لِشَرِيكِهٖ
اس کی بدنیتی دیکھی باوجودیکہ دین دملت میں شرکت
فِي مِلَّتِهٖ وَأَصْبَحَ مُجْلِبًا إِلَيَّ فِي بَغْيِهٖ
ہے، اور اس نے بغاوت کی سرگرمیوں کے ساتھ صبح کی،

أَرْكَسْتَهٗ لِاُمِّ رَاْسِهٖ وَاَنْبَتَّ بُنْيَانَهٗ

تونے اس کو سر کے بل نگونسار کیا اور اسکی بنیاد کو جڑ سے اکھیڑ

مِنْ اَسَاسِهٖ فَصَرَعْتَهٗ فِیْ زُبْيَتِهٖ وَ

دیا، پس تونے اس گڑھے میں اس کو گرا دیا اور

أَرْدَيْتَهٗ فِیْ مَهْوٰی حُفْرَتِهٖ وَجَعَلْتَ

جو اس نے میرے لئے بنائی تھی اور اس گڑھے میں اسکو دھکیل دیا جو اس

خَدَّهٗ طَبَقًا لِتُرَابِ رِجْلِهٖ وَشَغَلْتَهٗ

نے میرے لئے کھودا تھا، اور تونے اس کی خاک زیر پا سے اس کا

فِیْ بَدَنِهٖ وَرِزْقِهٖ وَرَمَيْتَهٗ بِحَجَرِهٖ وَ

چہرہ خاک آلودہ کیا، اور تونے اس کو بیماریوں اور فقر میں مبتلا

خَنَقْتَهٗ بِوَتَرِهٖ وَذَكَّيْتَهٗ بِمَشَاقِصِهٖ

کیا، اور اس کی طرف وہ پتھر پھینکا جو اس نے میرے اوپر پھینکا

وَكَبَبْتَهٗ لِمَنْخَرِهٖ وَرَدَدْتَّ كَيْدَهٗ فِیْ

تھا، اور اسی کی رسی سے اس کے گلے میں پھانسی ڈالی اور تونے اس

نَحْرِهٖ وَوَثَقْتَهٗ بِنَدَامَتِهٖ وَفَتَنْتَهٗ

کو اسی کے تیروں سے مارا اور اسے ناک کے بل گرایا اور اس کا مکر

بِحَسْرَتِهٖ فَاسْتَخْذَلَ وَاسْتَخْذَاَ وَ

اسی کی طرف پھیر دیا، اور تونے اسے ندامت میں غرق اور حسرت میں مبتلا کیا

تَضَاءَلَ بَعْدَ نَخْوَتِهٖ وَانْقَمَعَ بَعْدَ

پس وہ ذلیل و خوار ہوا اور تکبر اور نخوت کے بعد حقیر ہوا، اور باوجود

اسْتِطَالَتِهِ ذَلِيلًا مَأْسُورًا فِي رِبْقِ

اپنی بلندی کے پست ہو گیا اور ذلیل ہوا ، اور ان ہی رسیوں

حَبَائِلِهِ الَّتِي كَانَ يُؤَمِّلُ أَنْ يَرَانِي

میں قید ہوا جس میں مجھے بندھا دیکھنے کا آرزو مند تھا ، جس روز وہ

فِيهَا يَوْمَ سَطْوَتِهِ وَقَدْ كِدْتُ يَا

غلبہ پانے کے قریب تھا ، اے میرے پروردگار اگر تیری رحمت

رَبِّ لَوْلَا رَحْمَتُكَ يَحُلُّ بِي مَا حَلَّ

نہ ہوتی تو مجھ پر وہی مصیبت پڑتی جو اس پر پڑی ، پس

بِسَاحَتِهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

اے پالنے والے تو لائق حمد و شکر ہے اور تو ایسا قادر و توانا ہے

لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ

کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ کبھی جلدی نہیں

عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي

کرتا درود نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور اپنے شکر گزاروں اور نعمتوں

لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ

کے ذکر کرنے والوں میں مجھے داخل کر خداوندا!

مِنَ الذَّاكِرِينَ ③ إِلَهِي وَكَمْ مِنْ

اور اکثر ایسا حاسد کہ اس کا حسد

حَاسِدٍ شَرِقَ بِحَسَدِهِ وَعَدُوٍّ شَجِيَ

اسی کو گلو گیر ہوا اور اپنے غیظ میں غمناک و

بِغَيْظِهٖ وَسَلَقَنِيْ بِحَدِّ لِسَانِهٖ وَوَجَّهَ

اندوہگیں ہوا اور اپنی تیز زبانی سے مجھے آزار کر دیا، اور اپنے

لِيْ بِفُنُوْنِ عَيْبِهٖ وَ وَخَزَنِيْ بِمُوْقِ عَيْنِهٖ

عیبوں کو میری طرف منسوب کیا، اور اپنے گوشۂ چشم سے مجھ پر چشمک

وَجَعَلَ عِرْضِيْ غَرَضًا لِمَرَامِيْهِ وَقَلَّدَنِيْ

زنی کی، اور میری آبرو کو تیر ملامت کا نشانہ بنایا اور اپنے عیبوں کا ہار

خِلَالًا لَمْ تَزَلْ فِيْهِ فَنَادَيْتُكَ يَا رَبِّ

میرے گلے میں ڈال دیا، پس اے میرے پالنے والے

مُسْتَجِيْرًا بِكَ وَاثِقًا بِسُرْعَةِ اِجَابَتِكَ

میں نے تجھے پکارا دراں حالیکہ تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اور اس کا

مُتَوَكِّلًا عَلٰى مَا لَمْ اَزَلْ اَعْرِفُهٗ مِنْ

یقین رکھتا ہوں کہ تو جلد قبول کرتا ہے اور مجھے اعتماد ہے اور ہمیشہ سے جانتا

حُسْنِ دِفَاعِكَ عَالِمًا اَنَّهٗ لَنْ يُضْطَهَدَ

ہوں کہ تو بلا کو بخوبی دفع کرتا ہے اور مجھے یقین ہے کہ تو مقہور و مغلوب نہیں

مَنْ اَوٰى اِلٰى ظِلِّ كَنَفِكَ وَاَنْ لَا

ہوتا جو کوئی تیرے سایہ رحمت میں پناہ لیتا ہے مجھے یقین ہے کہ اس تک مصائب

تَقْرَعَ الْقَوَادِحُ مَنْ لَجَاَ اِلٰى مَعْقِلِ

نہیں پہنچتے ہیں جس نے تیری نصرت کو اپنا ملجا قرار دیا

الْاِنْتِصَارِ بِكَ فَحَصَّنْتَنِيْ مِنْ بَاْسِهٖ

پس تو نے مجھ کو اس کے خوف سے پناہ دی

بِقُدْرَتِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ

اور بسبب قادر ہونے کے مجھ کو اسکے خوف سے بچایا ، پس اے پالنے والے

مُقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ

میرے تو لائق حمد و شکر ہے ، تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِي

صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا ، درود نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور مجھ کو

لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ

شکر گزاروں اور نعمتوں کے ذکر کرنیوالوں میں

الذَّاكِرِينَ ۴ إِلَهِي وَكَمْ مِّنْ سَحَائِبَ

داخل کر خداوندا ! اور بہت سی گھٹائیں ایسی آئی

مَكْرُوهٍ جَلَّيْتَهَا وَسَمَاءِ نِعْمَةٍ مَطَرْتَهَا

ہیں جو مکروہات زمانہ کے باعث ہیں تو نے انہیں ہٹا دیا اور آسمان

وَجَدَاوِلِ كَرَامَةٍ أَجْرَيْتَهَا وَأَعْيُنِ

سے نعمت کا مینہ برسایا اور انعام و اکرام کی نہریں جاری اور حادثات زمانہ

أَحْدَاثٍ طَمَسْتَهَا وَنَاشِئَةِ رَحْمَةٍ

کے چشمے بند کر دیئے اور تازہ رحمتیں کیں ، اور

نَشَرْتَهَا وَجُنَّةِ عَافِيَةٍ أَلْبَسْتَهَا وَغَوَامِرِ

عافیت کے لباس پہنائے ، اور شدائد

كُرُبَاتٍ كَشَفْتَهَا وَأُمُورٍ جَارِيَةٍ قَدَّرْتَهَا

رنج و الم دور کئے ، اور تو نے ایسے امور جاری ہونے والے

لَمْ تُعْجِزْكَ اِذْ طَلَبْتَهَا وَلَمْ تَمْتَنِعْ

مقدر کیئے کہ جب تو چاہتا ہے تیرے حکم سے باہر نہیں ہو سکتے، اور جس

عَلَيْكَ اِذْ اَرَدْتَّهَا فَلَكَ الْحَمْدُ يَارَبِّ

وقت تو ان امور کا قصد کیا کرتا ہے تجھ سے سرتابی نہیں کرتے پس اے

مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَا

میرے پالنے والے تو لائق حمد و شکر ہے اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا

يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر محمدؐ و آل محمد پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَ

اور مجھ کو اپنے شکر گزاروں اور نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

لِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ۝٥ اِلٰهِيْ وَكَمْ

داخل کر، اے میرے معبود!

مِّنْ ظَنٍّ حَسَنٍ حَقَّقْتَ وَمِنْ عُدْمِ

اور بہت سے گمان نیک ہیں جو میں نے تیری بابت کیئے تو نے

اِمْلَاقٍ جَبَرْتَ وَمِنْ مَّسْكَنَةٍ فَادِحَةٍ

اسے درست کر دیا، اور تنگدستی کے راستوں کو تو نے بند کر دیا

حَوَّلْتَ وَمِنْ صَرْعَةٍ مُّهْلِكَةٍ اَنْعَشْتَ

اور مہلک فقیری کو تو نے ہلکا کر دیا، اور بہت سی افتادیں

وَمِنْ مَّشَقَّةٍ اَزَحْتَ لَا تُسْئَلُ يَا

دشمن حیات تھیں جنھیں تو نے اٹھا لیا، اور بہت سی مشقتوں کو تو نے

سَيِّدِىْ عَمَّا تَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ وَلَا

دفع کر دیا، اے میرے مالک تجھ سے اس کی بابت نہیں پوچھا جاتا جو تو کرتا

يَنْقُصُكَ مَآ اَنْفَقْتَ وَلَقَدْ سُئِلْتَ

ہے اور ساری مخلوق سے سوال کیا جاتا ہے اور تجھ کو وہ انعام نقصان نہیں

فَاَعْطَيْتَ وَلَمْ تُسْئَلْ فَابْتَدَأْتَ وَ

پہنچاتے جو تو رحمت فرماتا ہے، تجھ سے بارہا سوال کیا گیا تو نے عطا فرمایا اور

اسْتُمِيْحَ بَابُ فَضْلِكَ فَمَآ اَكْدَيْتَ

بغیر مانگے بھی تو دیتا ہے اور جب تیرے دروازۂ کرم پر آواز دی تو نے بخل نہ کیا،

اَبَيْتَ اِلَّا اِنْعَامًا وَّامْتِنَانًا وَّاِلَّا تَطَوُّلًا

اے میرے پالنے والے تو انعام و اکرام اور تفضل و عنایات اور

يَارَبِّ وَاِحْسَانًا وَّ اَبَيْتُ يَارَبِّ اِلَّا

منت اور احسان کے سوا راضی نہ ہوا، اور میں تیرے محرمات کی

اِنْتِهَاكًا لِحُرُمَاتِكَ وَاجْتِرَآءً عَلٰى

پاسداری پر راضی نہ ہوا، اور تیرے گناہوں کے

مَعَاصِيْكَ وَتَعَدِّيًا لِحُدُوْدِكَ وَ

کرنے پر جرأت کی، اور تیرے بتائے ہوئے حدود سے آگے بڑھ

غَفْلَةً عَنْ وَّعِيْدِكَ وَطَاعَةً لِعَدُوِّىْ

گیا، اور تیرے وعدۂ عذاب سے غفلت کی اور اپنے دشمن کی اطاعت کی

وَعَدُوِّكَ لَمْ يَمْنَعْكَ يَآ اِلٰهِىْ وَنَاصِرِىْ

اور تیرے دشمن کے تابع ہوا، اے معبود و مددگار میرے

إِخْلَالِي بِالشُّكْرِ عَنْ إِتْمَامِ إِحْسَانِكَ

میں قصوروار ہوں کہ میں نے تیرا شکر ادا نہ کیا، تیرے تمام احسانات کا

وَلَا حَجَزَنِي ذٰلِكَ عَنِ ارْتِكَابِ

اور اس نے مجھے تیرے گناہوں کے ارتکاب سے باز نہ رکھا،

مَسَاخِطِكَ اَللّٰهُمَّ وَهٰذَا مَقَامُ عَبْدٍ

اے خدایا اس بندۂ ذلیل کا یہ مقام ہے

ذَلِيلٍ اِعْتَرَفَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ وَاَقَرَّ

جس نے تیرے لئے تیری وحدانیت کا اقرار و اعتراف کیا ہے اور

عَلٰى نَفْسِهِ بِالتَّقْصِيرِ فِي اَدَاءِ حَقِّكَ

اپنے نفس کے گنہگار ہونے کا اقرار کیا کہ اس نے تیرا حق ادا نہ کیا

وَشَهِدَ لَكَ بِسُبُوغِ نِعْمَتِكَ عَلَيْهِ وَ

اور تیرے انعام کی تکمیل کی شہادت دی اور جو عادتیں مجھے پسند

جَمِيلِ عَادَاتِكَ عِنْدَهُ وَاِحْسَانِكَ

ہیں ان کی بھی گواہی دی پس اے میرے معبود اور

اِلَيْهِ فَهَبْ لِي يَا اِلٰهِي وَسَيِّدِي مِنْ

اے میرے مالک اپنے فضل سے بخش دے جو کچھ

فَضْلِكَ مَا اُرِيدُهُ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَ

میں تیری رحمت کے وسیلہ سے چاہتا ہوں، اور

اَتَّخِذُهُ سُلَّمًا اَعْرُجُ فِيهِ اِلٰى مَرْضَاتِكَ

میں تیری رضامندی کو اپنے عروج کا زینہ مقرر کرتا ہوں،

وَ اٰمَنُ بِهٖ مِنْ سَخَطِكَ بِعِزَّتِكَ وَ
اور تیرے غصہ سے امان پاؤں تیری عزت و فضل

طَوْلِكَ وَ بِحَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّ الْاَئِمَّةِ
کی وجہ سے اور تیرے نبی محمدؐ مصطفیٰ اور آئمہ طاہرینؑ

الْمَعْصُوْمِيْنَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ
کے حق کے واسطے سے، خدا کا درود ان پر اور

اَجْمَعِيْنَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ
ان کی عترت طاہرہ پر، پس اے میرے پالنے والے تو لائق حمد ہے

لَا يُغْلَبُ وَ ذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ
تو ایسا قادر ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِيْ
کرتا، محمد و آل محمد پر درود نازل کر اور مجھے اپنے شکرگزاروں

لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَ لِاٰلَائِكَ
اور اپنے نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ⑥ اِلٰهِيْ وَ كَمْ مِّنْ
داخل کر، خداوندا! تیرے بہت سے

عَبْدٍ اَمْسٰى وَ اَصْبَحَ فِيْ كَرْبِ الْمَوْتِ
بندے ہیں جو شام و صبح کرتے ہیں موت کی کرب و بے چینی

وَ حَشْرَجَةِ الصَّدْرِ وَ النَّظَرِ اِلٰى مَا
میں، اور سینے میں گھرا لگنے کے وقت، اور ایسی چیز کے دیکھنے

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ الْجُلُوْدُ وَ تَفْزَعُ اِلَيْهِ الْقُلُوْبُ

ہیں کہ جس کے دیکھنے سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اور دل میں اضطراب

وَ اَنَا فِيْ عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ

پیدا ہوتا ہے، اور میں ان سب باتوں سے عافیت میں ہوں، پس اے

الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ

میرے پالنے والے تو لائق حمد ہے اور تو ایسا قدرت والا ہے کہ مغلوب

وَ ذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل کہ جلدی نہیں کرتا، درود نازل کر محمد

وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ

و آل محمد پر اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکرگزاروں اور

الشَّاكِرِيْنَ وَ لِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ۞

ذکر کرنے والوں میں داخل کر

اِلٰهِيْ وَ كَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَ اَصْبَحَ

خداوندا بہت سے ایسے بندے ہیں کہ جن کی شام و صبح

سَقِيْمًا مُّوْجَعًا مُّدْنَفًا فِيْ اَنِيْنٍ وَّ

بیماری کے عالم میں کٹتی ہے اور نالہ و فریاد کے ساتھ دردمند و دائم المرض

عَوِيْلٍ يَّتَقَلَّبُ فِيْ غَمِّهٖ وَ لَا يَجِدُ

رہتے ہیں، غم کے عالم میں مضطرب ہو کر کروٹیں بدلتے ہیں اور کوئی مددگار

مَحِيْصًا وَّ لَا يُسِيْغُ طَعَامًا وَّ لَا يَسْتَعْذِبُ

نہیں پاتے، اور نہ انہیں کھانا مزہ دیتا ہے نہ پانی اور نہ انہیں

شَرًّا وَّلَا يَسْتَطِيعُ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

نقصان پر قدرت ہے اور نہ نفع پر دسترس اور

وَّهُوَ فِيْ حَسْرَةٍ وَّ نَدَامَةٍ وَّاَنَا فِيْ

وہ حسرت و ندامت میں گرفتار ہیں، اور میں صحیح

صِحَّةٍ مِّنَ الْبَدَنِ وَ سَلَامَةٍ مِّنَ

و تندرست ہوں، اور فارغ البالی سے زندگی بسر کرتا

الْعَيْشِ كُلُّ ذٰلِكَ مِنْكَ بِفَضْلِكَ

ہوں یہ سب تیری بدولت اور تیرے ہی فضل وکرم کا نتیجہ

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا

ہے پس اے میرے پالنے والے تو سزاوار حمد ہے اور ایسا قادر ہے

يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى

کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا محمد

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ

و آل محمد پر درود نازل کر اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں

مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ

اور ذکر کرنے والوں میں داخل

الذَّاكِرِيْنَ ⑧ اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ

کر، خداوندا! تیرے بندے بہت سے

اَمْسٰى وَاَصْبَحَ خَائِفًا مَّرْعُوْبًا

ایسے ہیں جن کی شام و صبح خوف کے عالم میں گذرتی ہے اور

مُسَهَّدًا مُّشْفِقًا وَّحِيْدًا وَّجِلًا هَارِبًا

وحشت سے یکہ و تنہا ڈر کر بھاگتے ہیں ، آوارہ وطن ہو کر اہل و عیال

طَرِيْدًا وَّ مُنْجَحِرًا فِىْ مَضِيْقٍ اَوْ مَخْبَاةٍ

سے محروم رکھے گئے ہیں اور جو کسی جائے تنگ یا دنیا کے گوشوں ہیں

مِّنَ الْمَخَابِىْ قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ

کسی مخفی گوشے میں پڑے ہیں اور زمین بھی باوجود اپنی وسعت کے

بِرُحْبِهَا وَلَا يَجِدُ حِيْلَةً وَّلَا مَنْجًى

ان پر تنگ ہوگئی ہے اور نہ تو وہ کوئی تدبیر جانتے ہیں اور نہ

وَّلَا مَاْوًى وَّلَا مَهْرَبًا وَّ اَنَا فِىْ اَمْنٍ

ان کو راہِ نجات و جائے پناہ معلوم ہے اور نہ وہ راہ گیر تیرے

وَّ اَمَانٍ وَّطُمَانِيْنَةٍ وَّعَافِيَةٍ مِّنْ

واقف ہیں اور میں ان تمام باتوں سے امن و امان اور اطمینان و

ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ

عافیت میں ہوں ، بس اے میرے پالنے والے تو ہی سزاوار حمد ہے

مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِىْ اَنَاةٍ لَّا

اور تو ایسا قدرت والا ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل کہ

يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

جلدی نہیں کرتا ، محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود نازل فرما ،

وَّاجْعَلْنِىْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنے احسانات

وَ اُولٰٓئِكَ مِنَ الذّٰاكِرِيْنَ ۹ اِلٰهِیْ

کے ذکر کرنے والوں میں داخل فرما اے میرے

وَ سَيِّدِیْ وَ كَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَ

معبود اے میرے مالک ! بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں جن کی اس

اَصْبَحَ مَغْلُوْبًا مُّكَبَّلًا بِالْحَدِيْدِ

عالم میں شام و صبح ہوتی ہے کہ وہ آہنی طوق و زنجیر میں گرفتار ہیں

بِاَيْدِی الْعُدَاةِ وَ الْكُفَّارِ لَا

دشمنوں اور کافروں کے ہاتھ میں ہیں جو ان

يَرْحَمُوْنَهٗ فَقِيْدًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَ وَلَدِهٖ

پر رحم نہیں کرتے ، اہل و عیال سے جدا ، اور

مُنْقَطِعًا عَنْ اِخْوَانِهٖ وَ بَلَدِهٖ

اپنے بھائیوں اور اپنے بھائیوں اور وطن سے دور ،

يَتَوَقَّعُ كُلَّ سَاعَةٍ بِاَیِّ قِتْلَةٍ يُّقْتَلُ

یہی فکر دامنگیر کہ کس طرح قتل کئے جائیں گے

بِهٖ وَ بِاَیِّ مُثْلَةٍ يُّمَثَّلُ بِهٖ وَ اَنَا فِیْ

اور کیا بدسلوکی کی جائے گی ، اور میں ان تمام

عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ

باتوں سے عافیت میں ہوں پس اے میرے پالنے والے

يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَ ذِیْ

تو ہی لائق حمد ہے اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا ، اور

اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

ایسا صاحب تحمّل، کہ جلدی نہیں کرتا محمد و آل محمد پر درود

مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ

نازل فرما، اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور

الشّٰاکِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذّٰاکِرِیْنَ

اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل فرما،

(۱۰) اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ

اے میرے معبود! اے میرے آقا تیرے بہت سے بندے

اَمْسٰی وَاَصْبَحَ یُقَاسِی الْحَرْبَ وَ

ایسے ہیں جن کی شام و صبح جنگ و جدال کی مشقت میں گذری

مُبَاشَرَۃَ الْقِتَالِ بِنَفْسِهٖ قَدْ غَشِیَتْهُ

اور خود بھی مرتکب قتال ہوئے اور انہیں دشمنوں نے

الْاَعْدَآءُ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ بِالسُّیُوْفِ

ہر طرف سے تلواروں، نیزوں اور آلات

وَالرِّمَاحِ وَاٰلَةِ الْحَرْبِ یَتَقَعْقَعُ

حرب سے گھیر لیا اور آہنی لباس

فِی الْحَدِیْدِ مَبْلَغَ مَجْهُوْدِهٖ لَا یَعْرِفُ

میں گھبراتے ہیں انتہائی کوشش کے باوجود کوئی

حِیْلَةً وَّلَا یَهْتَدِیْ سَبِیْلًا وَّلَا یَجِدُ

تدبیر رہائی کی سمجھ میں نہیں آتی نہ کوئی راستہ معلوم نہ راہِ گریز سے

مَهْرًا بِأَقْدَ اُدْنِفَ بِالْجِرَاحَاتِ اَوْ

دانف، زخموں سے چور چور ہیں اپنے خون میں

مُتَشَحِّطًا بِدَمِهٖ تَحْتَ السَّنَابِكِ وَ

گھوڑوں کی ٹاپوں کے نیچے لوٹتے ہیں اور

الْاَرْجُلِ يَتَمَنّٰى شَرْبَةً مِّنْ مَّآءٍ اَوْ

ایک گھونٹ پانی کے لئے ترستے ہیں، یا

نَظْرَةً اِلٰى اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ وَلَا يَقْدِرُ

اپنے اہل و عیال کو ایک نظر دیکھنے کے حسرتمند ہیں اور وہ اس پر

عَلَيْهَا وَاَنَا فِيْ عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ

قدرت نہیں رکھتے اور میں ان تمام باتوں سے عافیت میں ہوں پس

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا

اے میرے پالنے والے تو ہی سزاوار حمد ہے اور ایسا قادر ہے

يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى

کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا محمد و

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ

آل محمد پر درود نازل کر اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے

مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

شکر گزاروں اور احسانات کے ذکر کرنے والوں میں محسوب فرما،

(۱۱) اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَ

اے میرے معبود تیرے بہت سے بندے ایسے ہیں جن کی شام و

اَصْبَحَ فِیْ ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ وَعَوَاصِفِ

صبح دریاؤں کی تاریکی ہیں، ہواؤں کی کے جھونکوں کی دہشت

الرِّيَاحِ وَالْاَهْوَالِ وَالْاَمْوَاجِ يَتَوَقَّعُ

میں اور موجوں کے خوف سے ڈوبنے اور

الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ لَا يَقْدِرُ عَلٰى حِيْلَةٍ

ہلاک ہو جانے کے منتظر ہیں مگر وہ کسی تدبیر پر قادر نہیں ہیں،

اَوْ مُبْتَلًى بِصَاعِقَةٍ اَوْ هَدْمٍ اَوْ حَرْقٍ

یا وہ مبتلا ہیں بجلی اور مکان کے گرنے میں، جلنے

اَوْ غَرْقٍ اَوْ شَرْقٍ اَوْ خَسْفٍ اَوْ مَسْخٍ

یا ڈوبنے میں یا دم گھٹنے یا دھنسنے میں، صورت کے متغیر

اَوْ قَذْفٍ وَّاَنَا فِیْ عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ

وَلَا بِادِّكَارِ شَجْوٍ وَلَا بِاعْتِدَادِ شَكْوٍ
اور نہ ساتھ یاد کرنے حزن وغم کے اور نہ حد سے گذرنے شکایتوں کے

سَقِيْمٍ وَّلَا كَلِيْمٍ
بیمار ہوں اور نہ زخمی ہوں

الْمَنْظَرِ التَّرِيْهِ الَّذِىْ لَا لُغُوْبَ فِيْهِ
طرف اس مکان کے کہ پاک ہے اور وہ مکان کہ نہیں ہے ماندگی اسمیں

هَنِيْئًا لِّسَاكِنِيْهِ فَطُوْبٰى لِعَامِرِيْهِ
خوشگوار ہے اس کے رہنے والوں کو پس مبارکی ہے واسطے قیام کرنیوالوں اسکی کے

ذَوِی الْمُدْخَلِ الْکَرِیْمِ
صاحب بزرگ مرتبہ کے ہیں

اِلٰی مَنْزِلٍ تَعَالٰی
طرف مکان کے کہ بزرگ ہے

بِالْحُسْنِ قَدْ تَلَالَا
جو اپنی خوبی کیوجہ سے روشن ہے

بِالنُّوْرِ قَدْ تَوَالَا
ساتھ نور کے کہ پے در پے ہے

تَلْقٰی بِهٖ الْجَلَالَا
ملاقات کرتے ہیں اس میں صاحب بزرگی

مِنْ بَارِیءِ النَّسِیْمِ
خالق نسیم ہے

اِلَی الْمَفْرَشِ الْوَطِیِّ
طرف فرش بچھے ہوئے کے

اِلَی الْمَلْبَسِ الْبَهِیِّ
طرف لباس کے کہ روشن ہے

اِلَی الْمَطْعَمِ الشَّهِیِّ
طرف کھانوں لذیذ کے

اِلَی الْمَشْرَبِ الْهَنِیِّ
طرف شراب کے کہ گوارا ہے

مِنَ السَّلْسَلِ الْخَتِیْمِ
اور خوشگوار پانی سے مہر لگی ہوئی ہوگی

یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ
اے وارث ہر ولی کے

صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ
رحمت نازل کر اوپر نبی صلعم کے

وَاٰلِهِ التَّقِیِّ
اور آل ان کی کہ پاک ہیں

اِرْحَمْ عَلَی الْعَلِیِّ
رحم کر تو اوپر علیؑ کے

بِاِحْسَانِكَ الْقَدِیْمِ
ساتھ اپنے احسان کے کہ قدیم ہے

اَسنادِ دُعائے صد سُبحان

سید ابن طاؤس نے کتاب مہج الدعوات میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فضائل و خواص بہت اس کے روایت کئے ہیں اگر کوئی شخص اپنی مدت العمر میں ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے اللہ تعالیٰ ثواب حج و عمرہ کا اس کے نامہ اعمال میں تحریر فرمائے گا اور اس کو چار پیغمبرؑ اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں جگہ عنایت کرے گا اور جو شخص یہ دعا بیس مرتبہ پڑھے حق تعالیٰ اس کو ہرگز عذاب نہ کرے گا ہر چند کہ گناہ اس کے شمار قطرات باراں و برگہائے درختاں اور ستارہ ہائے آسماں کے برابر ہوں اور اس کو ستر آفت دنیا اور سات آفات آخرت سے نجات دے، اور اگر بندہ بقصد آزادی کے پڑھے آزاد ہو اور جو صاحب حاجت بقصد حاجت کے پڑھے اس کی روا ہو اور علیٰ ہذا القیاس فضائل اس دعا کے بیشمار ہیں بسبب طوالت اسی پر اکتفا کیا گیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتداء کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے کہ بخشنے والا مہربان ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَهٗ

پاک ہے اللہ کی عظمت و بزرگی کا بسبب حمد اپنی کے پاک ہے

مِنْ اِلٰهٍ مَّا اَقْدَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

وہ معبود کیسا قادر ہے اور پاک ہے اور قدرت

قَدِيْرٍ مَّا اَعْظَمَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

رکھنے والا ہے کیا بڑا ہے وہ اور پاک ہے وہ بزرگ

عَظِيْمٍ مَّا اَجَلَّهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

کیا صاحب جلال ہے اور پاک ہے اور

جَلِيْلٍ مَّا اَمْجَدَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

صاحب جلال کیا بزرگ ہے وہ اور پاک ہے صاحب

مَّاجِدٍ مَّا اَرْءَفَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

مجید کا کتنا مہربان ہے اور پاک ہے وہ مہربانی

رَءُوْفٍ مَّا اَعَزَّهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

کرنے والا کیا عزت والا ہے وہ اور پاک ہے وہ

عَزِيْزٍ مَّا اَكْبَرَهٗ وَسُبْحَانَ مِنْ كَبِيْرٍ

عزت والا کیا بڑا ہے وہ اور پاک ہے وہ بڑا

مَّا اَقْدَمَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ قَدِيْمٍ

کیا قدیم ہے وہ اور پاک ہے وہ قدیم یعنی ہمیشہ رہنے والا

مَّا اَعْلَاهُ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ عَلِيٍّ مَّا

ہے، کیا برتر ہے اور پاک ہے وہ برتر کیسا

اَسْنَاهُ سُبْحَانَهٗ مِنْ سَنِيٍّ مَّا اَبْهَاهُ

پائیدار ہے وہ اور پاک ہے وہ پائیدار کیا سخی تر ہو

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ بَهِيٍّ مَّا اَنْوَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

اس سے اور پاک ہے از روئے سخاوت کے اس چیز سے کہ روشن تر ہو اس سے

مِنْ مُّنِيْرٍ مَّا اَظْهَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

اور پاک ہے وہ از روئے روشنی کے اس چیز سے کہ ظاہر تر ہو اس سے اور پاک

مِنْ ظَاهِرٍ مَّا اَخْفَاهُ وَسُبْحَانَهٗ

ہے وہ ظاہر ہونے کے اس چیز سے کہ پوشیدہ ہو اس سے اور پاک ہے وہ

مِنْ خَفِيٍّ مَّا اَعْلَمَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

از روئے پوشیدگی کے اس چیز سے کہ جاننے والا ہو اس سے پاک ہے وہ از

عَلِيمٍ مَّا أَخْبَرَهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ خَبِيرٍ

روئے خبر کے اس چیز سے کہ بزرگ ہو اس سے اور پاک ہے وہ از روئے بزرگی

مَّا أَكْرَمَهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ كَرِيمٍ مَّا

کے اس چیز سے کہ پاکیزہ تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ از روئے

أَلْطَفَهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ لَطِيفٍ مَّا

پاکیزگی کے اس چیز سے کہ

أَبْصَرَهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ بَصِيرٍ مَّا أَسْمَعَهُ

بینا تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ از روئے بینائی کے اس چیز سے

وَسُبْحَانَهُ مِنْ سَمِيعٍ مَّا أَحْفَظَهُ وَ

کہ سننے والا ہو اس سے، پاک ہے وہ ذات کتنا بڑا سننے والا اور نگہبان

سُبْحَانَهُ مِنْ حَفِيظٍ مَّا أَمْلَأَهُ وَ

ہے وہ اور پاک ہے وہ ذات اور بڑا قدرت و توانگری والا

سُبْحَانَهُ مِنْ مَلِيٍّ مَّا أَوْفَاهُ وَسُبْحَانَهُ

ہے وہ پاک ہے وہ ذات اور بڑی دولت کی

مِنْ وَفِيٍّ مَّا أَغْنَاهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ

بخشش اور کس قدر ایفا وعدہ کرنے والا ہے۔ اور کس قدر غنی

غَنِيٍّ مَّا أَعْطَاهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ مُّعْطٍ

ہے پاک ہے اور بڑا بے نیاز ہے اور کس قدر بخشش کرنے والا ہے

مَّا أَوْسَعَهُ وَسُبْحَانَهُ مِنْ وَّاسِعٍ مَّا

وہ اور پاک ہے وہ ذات بڑا عطا کرنیوالا ہے وہ، اور کس قدر کشائش کرنیوالا

اَجْوَدَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ جَوَادٍ مَّا

ہے وہ اور پاک ہے وہ از روئے وسعت کہ اسچیز سے کہ زیادہ بخشش کرنیوالی

اَفْضَلَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ مُّفَضِّلٍ مَّا

ہو وہ اس سے اور پاک ہے وہ از روئے بخشش کے اس چیز سے کہ بزرگ

اَنْعَمَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ مُّنْعِمٍ مَّا

تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ از روئے برتری کے اس چیز سے کہ

اَسْیَدَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ سَیِّدٍ مَّا

صاحب نعمت ہو اس سے اور پاک ہے از روئے نعمت کے اسچیز سے کہ برتر ہو

اَرْحَمَہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ رَّحِیْمٍ مَّا

اس سے اور پاک ہے از روئے برتری کہ اسچیز سے کہ مہربان تر ہو اس چیز

اَشَدَّہٗ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ شَدِیْدٍ مَّا

سے اور پاک تر ہے وہ از روئے مہربانی کے اس سے کہ سخت تر ہو اس

اَقْوَاہُ وَسُبْحَانَہٗ مِنْ قَوِیٍّ مَّا اَحْمَدَہٗ

سے اور پاک ہے وہ از روئے طاقت کے اسچیز سے کہ قوی تر ہو اس سے

وَسُبْحَانَہٗ مِنْ حَمِیْدٍ مَّا اَحْکَمَہٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے قوت کے اسچیز سے کہ نیک زیادہ ہو اس سے

سُبْحَانَہٗ مِنْ حَکِیْمٍ مَّا اَبْطَشَہٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے تعریف کے اس چیز سے کہ دانا تر ہو اور

سُبْحَانَہٗ مِنْ بَاطِشٍ مَّا اَقْوَمَہٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے حکمت کے اسچیز سے کہ گرفت کی جائے اس سے اور پاک ہے وہ

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ قَيُّوْمٍ مَّا اَدْوَمَهٗ

ازروئے گرفت کے اس چیز سے قائم تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ دَآئِمٍ مَّا اَبْقَاهُ وَ

قائم رہنے کے اس چیز سے کہ ہمیشہ ہو اس سے اور پاک ہے ازروئے ہمیشگی کے

سُبْحَانَهٗ مِنْ بَاقٍ مَّا اَفْرَدَهٗ وَ

اس چیز سے کہ باقی ہو اس سے اور پاک ہے ازروئے بقا کے اس چیز

سُبْحَانَهٗ مِنْ فَرْدٍ مَّا اَوْحَدَهٗ وَ

سے کہ یکتا ہو اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے یکتائی کے اس چیز سے کہ

سُبْحَانَهٗ مِنْ وَّاحِدٍ مَّا اَصْمَدَهٗ

واحد ہو اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے توحید کے اس چیز سے کہ بے نیاز

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ صَمَدٍ مَّا اَمْلَكَهٗ

ہو اس سے اور پاک وہ ازروئے بے نیازی کے اس چیز سے کہ مالک ہو

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ مَّالِكٍ مَّا اَوْلَاهُ وَ

اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے ملکیت کے اس چیز سے کہ بہتر ہے اس

سُبْحَانَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مَّا اَعْظَمَهٗ وَ

سے اور پاک ہے وہ ازروئے وراثت کے اس چیز سے بزرگ تر ہو

سُبْحَانَهٗ مِنْ عَظِيْمٍ مَّا اَكْمَلَهٗ وَ

اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے بزرگی کے اس چیز سے کہ کامل تر ہو اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ كَامِلٍ مَّا اَتَمَّهٗ وَ

پاک ہے وہ ازروئے کمال کے اس چیز سے کہ تمام تر ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ تَامٍّ مَّا اَعْجَبَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے تمام کے اس چیز سے کہ عجیب تر ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ عَجِيْبٍ مَّآ اَفْخَرَهٗ

پاک ہے وہ از روئے عجب کے اس چیز سے کہ فاخر تر ہو اس سے

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ فَاخِرٍ مَّا اَبْعَدَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے فخر کے اس چیز سے کہ دور ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ بَعِيْدٍ مَّا اَقْرَبَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے بعد کے اس چیز سے کہ قریب تر ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ قَرِيْبٍ مَّا اَمْنَعَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے قریب کے اس چیز سے کہ مانع ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ مَّانِعٍ مَّا اَغْلَبَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے منع کے اس چیز سے کہ غالب تر ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ غَالِبٍ مَّا اَعْفَاهُ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے غلبہ کے اس چیز سے کہ عفو کرنے والی ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ عَفُوٍّ مَّآ اَحْسَنَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے عفو کے اس چیز سے کہ بہتر ہو اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ مُحْسِنٍ مَّآ اَجْمَلَهٗ

پاک ہے وہ از روئے احسان کے کہ خوب تر ہو اس سے

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ مُّجْمِلٍ مَّآ اَقْبَلَهٗ

اور پاک ہے وہ از روئے خوبی کے اس چیز سے کہ قابل تر ہو اس سے

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ قَابِلٍ مَّا اَشْكَرَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ ازروئے قبولیت کے اس چیز سے کہ ثنا کرنے والا ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ شَكُوْرٍ مَّا اَغْفَرَهٗ وَ

پاک ہے وہ ازروئے شکر کے اس چیز سے کہ بخشنے والی زیادہ ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ غَافِرٍ مَّا اَصْبَرَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ ازروئے بخشنے کے اس چیز سے کہ صابر تر ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ صَبُوْرٍ مَّا اَجْبَرَهٗ وَ

پاک ہے وہ ازروئے صبر کے اس چیز سے کہ بزرگ تر ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ جَبَّارٍ مَّا اَدْيَنَهٗ وَ

پاک ہے وہ ازروئے بزرگی کے اس چیز سے کہ جزا دے اس کو اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ دَيَّانٍ مَّا اَقْضَاهٗ

پاک ہے وہ ازروئے جزا کے اس چیز سے کہ حکم کرنے والی ہو اس سے

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ قَاضٍ مَّا اَمْضَاهٗ

اور پاک ہے وہ ازروئے حکم کے اس چیز سے کہ جاری تر ہو اس سے اور

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ مَّاضٍ مَّا اَنْفَذَهٗ

اور پاک ہے وہ ازروئے جاری کرنے اس چیز سے کہ جاری کرے وہ

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ نَّافِذٍ مَّا اَحْلَمَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ ازروئے جاری کرنے کے بردبار تر ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ حَلِيْمٍ مَّا اَخْلَقَهٗ وَ

پاک ہے وہ ازروئے بردباری کے اس چیز سے کہ پیدا کرنے والی ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ خَالِقٍ مَّا اَرْزَقَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے پیدائش اس چیز سے کہ روزی دینے والی ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ رَّازِقٍ مَّا اَقْهَرَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے روزی دینے کے اس چیز سے کہ غصہ کرنے والی ہو اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ قَاهِرٍ مَّا اَنْشَاَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے قہر کے اس چیز سے کہ پیدا کرنے والی ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ مُّنْشِیءٍ مَّا اَمْلَكَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے پیدائش کے اس چیز سے کہ مالک تو ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ مَالِكٍ مَّا اَوْلَاهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے ملکیت کے اس چیز سے کہ وارث تو ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ وَّالٍ مَّا اَرْفَعَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے وراثت کے اس چیز سے کہ بلند مرتبہ ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ رَفِيْعٍ مَّا اَشْرَفَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے رفعت کے اس چیز سے کہ بزرگ تو ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ شَرِيْفٍ مَّا اَبْسَطَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے بزرگی کے کہ بسیط ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ بَاسِطٍ مَّا اَقْبَضَهٗ وَ

پاک ہے وہ از روئے کشادگی کے اس چیز سے کہ قابض تو ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ قَابِضٍ مَّا اَبْدَاهُ وَ

پاک ہے وہ از روئے قبضہ کے اس چیز سے کہ پھلی ہوئی ہو اس سے اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ بَعْدٍ مَا اَقْدَسَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

پاک ہے وہ از روئے ابتداء کے اور پاک ہے

مِنْ قُدُّوْسٍ مَّا اَطْهَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

وہ از روئے پاکی کے اس چیز سے کہ پاکیزہ تر ہو اس سے اور پاک

مِنْ طَاهِرٍ مَّا اَزْكَاهُ وَسُبْحَانَهٗ

ہے وہ از روئے بزرگی کے اس چیز سے کہ نفیس تر زیادہ ہو اور پاک ہے وہ

مِنْ زَكِيٍّ مَّا اَهْدَاهُ وَسُبْحَانَهٗ

از روئے نفاست کے اس چیز سے کہ ہدایت کرنے والی زیادہ ہو اس سے اور پاک ہے

مِنْ هَادٍ مَّا اَصْدَقَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

وہ از روئے صدق کے اس چیز سے کہ پھرنے والی زیادہ ہو اس سے اور پاک

مِنْ صَادِقٍ مَّا اَعْوَدَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

ہے وہ از روئے پھرنے کے اس چیز سے کہ جدا کرنے والی زیادہ ہو اور پاک

مِنْ عَوَّادٍ مَّا اَفْطَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

ہے وہ از روئے جدا کرنے کے اس چیز سے کہ رعایت کرنے والی زیادہ ہو اس سے

مِنْ فَاطِرٍ مَّا اَرْعَاهُ وَسُبْحَانَهٗ

اور پاک ہے وہ از روئے اعانت کے اس چیز سے کہ بخشنے والی زیادہ ہو اس

مِنْ رَّاعٍ مَّا اَرْعُوْهُ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

سے اور پاک ہے وہ از روئے بخشش کے اس چیز سے کہ توبہ کی جائے اس سے

مُّعِيْنٍ مَّا اَوْهَبَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ

اور پاک ہے وہ از رُوئے توبہ

وَهَّابٍ مَّا اَتُوبَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ
قبول کرنے کے اس چیز سے کہ سخی

تَوَّابٍ مَّا اَسْخَاهُ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ
تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ ازروئے

سَخِيٍّ مَّآ اَنْصَرَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ
سخاوت کے اس چیز سے کہ نصرت دی جائے اس کو اور پاک ہے وہ

نَّصِيْرٍ مَّا اَسْلَمَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ
ازروئے مدد کے اس چیز سے کہ سالم تر ہو اس سے اور پاک ہے وہ از

سَلَامٍ مَّا اَشْفَاهُ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ
روئے سلامتی کے اس چیز سے کہ شفا دینے والی زیادہ ہو اس سے اور پاک

شَافٍ مَّا اَنْجَاهُ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ مُّنْجٍ
ہے وہ ازروئے نجات کے اس چیز سے کہ احسان کیا جائے اس کو اور پاک ہے

مَّا اَبَرَّهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ بَارٍّ مَّا اَطْلَبَهٗ
وہ ازروئے احسان کے اس چیز سے کہ طلب کرے اس کو

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ طَالِبٍ مَّا اَدْرَكَهٗ وَ
اور پاک ہے وہ ازروئے طلب کے اس چیز سے کہ ادراک ہے اس کو اور

سُبْحَانَهٗ مِنْ مُّدْرِكٍ مَّا اَرْشَدَهٗ
پاک ہے وہ ازروئے ادراک کے اس چیز سے کہ بزرگی دی اس کو

وَسُبْحَانَهٗ مِنْ رَشِيْدٍ مَّا اَعْطَفَهٗ وَ
اور پاک ہے وہ ازروئے بزرگی کے اس چیز سے کہ مہربانی کی جاوے وہ

سُبْحَانَهٗ مِنْ مُّتَعَطِّفٍ مَّا اَعْدَلَهٗ وَ

اور پاک ہے وہ از روئے مہربانی کے اس چیز سے کہ منصف تر ہو اس سے

سُبْحَانَهٗ مِنْ عَدْلٍ مَّا اَتْقَنَهٗ وَسُبْحَانَهٗ

اور پاک ہے وہ از روئے انصاف کے اس چیز سے کہ یقین تر ہو اس سے اور

مِنْ مُّتْقِنٍ مَّا اَحْكَمَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ حَكِيْمٍ

پاک ہے وہ از روئے یقین کے اس چیز سے کہ حکیم تر ہو اس سے اور پاک ہے

مَّا اَكْفَلَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ كَفِيْلٍ مَّا

وہ از روئے حکمت کے اس چیز سے کہ کفیل تر ہو اس سے اور پاک ہے

اَشْهَدَهٗ وَسُبْحَانَهٗ مِنْ شَهِيْدٍ مَّا

وہ از روئے گواہی کے اس چیز سے کہ لائق تعریف زیادہ ہو اس سے اور پاک ہے وہ

اَحْمَدَهٗ وَسُبْحَانَهٗ هُوَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

اللہ صاحب بزرگی بسبب حمد اپنی کے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے واسطے ہیں اور نہیں

وَبِحَمْدِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

ہے کوئی معبود مگر خدا واحد ہے اور اللہ

اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

بزرگ تر ہے اور نہیں طاقت و قوت مگر واسطے

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ دَافِعِ

اللہ برتر بزرگ کے دفع کرنے والا

كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ہر ایک بلا کا اور کافی ہے مجھ کو اور بہترین نگہبان ہے

بَیَانُ اَسمَائے اَعظَمْ

کتاب فضل الدعا میں عمار نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اسم اعظم ہے اور اسی کتاب میں ابی حمزہؒ نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ اسم اعظم بیچ سورۃ فاتحہ الکتاب یعنی سورۃ حمد میں مندرج ہے اور اس طرح بھی منقول ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اے اصحاب تم چاہتے ہو کہ اسم اعظم خدا میں تم کو بتلاؤں صحابہ نے عرض کی ہاں امام نے فرمایا کہ سورۂ حمد اور قل ہو اللہ اور آیۃ الکرسی اور انا انزلنا منہ طرف قبلہ کے کرکے پڑھو اور جو حاجت چاہیے خدا سے طلب کرو کہ مستجاب ہے، اور سلمان بن جعفر نے امام رضاؑ سے روایت کی ہے کہ بعد نماز صبح کے سو مرتبہ پڑھو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ (ابتدا کرتا ہوں ساتھ نام اللہ رحم کرنے والے مہربان کے نہیں ہے طاقت وقوت مگر واسطے اللہ بزرگ و برتر کے) کہ یہ اسم نزدیک تر ہے سیاہی چشم سے ساتھ سفیدی کے اور حضرت امام رضاؑ سے روایت کی ہے کہ یَا حَیُّ (اے زندہ) یَا قَیُّوْمُ (اے قائم) اسم اعظم ہے اور از جملہ روایات کہ بیچ باب اسم اعظم کے ذکر کی گئی ہیں یہ ہے کہ حافظ محمد حرمی کتاب دعوات میں بروایت عبدالسلام خوارزمی و بروایت انس لکھتا ہے کہ حضرت رسول خداؐ نے ہنگام گذرنے ابی عباس زید بن صامت پر کہ وہ شخص بیٹھا یہ دعا پڑھتا تھا اَللّٰهُمَّ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ یا بار خدایا بتحقیق کہ واسطے تیرے ہے حمد نہیں کوئی معبود مگر تو اے احسان کرنے والے اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے اے صاحب بزرگی و بخشش کے) فرمایا کہ آیا جانتے ہو کہ یہ مرد کونسی دعا پڑھتا تھا۔ لوگوں نے عرض کی خدا کا رسول بہتر جانتا ہے حضرت نے فرمایا کہ یہ اسم اعظم ہے جو کچھ چاہو بواسطہ اس دعا کے خدا سے طلب کرو خدا عطا فرماتا ہے اور جو کچھ دعا مانگو خدا مستجاب کرتا ہے اور روایت کی ہے کہ ایک شخص نے پیغمبر خدا سے التماس کیا مجھے اسم اعظم تعلیم فرمائیں۔ حضرت نے فرمایا وضو کرو اور جو کچھ بتلاؤں اس کو اچھی طرح سے کہو کہ میں اس کو سنوں پڑھ۔ پس اس نے وضو کیا اور اس کو پڑھا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ (خداوندا بتحقیق سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نام

سے کہ نیک ہیں ہر ایک اس میں سے اس چیز سے کہ جانتا ہوں میں ان میں
سے اور اس چیز سے کہ نہیں جانتا میں اور سوال کرتا ہوں میں تیرے نام بزرگ
سے کہ نہایت بزرگ اور بڑا ہے از روئے بڑائی کے) پیغمبر خدا نے فرمایا کہ پایا
تو نے اسم اعظم کے تئیں بخدائے عزّوجل کہ جس نے میرے تئیں ساتھ راستی
پیغمبری کے بھیجا ہے اور انس سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ یوشع
بن نون وصی موسٰی نے اسم اعظم کو پڑھا تھا کہ خدائے تعالٰی نے برکت سے اس
کی آفتاب کو ٹھہرا رکھا تھا یہاں تک کہ انہوں نے نماز ادا کی وہ یہ ہے۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ خداوندا سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے اے اللہ اے
اللہ اے اللہ ---------- نہیں کوئی معبود مگر وہ کہ پروردگار عرش عظیم
کا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ تم سمجھے اور یاد کیا یا پھر اس کو کہوں؟ انس نے عرض کی کہ
پھر ارشاد کیجئے مکرر آنحضرت نے اس دعا کو ارشاد فرمایا یہاں تک کہ میں نے یاد کر لیا۔
انس کہتا ہے کہ جب میں نے اس کو پڑھا دعا مستجاب ہوئی۔ صالح نے حکایت کی ہے
کہ خواب میں دیکھا میں نے کوئی شخص یہی کہتا ہے کہ جب تجھ کو اسم اعظم تعلیم کروں
کہ جب تو اس کو پڑھا کرے تو دعا تیری مستجاب ہو میں نے کہا کہ تعلیم کر اس نے
کہا کہ کہو اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْمُطَهَّرِ الطَّاهِرِ الْمُقَدَّسِ
خداوندا بتحقیق میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام امانت رکھے گئے پوشیدہ پاک
پاکیزہ نہایت کے) پس صالح کہتا ہے کہ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ دریا میں یا خشکی میں اس دعا
کو پڑھ کر دعا مانگی ہو اور مستجاب نہ ہوئی ہو۔ صاحب نہج الدعوات نے ذکر کیا ہے کہ
ایک شخص تھا غالب نام کہ بیس برس دعا مانگی کہ بار خدایا مجھ کو اسم اعظم تعلیم کر کہ
.... ایسا اسم اعظم ہو کہ اس کی برکت سے جو دعا مانگوں مستجاب ہو اور
جو چاہوں میں تجھ سے وہ مجھے تو بخشا کرے پس ایک شب حالت نماز میں اس نے
سنا کہ کوئی شخص کہتا ہے کہ سن لے غالب پس سنا تو نے بعد اس کے غالب کہتا
ہے کہ میں سو گیا خواب میں دیکھا کہ میں کھڑا ہوں پس سنا میں نے کوئی کہتا ہے
کہو یَا فَارِجَ الْهَمِّ وَیَا كَاشِفَ الْغَمِّ وَیَا مُوْفِیَ الْعَهْدِ وَیَا حَیُّ لَآ اِلٰهَ
اِلَّآ اَنْتَ (اے دور کرنے والے رنج کے اور اے کھولنے والے غم کے اور اے
وفا کرنے والے عہد کے اور اے زندہ۔ نہیں ہے معبود کوئی مگر تو) حضرت امام
زین العابدینؑ، ام سلمہؓ زوجۂ رسولؐ خدا سے روایت فرماتے ہیں کہ ایک روز پیغمبر
خدا سے سوال کیا میں نے اسم اعظم سے یہ سنتے ہی حضرت نے منہ پھیر لیا اور کچھ

جواب نہ دیا بعد کئی دن کے پیغمبر خدا ام سلمہؓ کے گھر میں تشریف لائے دیکھا کہ ام سلمہ سجدے میں اس دعا کو پڑھتی تھیں :- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَیْتَ فَاِنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط خداوندا میں سوال کرتی ہوں تجھ سے تیرے نام نیک سے جو جانتی ہوں میں اس میں سے اور جو نہیں جانتی اور سوال کرتی ہو تیرے نام بزرگ سے ایسا نام کہ جب دعا کی جائے ساتھ اس کے مقبول کرے اور جب سوال کیا جائے ساتھ اس کے عطا کرے تو پس بتحقیق تیرے واسطے ہے تعریف نہیں کوئی معبود مگر تو صاحب جود و احسان پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا اے صاحب بزرگی اور بخشش کے) **صاحب نہج الدعوات** کہتے ہیں کہ عیسٰی بن زید بن زین العابدین علیہ السلام نے اپنے جد بزرگوار یعنی علی ابن الحسین سے روایت کی ہے کہ مدت تک میں خدا سے طلب اسم اعظم کی کرتا رہا۔ ناگاہ ایک شب حالت نماز میں آنکھ میری لگ گئی خواب میں دیکھا کہ جناب رسول خدا تشریف لائے ہیں جب میرے برابر آئے تو میری پیشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ کس چیز کو خدا سے طلب کرتا ہے میں نے عرض کی اے جد بزرگوار میں طالب اسم اعظم ہوں حضرت نے فرمایا کہ لکھ میں نے عرض کی کہ کس چیز پر لکھوں ارشاد کیا کہ انگلی سے اپنے کف دست پر لکھ اسم اعظم یہ ہے یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَذُو الْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ وَذُوالْعِزِّ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ (ترجمہ) پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا صاحب بزرگی اور بخشش کا اور صاحب ناموں بزرگ کا اور صاحب کہ نہیں تابعدار کسی کا اور معبود تمہارا یکتا ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی رحمٰن و رحیم ہے درود اللہ کا اوپر محمد اور آل کے سب پر۔

یہ لکھوا کر حضرت نے فرمایا کہ مانگ خدا سے جو مراد کہ چاہتا ہے۔ حضرت امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ قسم اس خدا کی جس نے محمد کو بحق ساتھ ہدایت کے بھیجا ہے کہ آزمایا میں نے کہ جس طرح حضرت نے فرمایا تھا اسی طرح سریع الاجابت پایا۔ صاحب نہج الدعوات لکھتے ہیں کہ ایک روایت اور اسم اعظم کے باب میں عطا سے بیان کی جاتی ہے کہ اس کو تجربہ کیا ہے کہ وہ اسم اعظم یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۵ (ترجمہ) اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے رحم کرنے والے ۔ اے نور ۔ اے نور اے صاحب مرتبہ ۔ اے صاحب بزرگی و بخشش

در بیان خواص بعض اسماء حسنیٰ

جان تو یہ کہ جو شخص سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بعد ہر فریضے کے پڑھے لطف الٰہی شامل حال ہو جو اَلْمَلِکُ پڑھے ہمیشہ ملک اس کے قبضے میں رہے گا جو شخص کہ ستر بار اَلْقُدُّوْسُ (اے پاک) پڑھے باطن اس کا آلودگی بدی سے پاک ہو اور جو شخص کہ اَلسَّلَامُ ۹ مرتبہ کہے امراض سے شفا پاوے اور آفات سے سالم رہے اور اگر مریض پر اس اسم اعظم کو سو مرتبہ پڑھیں شفا پائے اور جو شخص کہ ایک سو پچیس مرتبہ اَلْمُؤْمِنُ کہے امان پائے گا شر جن و انس سے اور جو شخص کہ ایک سو پچیس مرتبہ اَلْمُهَيْمِنُ (اے جائے پناہ) کہے صفائی باطن اور اطلاع اوپر اسرار حقائق کے حاصل ہو اور جو شخص کہ ۹۴ مرتبہ ہر روز بعد نماز صبح کے اَلْعَزِیْزُ (اے صاحب عزت کہے اس پر علم کیمیا اور سیمیا منکشف ہو اور اگر ہر روز چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھا کرے تو پھر محتاج نہ ہو جو ہر روز اکیس مرتبہ پڑھے اَلْجَبَّارُ (امین رہے ظلم ظالم سے اور جو شخص کہ اَلْجَبَّارُ کو ظالم و جابر کے نزدیک پڑھے وہ جابر ذلیل ہو اور عاجزی و انکساری سے پیش آئے اور جو شخص کہ اکثر اَلْخَالِقُ (اے پیدا کرنے والے) کہا کرے یعنی بہت سی دفعہ ہر روز کہا کرے تو نورانی اور روشن کرے گا خدا قلب اس کا جو شخص چودہ ۱۴ مرتبہ حالت سجدہ میں اَلْوَهَّابُ پڑھے حق تعالیٰ اسے غنی کرے گا اور آخر شب کو برہنہ سر سو مرتبہ دونوں ہاتھ اٹھا کر اَلْوَهَّابُ پڑھے حق تعالیٰ اس کے فقر کو دور کرے اور اس کی حاجت کو بر لاوے اور جو شخص کہ اَلْکَرِیْمُ اَلْوَهَّابُ ذُو الطَّوْلِ کو اکثر پڑھا کرے حق تعالیٰ اسے اس قدر روزی عطا فرمائے گا کہ اس کے گمان میں نہ ہو اور جو شخص کہ بکثرت اَلرَّزَّاقُ پڑھے حق تعالیٰ اسے برکت عطا فرمائے اور جو شخص کہ بعد نماز صبح کے ستر بار اسم اَلْفَتَّاحُ (اے کھولنے والے) اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر پڑھے حق تعالیٰ اس کے سامنے سے پردے اٹھا دیوے یعنی حق اس پر ظاہر ہووے اور جو شخص کہ اَلْحَکِیْمُ الْعَلِیْمُ (اے صاحب حکمت جاننے والے) کو پڑھے جو مہم درپیش ہو حق تعالیٰ کشائش مطلب کی کرے اور اسی طرح سے ہے خواص اَلْحَفِیْظُ الْعَلِیْمُ کا اور جو شخص کہ چالیس ۴۰ مرتبہ چالیس لقموں پر اَلْقَابِضُ کو چالیس ۴۰ روز لکھ کر چالیس

روزنک نوش کیا کرے حق تعالیٰ اس کو عذاب جوع و عارضہ بھوک سے تمام عمر محفوظ رکھے اور جو شخص کہ آخر شب کو دونوں ہاتھ اٹھائے اور دس مرتبہ اَلْبَاسِطُ (اے فراخ کرنے والے) کہے اس شخص کو کسی سے سوال کرنے کی حاجت نہ رہے گی اور جو شخص کہ بعد نماز صبح کے سو مرتبہ عَالِمُ الْغَیْبِ کہے تو اس پر اشیائے غیبیہ منکشف ہوں اور جو شخص کہ ستر مرتبہ اَلْخَافِضُ (پست و خوار کرنے والے جباروں کے) پڑھے دفع کرے حق تعالیٰ اس سے شر ظالمین کو اور جو شخص کہ بعد ظہر کے سو مرتبہ اَلرَّافِعُ (اے بلند مرتبہ) کی مداومت کرے حق تعالیٰ اس کی رفعت کو زیادہ کرے جو شخص کہ بکثرت اَلسَّمِیْعُ (اے سننے والے) کہے دعا اس کی مستجاب ہوا کرے اور جو شخص کہ بکثرت اَلْمُعِزُّ (اے عزت دینے والے) کہے حق تعالیٰ اس کو ہیبت و رعب عطا کرے اور جو شخص شب تاریک میں پیشانی کو خاک پر رکھ کر دو ہزار مرتبہ اَلْمُذِلُّ کہے اور اس دعا کو پڑھے یَا مُذِلَّ الْجَبَّارِیْنَ وَمُبِیْرُ الظَّالِمِیْنَ اِنَّ فُلَانًا اَذَلَّنِیْ فَخُذْ لِیْ حَقِّیْ مِنْهُ (اے ذلت دینے والے سرکشوں کے اور برنگون کرنے والے ظالموں کے بہ تحقیق فلاں شخص نے ذلیل کیا مجھ کو پس لے حق میرا اس سے) پس حق تعالیٰ اسی وقت اس کے دشمن سے مواخذہ کرے گا اور جو شخص کہ پچپن مرتبہ اَلْمُذِلُّ کو پڑھ کر سجدے میں کہے اِلٰهِیْ اٰمِنِّیْ مِنْ فُلَانٍ یا مُذِلُّ (بارالہا امان دے مجھ کو فلاں شخص سے اے ذلیل کرنے والے) پس حق تعالیٰ اس کو امان دیوے اور جو شخص کہ ہر جمعہ میں بکثرت اَلْبَصِیْرُ پڑھے حق تعالیٰ اس کو مخصوص بعنایت اور رعایت اپنی کا کرے اور جو شخص کہ درمیان راتوں کے اَلْحَکَمُ الْعَدْلُ اکثر پڑھا کرے حق تعالیٰ اسے لطف کے ساتھ مخصوص کرے اور خزانۂ اسرار باطنی عطا فرما دے اور اَللَّطِیْفُ (اے لطف کرنے والے) وقت شدائد کے پڑھنا واسطے دفع مکروہات کے سریع الاثر ہے اور جو شخص خائف ہو تو کہے اَلرَّؤُفُ الْحَکِیْمُ الْمَنَّانُ (اے مہربان حکیم صاحب احسان) پڑھنے والا اس اسم کا امان پائے گا خوف سے اور جو شخص کہ اَلْحَکِیْمُ لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی کو زراعت پر چھڑکے وہ کھیت پاک و پاکیزہ رہے اور جو شخص کہ اکثر اَلْغَفُوْرُ (اے بخشنے والے) پڑھا کرے وسواس اس کا دفع ہو اور جو شخص پانی پر چالیس بار اَلشَّکُوْرُ (اے جزا دینے والے) پڑھے اور اس کے پانی سے آنکھوں کو دھوئے رمد یعنی آنکھ دکھنے کا عارضہ دفع ہو اور جو شخص کہ اسم اَلْعَلِیُّ (اے برتر کو) بہت پڑھے اور لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے حق تعالیٰ اس کو اقتدار

درمیان لوگوں کے کرے اور جو شخص کہ اَلْجَلِیْلُ (اے بزرگ) بہت
پڑھے جو اس سے ملاقات کرے گا توقیر و تعظیم سے پیش آئے گا اور جو شخص کہ
سوتے وقت اَلْکَرِیْمُ (اے صاحب بخشش) پڑھ کے سو جائے تو حق تعالیٰ
ملائکہ کو حکم فرمائے گا کہ اس کے لئے دعا خیر کرو اور کہو کہ تجھ کو امان ہے اور
جو شخص کہ اَلْقَرِیْبُ الْمُجِیْبُ (اے نزدیک اے دعا قبول کرنے والے بہت
پڑھے خدا اس کو امان میں رکھے۔ اور جو شخص اَلْوَاسِعُ (اے کشادہ) بہت
پڑھے اور اس کو جن دو آدمیوں میں کہ دشمنی ہو کھلا دے تو باہم دونوں میں
محبت ہو اور جو شخص اَلْمَجِیْدُ (اے بزرگ مرتبہ) بہت پڑھے جمیع آلام سے
شفا پاوے اور جو شخص کہ وقت خواب ستر بار اَلْبَاعِثُ (اے اٹھانے والے)
کہے اور اپنے سینے پر ہاتھ پھیرے خدا اس کے باطن کو زندہ اور اس کے دل
کو نورانی کرے اور اگر کوئی چیز ضائع ہو گئی ہو اور نہ ملتی ہو تو اسم اَلشَّهِیْدُ الْحَقُّ
کو کاغذ کے چاروں گوشوں پر لکھے اور درمیان میں نام ضائع شدہ شے کا لکھے اور
نصف شب کو زیر آسمان نگاہ کرکے ستر مرتبہ اَلشَّهِیْدُ الْحَقُّ (اے گواہ راستی)
کو کہے پس اس شخص کو حال اس چیز کا معلوم ہو جاوے اور جو شخص کہ اَلْوَکِیْلُ
(اے ضامن کار) کو ورد کرے خدا اس کو جلنے اور غرق ہونے سے محفوظ رکھے
اور جس کو خوف دشمن ہو ہزار گولیاں آٹے کی بناوے اور ہر گولی پر یَا قَوِیُّ
پڑھ کر پرند جانوروں کو کھلاوے شر دشمن سے محفوظ ہو اور جس کو عبادت خدا سے
نفرت ہو جی عبادت خدا میں نہ لگتا ہو وہ شخص ہاتھ سینے پر رکھ کر اَلْمُحْیِیْ
اَلْمُمِیْتُ (زندہ کرنے والے مارنیوالے) اطاعت خدا پر راغب ہوگا اور جو کوئی
مریض اور صاحب رمد یہ ۱۹ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اَلْحَیُّ (زندہ کرنے والا)
مریض شفا پاوے اور جو شخص کہ اَلْقَیُّوْمُ بہت پڑھے تصفیہ قلب حاصل ہو
اور جو شخص کہ کھانے پر اَلْوَاجِدُ پڑھ کر کھانا کھایا کرے تو اپنے باطن میں نور
پاوے گا اور ذکر اَلْمَاجِدُ خلوت میں باعث نورانیت کا ہوتا ہے اور پڑھنے والا
اَلصَّمَدُ (اے پاک) کا کبھی بھوکا نہیں رہتا اور جو کہ وقت وضو کے اَلْقَادِرُ
(اے قدرت رکھنے والے) بہت کہے وہ مدام دشمن پر غالب رہے گا اور جو
اَلْبَرُّ (اے صاحب احسان) بہت تلاوت کرے اس کا لڑکا بلوغ تک آفات
سے سالم رہے گا اور جو شخص کہ اَلتَّوَّابُ (اے توبہ قبول کرنے والے بہت
پڑھے خدا اس کی توبہ قبول کرے اور جو شخص بمقابلہ ظالم اَلرَّءُوْفُ (اے
مہربان) پڑھے وہ ظالم بانکسار پیش آوے اور مہربانی کرے اور جو شخص
کہ اَلسُّبُّوْحُ (اے لائق تعریف) روٹی پر لکھے بعد نماز جمعہ کے اسے کھاوے

وہ شخص فرشتہ خصلت ہووے اور جو شخص کہ اسم اَلْحَفِیْظُ بہت کہے حق تعالیٰ اسکی اولاد کو محفوظ رکھے اور جو شخص کہ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ (اے مالک ملک کے) بہت کہے خدا دونوں جہان میں غنی کرے گا۔ اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیْ کو جو شخص دس جمعہ اس ترکیب سے کہ ہر جمعہ کو دس ہزار بار پڑھے اور دس جمعہ تک ترک حیوانات بھی کرے خدا اس کو بہت جلد غنی کرے گا اور اگر ہمراہ اس اسم کے سورہ حمد کو بھی اسی طرح پڑھے تو یقیناً غنی ہوگا کذا فی المصباح اور جو شخص کہ پڑھے اسم اعظم کو بہ توجہ دل یَا مُعْطِیَ السَّائِلِیْنَ (عطا کرنے والے سوال کرنے والوں کے) تو خدا اس کو غنی کرے سوال کرنے سے اور جو شخص کہ سوتے وقت اَلْمَانِعُ (اے منع کرنے والے) بہت کہے خدا اس کے قرض کو ادا کرے اور جو شخص کہ ہزار مرتبہ اَلنُّوْرُ (اے روشن) پڑھے خدا اس کو نور ظاہری و باطنی عطا کرے اور جو شخص کہ اَلْهَادِیْ (اے ہدایت کرنے والے) بہت کہے اس کو معرفت خدا حاصل ہو اور جو شخص کہ ہزار بار اَلْبَدِیْعُ (اے پیدا کرنے والے) کہے حق تعالیٰ شدائد میں صبر عطا فرمائے اور جو کہ شخص کہ ہزار بار اَلصَّبُوْرُ (اے صبور) کہے حق تعالیٰ شدائد میں صبر عطا فرمائے اور جو کہ ہزار بار اَلْوَارِثُ (اے وارث) پڑھے وہ شخص ہدایت نیک پاوے اور جو شخص کہ سات ہفتہ تک حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ (کافی ہے اللہ حساب کرنے والا) بایں طریق کہ پنجشنبہ سے شروع کرے اور ہر روز ستر مرتبہ سات ہفتہ تک پڑھے حق تعالیٰ بے مشقت اس کے مطلب کو عطا فرمائے اور جس چیز سے خائف ہو نجات عطا فرمائے اور جو شخص کہ انگوٹھی پر اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (اے زندہ اور قائم) کندہ کرکے اپنے ہاتھ میں رکھے نامور خلائق ہو اور آفات سے امن میں رہے اور جو شخص کہ اسم اَلْحَفِیْظُ (اے نگہبان) بقدر اعداد حروف اسم کے پڑھے نہ ڈرے کسی سے اگرچہ تمام روئے زمین پر پھرے اور غرق اور حرق وغیرہ سے امن میں رہے اور واسطے خائفین کے سریع الاجابت ہے اور جو شخص کہ اَلْقَهَّارُ (اے قہر والے) پڑھے حق تعالیٰ محبت دنیا کی اس کے دل سے دفع کرے جو شخص کہ آخر شب کو ایام محاق میں یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ یَا ذُوالْبَطْشِ الشَّدِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ (اے قہر کرنے والے اے صاحب قدرت بزرگ کے تو ایسا ہے کہ نہیں ہے۔ طاقت انتقام اس کی کہ) پڑھے اور دشمن کے حق میں دعائے بد کرے۔ خدا قہر و غضب اپنا اس کے عدو پر نازل کرے اور شر دشمن سے ایمن رہے۔

دُعَائے ھلال

وقت دیکھنے ماہ نو کے انگشت شہادت سے اشارہ طرف چاند کے کرے۔ اور یہ دعا پڑھے اور دیکھنے ہلال کے نقوش ذیل اور ان اشیاء کو جو وقت دیکھنے ماہ نو کے متعلق ہیں دیکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

ابتداء کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بخشنے والا مہربان ہے

اَيُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيْعُ الدَّآئِبُ السَّرِيْعُ

اے پیدا کئے گئے تابعدار سختی کھینچنے والا تیز رفتار

الْمُتَرَدِّدُ فِيْ مَنَازِلِ التَّقْدِيْرِ الْمُتَصَرِّفُ

تردد کرنے والا بیچ منزلوں مقرر کی ہوئی کے تصرف کرنیوالا

فِيْ فَلَكِ التَّدْبِيْرِ اٰمَنْتُ بِمَنْ نَوَّرَ

آسمان تدبیر میں ایمان لایا میں ساتھ اللہ کے کہ روشن

بِكَ الظُّلَمَ وَاَوْضَحَ بِكَ الْبُهَمَ وَ

کیا تجھ سے تاریکی کو اور ظاہر کیا ساتھ تیرے امور مشتبہ کو اور

جَعَلَكَ اٰيَةً مِّنْ اٰيَاتِ مُلْكِهٖ وَ

کیا تجھ کو نشان نشانیوں بادشاہی اپنی سے اور

عَلَامَةً مِّنْ عَلَامَاتِ سُلْطَانِهٖ وَ

علامت علامتوں سلطنت اپنی سے اور

اَمْتَهَنَكَ بِالزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ

خوار کیا تجھ کو ساتھ زیادہ ہونے اور کم ہونے

وَالطُّلُوْعِ وَالْاُفُوْلِ وَالْاِنَارَةِ وَ
اور نکلنے کے اور ڈوبنے کے اور روشن ہونے کے اور
الْكُسُوْفِ فِيْ كُلِّ ذٰلِكَ اَنْتَ لَهٗ مُطِيْعٌ
سیاہ ہونے کے ان سب باتوں میں تو ہے واسطے اس کے
وَاِلٰى اِرَادَتِهٖ سَرِيْعٌ سُبْحَانَهٗ مَا
فرمانبردار اور طرف خواہش اس کی کے دوڑنے والا پاک ہے وہ
اَعْجَبَ مَا دَبَّرَ فِيْ اَمْرِكَ وَاَلْطَفَ
کیا تعجب ہے جو کچھ کہ مصلحت دیکھے تیرے کام میں اور مہربان تر
مَا صَنَعَ فِيْ شَانِكَ جَعَلَكَ مِفْتَاحَ
ہے جو کچھ کیا ہے تیرے حق میں کیا ہے تجھ کو کنجی مہینہ
شَهْرٍ حَادِثٍ لِاَمْرٍ حَادِثٍ
نو کی واسطے کام تازہ کے پس
فَاَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكَ وَخَالِقِيْ
طلب کرتا ہوں میں اللہ سے کہ پروردگار میرا اور پروردگار تیرا اور خالق
وَخَالِقَكَ وَمُقَدِّرِيْ وَمُقَدِّرَكَ
میرا اور خالق تیرا اور اندازہ کرنے والا میرا اور اندازہ کرنے والا تیرا
وَمُصَوِّرِيْ وَمُصَوِّرَكَ اَنْ يُّصَلِّيَ
اور بنانے والا میرا اور بنانے والا تیرا ہے یہ کہ رحمت بھیجے
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ يَّجْعَلَكَ
اوپر محمد اور آل ان کی کے اور یہ کہ کیا تجھ کو

هِلَالَ بَرَكَةٍ لَّا تَمْحَقُهَا الْأَيَّامُ وَ

چاند برکت کا نہ پھیرے اس کو دن اور

طَهَارَةٍ لَّا تُدَنِّسُهَا الْآثَامُ هِلَالَ

پاکیزہ کہ آلودہ نہ کریں اس کو گناہ ہلال امن

أَمْنٍ مِّنَ الْآفَاتِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ

کا آفتوں سے اور سلامتی کا بدبول

السَّيِّئَاتِ هِلَالَ سَعْدٍ لَّا نَحْسَ

سے ہلال نیک کہ نحوست نہیں

فِيْهِ وَيُمْنٍ لَّا نَكَدَ مَعَهٗ وَيُسْرٍ لَّا

اس میں اور مبارک کہ نہیں رنج ساتھ اس کے اور آسان کہ نہیں

يُمَازِجُهٗ عُسْرٌ وَّخَيْرٍ لَّا يَشُوْبُهٗ شَرٌّ

ملی ہے اس میں سختی اور ہلال نیک کے نہیں شامل ہے اس

هِلَالَ أَمْنٍ وَّإِيْمَانٍ وَّنِعْمَةٍ وَّ

میں بدی ہلال امن اور ایمان کا اور نعمت کا اور

إِحْسَانٍ وَّسَلَامَةٍ وَّإِسْلَامٍ اَللّٰهُمَّ

احسان کا اور سلامتی کا اور اسلام کا خداوندا

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْنَا

رحمت بھیج محمدؐ اور ان کی آل پر اور کر مجھ کو

مِنْ أَرْضٰى مَا طَلَعَ عَلَيْهِ أَزْكٰى مَنْ

رضامند کہ اس شخص سے کہ طلوع کیا ہے اوپر اس کے اور پاکیزہ تر

نَظَرَ اِلَیْہِ وَ اَسْعَدَ مَنْ تَعَبَّدَ
اس شخص سے کہ نظر کی ہے طرف اس کے اور نیک بخت کر اس شخص کا
لَکَ فِیْہِ وَ وَفِّقْنَا فِیْہِ لِلتَّوْبَۃِ
کہ عبادت کی ہے تیری اس میں اور توفیق دے ہم کو اس میں توبہ کی
وَ اعْصِمْنَا فِیْہِ مِنَ الْحَوْبَۃِ وَ
اور نگاہ رکھ ہم کو اس ماہ میں گناہ سے اور
احْفَظْنَا فِیْہِ مِنْ مُّبَاشَرَۃِ
محفوظ رکھ اس ماہ میں آمادگی نافرمانی اپنی
مَعْصِیَتِکَ وَ اَوْزِعْنَا فِیْہِ
سے اور توفیق دے ہم کو اس ماہ میں
شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَ اَلْبِسْنَا فِیْہِ
شکر نعمت اپنی کی اور پہنا ہم کو اس ماہ میں
جُنَنَ الْعَافِیَۃِ وَ اَتْمِمْ عَلَیْنَا
لباس عافیت کا اور تمام کر ہم پر
بِاسْتِکْمَالِ طَاعَتِکَ فِیْہِ الْمِنَّۃَ
بسبب کامل کرنے بندگی تیری کے بیچ اس کے نعمتیں بدرستی
اِنَّکَ الْمَنَّانُ الْحَمِیْدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
کے تو بہت نعمت دینے والا تعریف کیا گیا ہے اور رحمت نازل ہو اللہ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ
کی محمد پر اور آل پاک ان کی کے

لا اله الا الله موسیٰ کلیم الله	لا اله الا الله ابراهیم خلیل الله
لا اله الا الله عیسیٰ روح الله	لا اله الا الله محمد رسول الله

لا اله	الا الله	محمد	رسول	الله
لا اله	الا الله	۱۲	۲۲۳	۱۱۱
۱۲	۷۹	۷	۸۸	۱۲۲
۷۲	۱۳۸	۸۱۷	۷۷۱	۱۸۱

یا حیّ یا قیوم یا ذا الجلال والاکرام

یا الله	یا رحمٰن	یا رحیم	یا کریم
یا قادر	۹۵۱۳	یا الله عم	ه۹ھ ه
یا حیّ	ی۹۹ی	محمد ۹۲۵ ۹۲	ھھ ۵۵
یا قیوم	۷۱۲ ۱۲۸ ۱۱۲	۱۱۲ ۱۳۹۱۲	لا ۷ی ۳۱۱ ی ۵۲۲

سوعم	ھھ ۵۵	ی ۱ ۲۲۲
۳ا۳م ۵ ۶	محمد ۱۳۹۹	ی ۲۲۲ ۱۳۱۸
۹۵۱۳	ی۹ ی۹	۲۱۵۸۱۸۲

بسم الله	الرحمن	الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك
الرحمن	الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين
الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا
الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط
لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم
رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط
العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين
الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت
الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم
مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير
يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب
الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم
اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا
نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا	الضا
واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا	الضا	لين

جدول ہذا واسطے دیکھنے اشیاء مرقومہ کے جو مناسب ہر ماہ کے ہیں

اسمائے شہور	قول امام جعفر صادق	قول خواجہ نصیر الدین طوسی	قول بعضے اکابر	قول بعضے علماء	قول بعضے حکماء
محرم الحرام	پسران و زنان خوشرو	سبزہ	سونا چاندی	سورہ کہف	فیروزہ یا آب رواں
صفر المظفر	آئینہ یا سونا چاندی	آئینہ	آئینہ	سورہ ۳۰ ۳۲ ۳۰ حمعسق	ہتھیلی یا پائے گوزن
ربیع الاول	آب رواں یا فیروزہ	روئے مرد جواں	آب رواں	قل سمع اللہ	ساق پا یا روئے مرد جواں
ربیع الثانی	روئے چہار پایہ	آب رواں	گوسفند	تبارک الذی	آب رواں
جمادی الاول	قرآن ناطق	آب رواں	روپیہ یا چاندی	سورۃ المزمل	روئے پسران
جمادی الآخر	جواہر یا روپیہ	ہتھیلی	پسر محترم	سورۃ مدثر	زمین و آسمان
رجب المرجب	قرآن و دوات	فیروزہ	مصحف ناطق	سورۂ یٰسین	ہتھیلی یا قرآن
شعبان المعظم	فیروزہ یا مروارید	عورت خوبصورت	پھول	سورۂ جن	روئے صلحا و علماء
رمضان المبارک	مصحف و علماء	مصحف ناطق	شمشیر	سورہ محمدؐ	اہل و عیال
شوال المکرم	زنان	سبزہ یا باغ	سبزہ	سورۂ فتح	آب رواں یا فیروزہ
ذیقعدہ الحرام	جامۂ رنگین	پسر خورد	طفل	سورۂ نساء	آئینہ یا پشمینہ
ذی الحجہ الحرام	اسپ یا گوسفند	مروارید	رخسارہ زیبا	سورۂ حجر	قفل

ترکیب ختم سورۂ مبارکہ فاتحہ بہ تعداد اعداد حروف

ا (۱)	ل (۳۰)	ح (۸)	م (۴۰)	د (۴)	ہ (۵)	ر (۲۰۰)
ب (۲)	ع (۷۰)	ی (۱۰)	ن (۵۰)	ک (۲۰)	و (۶)	س (۶۰)
ت (۴۰۰)	ص (۹۰)	ط (۹)	ق (۱۰۰)	ذ (۵۰۰)	غ (۱۰۰۰)	ض (۸۰۰)

واسطے دفع سختی و آفات دنیوی و شر دشمن و ترقی رزق و دفع عسرت و حصول دولت کے

کے یہ عمل سورۃ فاتحہ حضرات آئمہ معصومین علیہم السلام سے منقول ہے اور
یہ ترکیب خاص واسطے محبان اہل بیت علیہم السلام کے ہے ترکیب اسکی
یہ ہے کہ عروج ماہ شب جمعہ میں طہارت کرے لباس پاکیزہ پہنے اور خوشبو
لگائے اور روزی حلال اور صدق مقال بھی ضروری ہے بعد اس کے درود شریف
اوّل و آخر ایک بار پڑھے اور جب لفظ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ط
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ط پر پہنچے اپنا مطلب جناب اقدس
الٰہی میں عرض کرے اور اس سورہ مبارکہ کو اکیس۲۱ روز تک پڑھے اور موافق
عدد حروف کے مثلاً پہلا دن الف کا ہے ایک بار دوسرا لام کا ہے۔
تیس۳۰ بار علیٰ ہذا القیاس جس حرف کا دن ہو اسی حرف کے عدد کے موافق تلاوت
کرے۔ انشاء اللہ تمام مطالب و مراد حسب دل خواہ حاصل ہوں مجرب ہے
وباللہ التوفیق وعلیہ التکلان

اسنادِ دعائے نور کبیر

حدیث میں وارد ہے کہ ایک روز جناب رسول خدا مسجد میں تشریف
فرما تھے کہ جبریل۴ امین پروردگار کی طرف سے حاضر خدمت ہوئے اور عرض
کی یا رسول اللہ حق تعالیٰ بعد تحفہ درود و سلام ارشاد فرماتا ہے کہ ہم نے
یہ ہدیہ تمہاری امت کے لئے بھیجا ہے تمہیں لازم ہے کہ دشمنوں سے
پوشیدہ رکھو اور نہ سکھاؤ کہ برکت سے اس دعا کی جو کچھ طلب کیا جائیگا
وہ عطا ہوگا جو کوئی اس دعا کو اپنے وظائف میں رکھے یعنی روزانہ بعد نماز
کے پڑھتا رہے تو ہر بلا اور آفت سے امن میں رہے گا۔ زخم تیر و شمشیر
اس پر اثر نہ کرے گا اور حاسدوں اور غمازوں کے فساد سے محفوظ رہیگا
اگر کوئی رکھتا ہو اور اس دعا کو نہ پڑھ سکتا ہو تو روزانہ اس کو ہاتھوں پر
لے کر بلند کرے اور عرض کرے کہ خداوندا اس دعا کی برکت سے میری مراد
بر لا۔ بہت جلد مراد اس کی بر آئے گی اور جو کوئی اپنے پاس رکھے چشم خلائق
میں عزیز ہو اور رزق و روزی اس پر کشادہ ہو اگر مسافر وقت سفر پڑھے یا
اپنے پاس رکھے بسلامتی واپس آئے جو کوئی مرتے وقت یہ دعا مردے کے
ہاتھ میں دے اور قبر میں دفن کرے عذاب قبر و فشار سے محفوظ رہیگا۔ اور
برکت سے اس دعا کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگر مومن پاک اعتقاد،
دوستدار اہلبیت اطہار ہوگا تو اس کی قبر نورانی ہوگی اور بروز قیامت

فرشتے اس کے واسطے براق و حلہ و شراب طہور و تاج کرامت لے کر نازل ہوں گے اور چہرے سے اس کے نور ساطع ہوگا، اہل محشر دیکھ کر تعجب کریں گے کہ یہ کونسا پیغمبر و صدیق ہے پس چاہیے کہ ہر مومن اس دعا کا ورد کرے اور اپنے پاس رکھے اور جو کوئی اس دعا کے اسناد میں شک لائے کافر ہو اور اس دعا کے اسناد عظمت اسقدر عظیم ہیں کہ اگر تمام درخت عالم کے بجائے قلم اور تمام پتے کاغذ اور فرشتگان اولین سے آخرین تک لکھ سکیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(میں اس جلیل القدر دعا کو بھی) رحمٰن و رحیم کے مبارک نام سے شروع کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ يَا نُوْرَ النُّوْرِ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَ

اے اللہ اے نور کو نور بنانیوالے (بیشک) تو اپنے نور ذاتی سے منور ہوکر

النُّوْرُ فِىْ نُوْرِ نُوْرِكَ يَا نُوْرُ اَللّٰهُمَّ

(مومنین کے دلوں میں) نورانی ہوا) اے نور محض ساری روشنیاں تیرے ہی نور کی

يَا عَزِيْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ

چھوٹ کا نتیجہ ہیں اے سب پر قابو رکھنے والے) بس تو ہی اپنی (خدائی) عزت سے

فِىْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ اَللّٰهُمَّ يَا

معزز ہے اور اے مخلوقات کو عزت دینے والے ساری عزتیں تیری ہی عزت کے صدقہ

جَلِيْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ

میں ہیں اے اللہ بے پناہ بزرگی والے تو اپنی ہی بزرگی سے بزرگ ہے (اسمیں کوئی شک

فِىْ جَلَالِ جَلَالِكَ يَا جَلِيْلُ اَللّٰهُمَّ

نہیں کہ) اے سب سے بزرگ ساری بزرگیاں تیری ہی بزرگی کیوجہ سے ہیں اے اللہ

يَا وَهَّابُ تَوَهَّبْتَ بِالْهِبَةِ وَالْهِبَةُ

اے معبود بخشش کرنیوالے، بس تو ہی نے (صحیح معنوں میں مخلوقات پر) بخشش کی

فِیْ هِبَةِ هِبَتِكَ يَا وَهَّابُ اَللّٰهُمَّ يَا

اور اے بخشش والے خدا یہ ساری بخشش تیری ہی بخشش کیوجہ سے ہیں۔ اے اللہ

عَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ

اے بڑی عظمت اور بڑائی والے حقیقی عظمت کا بس تو ہی مالک ہے اور (دنیا والوں

فِیْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَا عَظِيْمُ اَللّٰهُمَّ

کی) یہ ساری عظمتیں اے بڑی عظمت والے تیری ہی عظمت اور بزرگی کا باعث

يَا عَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِیْ

ہیں، اے اللہ اے بے پناہ جاننے والے پس تیرا ہی علم تو عین ذات ہے اور اے

عِلْمِ عِلْمِكَ يَا عَلِيْمُ اَللّٰهُمَّ يَا

(کلیات و جزئیات کے) جاننے والے تمام علماء کے علوم تیری ہی صفت علم کے ادنیٰ نمونے

قُدُّوْسُ تَقَدَّسْتَ بِالْقُدْسِ وَ

ہیں اے اللہ اے پاک پروردگار (بیشک) تو اپنی پاکیزگی سے پاک ہوا اور ساری

الْقُدْسُ فِیْ قُدْسِ قُدْسِكَ يَا

پاکیزگیاں تیری صفت قدس کے صدقہ میں ہیں اے

قُدُّوْسُ اَللّٰهُمَّ يَا جَمِيْلُ تَجَمَّلْتَ

اللہ اے ذاتی حسن والے تو اپنے ہی وصف

بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِیْ جَمَالِ

ذاتی و صفاتی سے جمیل ہوا اور ساری خوبصورتیاں تیرے ہی

جَمَالِكَ يَا جَمِيْلُ اَللّٰهُمَّ يَا سَلَامُ

پرتو جمال کا نتیجہ ہیں اے اللہ اے سلامتی اور

تَسَلَّمْتَ بِالسَّلَامِ وَالسَّلَامُ فِي سَلَامِ

نجات دینے والے تو ذاتی سلامتی کا مالک ہے اور (یہ) سلامتیاں تیری ہی

سَلَامِكَ يَا سَلَامُ اَللّٰهُمَّ يَا صَبُوْرُ

صفت سلامتی سے ہیں اے اللہ (اے گنہگاروں کو سزا

تَصَبَّرْتَ بِالصَّبْرِ وَالصَّبْرُ فِي

دینے میں صبر و تاخیر سے کام لینے والے، پس تو ہی صابر ہے

صَبْرِ صَبْرِكَ يَا صَبُوْرُ اَللّٰهُمَّ يَا

یہ سارے صبر تیری صفت صبر کا نمونہ ہیں اے اللہ اے

مَلِيْكُ تَمَلَّكْتَ بِالْمَلَكُوْتِ وَالْمَلَكُوْتُ

سارے مخلوقات کی بادشاہی کے مالک، بس تیرے ہی دست قدرت

فِي مَلَكُوْتِ مَلَكُوْتِكَ يَا مَلِيْكُ

میں حقیقتًا عنان سلطنت ہے اور ساری سلطنتیں تیری ہی عطا کی ہوئی

اَللّٰهُمَّ يَا رَبُّ تَرَبَّيْتَ بِالرُّبُوْبِيَّةِ

ہیں اے اللہ اے سارے جہان کے پالنے والے، بس تو ہی اپنی صفت

وَالرُّبُوْبِيَّةُ فِي رُبُوْبِيَّةِ رُبُوْبِيَّتِكَ

ربوبیت سے رب ہے اور ساری پرورشیں تیری ہی پروردگاری

يَا رَبُّ اَللّٰهُمَّ يَا مَنَّانُ تَمَنَّنْتَ

سے ہیں اے اللہ اے بے پناہ احسان کرنے والے تو ہی

بِالْمِنَّةِ وَالْمِنَّةُ فِي مِنَّةِ مِنَّتِكَ

احسان کرنے کا سزاوار ہے اور تمام (مخلوقات) کے احسانات تیرے ہی

يَا مَنَّانُ اَللّٰهُمَّ يَا حَكِيْمُ تَحَكَّمَتْ

احسان کا نتیجہ ہیں اے اللہ اے حکمت والے تیرے تمام احکام حکمت

بِالْحِكْمَةِ وَالْحِكْمَةُ فِيْ حِكْمَةِ

سے پر ہیں ، تیرا ہر کام حکمت سے مستحکم ہے اور ساری حکمتیں تیری

حِكْمَتِكَ يَا حَكِيْمُ اَللّٰهُمَّ يَا حَمِيْدُ

ہی حکمت سے ہیں اے حکیم مطلق اے اللہ اے تمام تعریفوں

تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِيْ

کا مستحق تو اپنی ذاتی خوبیوں کی وجہ سے لائق حمد ہے اور ساری تعریفیں

حَمْدِ حَمْدِكَ يَا حَمِيْدُ اَللّٰهُمَّ

تیری ہی حمد کے صدقہ میں ہیں اے اللہ

يَا وَاحِدُ تَوَحَّدْتَ بِالْوَحْدَانِيَّةِ

اے لاشریک بس تو ہی اپنی صفت وحدانیت سے ساری مخلوقات

وَالْوَحْدَانِيَّةُ فِيْ وَحْدَانِيَّةِ

پر اکیلا حکومت کرنے والا ہے اسمیں کوئی شک نہیں کہ سارا اکیلا

وَحْدَانِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ اَللّٰهُمَّ يَا

پن تیری وحدانیت کے سامنے ہیچ ہے اے اللہ اے

فَرْدُ تَفَرَّدْتَ بِالْفَرْدَانِيَّةِ وَ

بالکل اکیلا بس تو ہی اپنی یکتائی سے فرد رہا اور مخلوقات کی ساری

الْفَرْدَانِيَّةُ فِيْ فَرْدَانِيَّةِ فَرْدَانِيَّتِكَ

یکتائیاں تیری ہی یکتائیوں کا نمونہ ہیں

يَا فَرْدُ اَللّٰهُمَّ يَا حَلِيْمُ تَحَلَّمْتَ بِالْحِلْمِ
اے اللہ اے حلم کرنے والے بس تو ہی اپنے
وَالْحِلْمُ فِىْ حِلْمِ حِلْمِكَ يَا حَلِيْمُ
حلم سے حلیم ہے اور تمام نیک مزاجیاں تیرے ہی وصف حلم
اَللّٰهُمَّ يَا قَدِيْرُ تَقَدَّرْتَ بِالْقُدْرَةِ
کی وجہ سے ہیں اے اللہ لامحدود قدرت والے تو اپنی ہی صفت
وَالْقُدْرَةُ فِىْ قُدْرَةِ قُدْرَتِكَ يَا
قادریت سے قادر مختار ہے اور ساری قدرتیں اور خود مختاریاں تیری قدرت
قَدِيْرُ اَللّٰهُمَّ يَا قَدِيْمُ تَقَدَّمْتَ
کا عطیہ ہیں۔ اے اللہ اے ہمیشہ رہنے والے تو اپنے وصف
بِالْقِدَمِ وَالْقِدَمُ فِىْ قِدَمِ قِدَمِكَ
قدم سے قدیم ہے اور ساری ہمیشگیاں تیری ہی صفت قدامت سے
يَا قَدِيْمُ اَللّٰهُمَّ يَا شَاهِدُ تَشَهَّدْتَّ
ہیں اے اللہ اے (محمدؐ) کے نبوت کی گواہی دینے
بِالشَّهَادَةِ وَالشَّهَادَةُ فِىْ شَهَادَةِ
والے بس تو اپنے وصف شہادت میں یکتا ہے اور گواہی تیری گواہی
شَهَادَتِكَ يَا شَاهِدُ اَللّٰهُمَّ يَا
ہونے کے لحاظ سے کل گواہوں سے بالاتر ہے اے گواہی دینے والے
قَرِيْبُ تَقَرَّبْتَ بِالْقُرْبِ وَالْقُرْبُ
اے اللہ اے نزدیک اے رگ گردن سے قریب تر، تو اپنی صفت

فِیْ قُرْبِ قُرْبِكَ یَا قَرِیْبُ اَللّٰهُمَّ

قربت کی وجہ سے نزدیک ہے اور ساری نزدیکیاں تیری نزدیکی سے ہیں

یَا نَصِیْرُ تَنَصَّرْتَ بِالنُّصْرَةِ وَ

اے اللہ اے ہر حال میں مدد کرنے والے تو اپنے وصف نصرت سے مدد

النُّصْرَةُ فِیْ نُصْرَةِ نُصْرَتِكَ یَا

کرتا ہے اور ساری مددگاریاں تیری ہی نصرت سے

نَصِیْرُ اَللّٰهُمَّ یَا سَتَّارُ تَسَتَّرْتَ

ہیں اے اللہ اے پردۂ وحدت میں پوشیدہ رہنے والے)

بِالسَّتْرِ وَالسَّتْرُ فِیْ سَتْرِ سَتْرِكَ

اور اے گناہگاروں کی خطاؤں کو پردۂ رحمت میں چھپانے والے تو ذاتی

یَا سَتَّارُ اَللّٰهُمَّ یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ

ستاری کی وجہ سے پردہ پوش ہوا اور تمام پوشیدگیاں (مثلاً قائم آل محمد امام مہدیؑ کی روپوشی)

بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِكَ

تیری پردہ پوشی کا نمونہ ہیں۔ اے اللہ اے کفار و منافقین پر غضبناک ہونیوالے تو اپنی

یَا قَهَّارُ اَللّٰهُمَّ یَا رَازِقُ تَرَزَّقْتَ

جبر و تیت سے قہار ہے اور سارے دباؤ اور قہر و غضب تیری ہی ذات کو زیبا ہے اے اللہ

بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقِكَ

اے ساری مخلوقات کو رزق دینے والے تو اپنی ذاتی رزاقیت سے رزق دینے

یَا رَزَّاقُ اَللّٰهُمَّ یَا خَالِقُ تَخَلَّقْتَ

والا ہے اور ساری رزاقیاں تیری ہی رزاقی کا نمونہ ہیں۔ اے اللہ اے پیدا کرنیوالے

بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِیْ خَلْقِ خَلْقِكَ

تو اپنے ذاتی وصف (اخلاقی) سے (موجود ہوکر) سب کا حقیقی خالق بنا اور ساری خلقتیں

یَا خَلَّاقُ اَللّٰهُمَّ یَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ

(پیدا کرنے میں) تیرے حکم کی محتاج ہیں اے اللہ تمام مشکلوں اور مصیبتوں پیچیدہ

بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِیْ فَتْحِ فَتْحِكَ

گرہوں کو کھول کر فتح نصیب کرنے والے تو ہی صحیح معنوں میں فتاح ہے

یَا فَتَّاحُ اَللّٰهُمَّ یَا رَفِیْعُ تَرَفَّعْتَ

اور اسمیں کوئی شک نہیں کہ مخلوقات کی ساری فتحیں تیرے ہی دیئے ہوئے ناخن تدبیر

بِالرِّفْعَةِ وَالرِّفْعَةُ فِیْ رِفْعَةِ

کا نتیجہ ہیں ۱ اے اللہ اپنی ذاتی بلندی سے بلند ہونیوالے بس تو ہی بلند مرتبہ ہے اور

رِفْعَتِكَ یَا رَفِیْعُ اَللّٰهُمَّ یَا حَفِیْظُ

ساری بلندیاں و ترقیاں تیری وصف رفعت ہی سے ہیں اے اللہ اے بیمثل حفاظت

تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِیْ

کرنے والے تو ہی اپنی ذاتی حفاظت سے محفوظ ہے اور ساری حفاظتیں

حِفْظِ حِفْظِكَ یَا حَفِیْظُ اَللّٰهُمَّ

تیری ہی محافظت میں ہیں اے اللہ

یَا فَاضِلُ تَفَضَّلْتَ بِالْفَضْلِ وَ

اے ذاتی کمال کے مالک بس تو خود صاحب فضل بنا، بیشک ساری مخلوقات

الْفَضْلُ فِیْ فَضْلِ فَضْلِكَ یَا

کی فضیلتیں اور کمالات تیرے ہی فضل سے ہیں، اے اللہ

فَاصِلُ اَللّٰهُمَّ يَا وَاصِلُ تَوَصَّلْتَ

اے رشتۂ محبت قائم کرنیوالے تو ہی نے ملاپ کی تعلیم دی ہے۔ اور

بِالْوَصْلِ وَالْوَصْلُ فِىْ وَصْلِ

یہ سارے ملاپ (تیری ہی تعلیم کا نتیجہ ہیں) اور تیرے ہی وصال کے لئے

وَصْلِكَ يَا وَاصِلُ اَللّٰهُمَّ يَا

ہیں اے اللہ اے

فَاعِلُ تَفَعَّلْتَ بِالْفِعْلِ وَالْفِعْلُ

فاعل مختار تو نے جو کچھ کیا اپنے اختیارات سے کیا اور حقیقتاً اختیار

فِىْ فِعْلِ فِعْلِكَ يَا فَاعِلُ اَللّٰهُمَّ

تیرا اختیار ہے۔ اے اللہ اے انداز سے جمیع کائنات کو پیدا کرنے

يَا فَارِضُ تَفَرَّضْتَ بِالْفَرْضِ وَ

